16. "So let him not, who disbelieves in it and follows his (own vain) desire, divert you therefrom, lest you perish"

17. "And what is that in your right hand, O Moosa?"

18. He said: "This is my stick, whereon I lean, and wherewith I beat down fodder for my sheep, and for me there are many other purposes in it."

19. (ALLAH) said: "Cast it down, O Moosa!"

20. So he cast it down, and behold! It was a snake, moving quickly.

21. ALLAH said: "Seize it and have no fear. WE shall restore it to its former state."-

22. "And press your (right) hand to your (left) armpit side, it will come forth white (and shining), without any hurt as another sign;"-

23. "Yet WE may show you (ahead), of OUR Greater Signs."

24. "Go to Firaun! Verily, he has transgressed (all bounds)" | 1 | 24 | 10 |

25. (Moosa) said: "O my LORD! Open for me my chest,"-

26. "and ease my task for me;"-

27. "and loose the knot from my tongue;"-

28. "that they may understand my speech;"-

29. "and appoint for me a helper from my family;"-

هٰرُوْنَ اَخِی ﴿۳۰﴾ اشْدُدْ بِهٖۤ اَزْرِیْ ﴿۳۱﴾ وَ اَشْرِكْهُ فِیْۤ
ہارون جو میرا بھائی ہے ﴿۳۰﴾ اس کو میرا ساتھی بنا کر میری طاقت کو مضبوط فرمادے ﴿۳۱﴾ اور اسے میرے کاموں میں ہاتھ بٹانے والا
اَمْرِیْ ﴿۳۲﴾ كَیْ نُسَبِّحَكَ كَثِیْرًا ﴿۳۳﴾ وَّ نَذْكُرَكَ كَثِیْرًا ﴿۳۴﴾ اِنَّكَ
بنادے ﴿۳۲﴾ تاکہ ہم دونوں آپ کی پاک ہستی کا ذکر کریں ﴿۳۳﴾ اور آپ کے ذکر کا بہت بہت پرچار کریں ﴿۳۴﴾ بیشک آپ
كُنْتَ بِنَا بَصِیْرًا ﴿۳۵﴾ قَالَ قَدْ اُوْتِیْتَ سُؤْلَكَ یٰمُوْسٰی ﴿۳۶﴾
تو ہم کو خوب خوب دیکھ رہے ہیں ﴿۳۵﴾ رب کا ارشاد ہوا کہ موسیٰؑ تمہارا سوال ہم نے منظور فرمالیا ﴿۳۶﴾
وَ لَقَدْ مَنَنَّا عَلَیْكَ مَرَّةً اُخْرٰۤی ﴿۳۷﴾ اِذْ اَوْحَیْنَاۤ اِلٰۤی اُمِّكَ
اور بلاشبہ ہم اس کے پہلے بھی تم پر احسان کرچکے ہیں ﴿۳۷﴾ جب ہم نے تمہاری ماں کی طرف حکم بھیجا تھا وہ آگے تم
مَا یُوْحٰۤی ﴿۳۸﴾ اَنِ اقْذِفِیْهِ فِی التَّابُوْتِ فَاقْذِفِیْهِ فِی
کو بھی سنا دیتے ہیں ﴿۳۸﴾ ہم نے تمہاری ماں سے فرمایا تھا کہ اس کو یعنی موسیٰؑ کو صندوق میں رکھ کر، صندوق کو بہتے دریا میں ڈال دو،
الْیَمِّ فَلْیُلْقِهِ الْیَمُّ بِالسَّاحِلِ یَاْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّیْ وَ
اب یہ کام پانی کا ہے کہ وہ ساحل کے کنارے پر اس صندوق کو لے جائے گا جہاں میرے اور موسیٰؑ کے دشمن کے ہاتھ یہ صندوق پہنچ جائے گا
عَدُوٌّ لَّهٗ ؕ وَ اَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ ۚ۬ وَ لِتُصْنَعَ عَلٰی
اور میں نے تم پر اپنی محبت کا اثر ڈال دیا اور میری نگرانی میں تمہاری پرورش دشمن کے راج محل میں ہوتی
عَیْنِیْ ﴿۳۹﴾ اِذْ تَمْشِیْۤ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰی مَنْ
رہی ﴿۳۹﴾ جب کہ تمہاری بہن دریا کے کنارے چل آرہی تھی بولی کیا میں تم کو ایسے گھر والوں کا پتہ دوں جو اس
یَّكْفُلُهٗ ؕ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰۤی اُمِّكَ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَ لَا
بچے کی اچھی طرح پرورش کردیں اس طرح ہم نے تم کو تمہاری ماں کے پاس پہنچا دیا تاکہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی
تَحْزَنَ ؕ۬ وَ قَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّیْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَ فَتَنّٰكَ
ہوں اور ان کا غم دور ہوجائے اور تم نے ایک آدمی کا قتل بھی کردیا تھا ہم نے اس غم کو بھی دور کردیا اور ہر آزمائش میں ہم نے
فُتُوْنًا ۫۬ فَلَبِثْتَ سِنِیْنَ فِیْۤ اَهْلِ مَدْیَنَ ۙ۬ ثُمَّ جِئْتَ
تم کو کامیاب کردیا پھر مدین میں تم کئی برس رہے اور تم ایک خاص اندازے پر آگئے
عَلٰی قَدَرٍ یّٰمُوْسٰی ﴿۴۰﴾ وَ اصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِیْ ﴿۴۱﴾ اِذْهَبْ
اے موسیٰؑ ﴿۴۰﴾ اور میں نے اپنے کام کے لئے تم کو خاص طور پر پسند فرمالیا ﴿۴۱﴾ اب تم جاؤ میری نشانیاں
اَنْتَ وَ اَخُوْكَ بِاٰیٰتِیْ وَ لَا تَنِیَا فِیْ ذِكْرِیْ ﴿۴۲﴾ اِذْهَبَاۤ
لے کر اور اپنے بھائی کو بھی ساتھ کرلینا اور میرے ذکر میں ذرا بھی سستی نہ برتنا ﴿۴۲﴾ فرعون کی طرف

ف۳۰ اس آیت میں کئی باتیں معلوم کرنی چاہیے۔ اول یہ کہ حضرت موسیٰؑ کی ایک بہن بھی تھی اور نبی کو بھائی بہن ہونا ثابت ہوا کہ ہارون علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام کے بھائی تھے۔
(۲) اولاد آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔
(۳) حضرت موسیٰؑ نے مدین میں گھر بسا کر آباد کیا اور کئی سال وہاں رہے معلوم ہوا کہ نبی کے گھر بار بیوی بچے بھی ہوتے ہیں دیکھئے مزید تفصیل کے لئے سورۂ قصص آیت ۱۱، ۱۲ اور ۲۰۔

وقف لازم

30. हारून जो मेरा भाई है।	30. "Haroon my brother"-
31. उस को मेरा साथी बना कर मेरी ताकत को मज़बूत फरमा दे।	31. "strengthen me through him;"
32. और उसे मेरे कामों में हाथ बटाने वाला बना दे।	32. "and associate him in my task;"
33. ताकि हम दोनों आप की तारीफ (प्रशंसा) बयान करते रहें।	33. "that we (both of us) may glorify YOU much;"
34. और आप के ज़िक्र का बहुत बहुत प्रचार करें।	34. "and may make mention of YOUR attributes (of perfection);"
35. बेशक आप तो हम को खूब खूब देख रहे हैं।	35. "Verily, YOU are of us ever a beholder."
36. रब का हुक्म हुआ कि मूसा तुम्हारा सवाल हम ने मंज़ूर फरमा लिया।	36. ALLAH said: "You are granted your request, O Moosa !"
37. और बेशक हम इस के पहले भी तुम पर एहसान कर चुके हैं।	37. "And indeed WE conferred a favour on you another time (before this, without your petition).
38. जब हम ने तुम्हारी माँ कि तरफ हुक्म भेजा था (वह तुम को भी सुना देते हैं)।	38. "When WE inspired your mother with that which WE inspired;"-
39. हम ने तुम्हारी माँ से फरमाया था कि इस को यानी मूसा को लकड़ी की पेटी में रख कर, सन्दूक को बहते दरिया में डाल दो, अब यह काम पानी का है कि वह दरिया के किनारे पर इस सन्दूक को ले जाएगा, जहाँ मेरे और मूसा के दुश्मन के हाथ यह सन्दूक पहुँच जाएगा और मैंने तुम पर अपनी मुहब्बत का असर डाल दिया और मेरी निगरानी में तुम्हारी परवरिश दुश्मन के राज महल में होती रही।	39. "saying: 'Put him, (the child), into the box and cast it into the river (Nile), then the river will cast it up on the bank, and then there, an enemy of MINE and an enemy of his shall take him up.' And I endued you with love from ME, in order that you may be brought up under MY watch (and guard, protected and honoured)."
40. जब कि तुम्हारी बहन दरिया के किनारे चली आ रही थी बोली क्या मैं तुम को ऐसे घर वालों का पता दूँ जो इस बच्चे को अच्छी तरह पाल पोस दें, इस तरह हम ने तुम को तुम्हारी माँ के पास पहुँचा दिया ताकि उन की आँखें ठन्डी हों और उन का गम दूर हो जाए और तुम ने एक आदमी का कत्ल भी कर दिया था हम ने इस गम को भी दूर कर दिया और हर इम्तेहान में हम ने तुम को कामयाब कर दिया फिर मदयन में तुम कई बरस रहे और तुम एक खास अन्दाज़े पर आ गए ऐ मूसा।	40. "When your sister was walking along (upon the bank to see whither you would be carried,) and then said: 'Shall I direct you to one who will nurse him?' Thus WE restored you to your mother, that she might cool her eyes and she might not grieve. Then you did kill (unintentionally though,) a person; but WE saved you from great distress, and tried you with several trials. Then you stayed a number of years with the people of Madyan. Then you have come here according to the (fate), fixed term, which I ordained (for you), O Moosa!"
41. और मैं ने अपने काम के लिए तुम को खास तौर पर पसंद फरमाया है।	41. "And (thus) I formed you for MY services."
42. अब तुम जाओ मेरी निशानियाँ लेकर और अपने भाई को भी साथ कर लेना और मेरे ज़िक्र में ज़रा भी सुस्ती न बरतना।	42. "Go then you, and your brother with MY Signs and do not slacken in MY remembrance."

اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿٤٣﴾ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ

تم دونوں کو جانا ہے کہ وہ بہت ہی شرارت پر آ گیا ہے ﴿۴۳﴾ اس کو بات نرمی سے کہنا تاکہ اس کے دھیان میں آ جائے اور وہ

يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ﴿٤٤﴾ قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ

ڈر جائے ﴿۴۴﴾ انھوں نے عرض کیا کہ اے ہمارے پروردگار ہمیں خوف ہے کہ جاتے ہی فرعون ہم پر ہاتھ

عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ﴿٤٥﴾ قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ

ڈال دے گا یا ہم پر ٹوٹ پڑے گا ﴿۴۵﴾ رب نے فرمایا خوف نہ کرو میں تمہارے ساتھ ہوں خوب سنتا ہوں اور خوب

اَسْمَعُ وَاَرٰى ﴿٤٦﴾ فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ

دیکھتا ہوں ﴿۴۶﴾ اللہ نے ارشاد فرمایا کہ تم دونوں اس کے پاس پہنچو اور کہو ہم کو تیرے رب کی طرف سے بھیجا گیا ہے کہ

مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ۭ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ

بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ جانے کی اجازت دے اور ان کو تکلیف نہ دے ہم تیرے رب کی نشانی لے کر تیرے

مِّنْ رَّبِّكَ ۭ وَالسَّلٰمُ عَلٰي مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿٤٧﴾ اِنَّا قَدْ

پاس پہنچے ہیں سلامتی ہے ایسے ہر شخص پر جو سیدھی راہ پر چل پڑے ﴿۴۷﴾ ہم کو اللہ کا یہ حکم

اُوْحِيَ اِلَيْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰي مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿٤٨﴾ قَالَ

پہنچ چکا ہے کہ جو شخص بھی سچ بات کو جھٹلائے گا اور سرکشی کرے گا اسے عذاب میں دھر لیا جائے گا ﴿۴۸﴾ جواب میں فرعون

فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ﴿٤٩﴾ قَالَ رَبُّنَا الَّذِيْٓ اَعْطٰي كُلَّ شَيْءٍ

بولا کہ موسیٰ تم دونوں کا رب کون ہے ﴿۴۹﴾ موسیٰ نے فرمایا کہ ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر مخلوق کی ضرورت کے لحاظ سے اس کی

خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ﴿٥٠﴾ قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى ﴿٥١﴾

بناوٹ کا سانچہ مخصوص کر دیا پھر رہنمائی عطا فرمائی ﴿۵۰﴾ فرعون بولا کہ پچھلے زمانہ کے لوگوں کا کیا حال بنا ﴿۵۱﴾

قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ فِيْ كِتٰبٍ ۚ لَا يَضِلُّ رَبِّيْ وَلَا يَنْسَى ﴿٥٢﴾

موسیٰ نے جواب دیا کہ ان کے بارے میں معلومات میرے رب کے پاس دفتر میں محفوظ ہے میرے رب سے کوئی بھول چوک نہیں ہو سکتی ﴿۵۲﴾

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ فِيْهَا

میرے رب کی یہ شان ہے کہ تمہارے لئے زمین کو اس نے بچھونا بنا دیا اور زمین میں تمہاری ضرورت کے لئے کشادہ

سُبُلًا وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً ۭ فَاَخْرَجْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا

راستے بنائے اور آسمان سے پانی نازل فرمایا تب ہم اس زمین سے اگنے والی طرح طرح کی

مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰى ﴿٥٣﴾ كُلُوْا وَارْعَوْا اَنْعَامَكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ

چیزیں پیدا کرتے ہیں ﴿۵۳﴾ اس میں سے کھاؤ اور اپنے جانوروں کو بھی کھلاتے رہو یقیناً سوجھ بوجھ رکھنے والوں

ف۴۳ اللہ کو معلوم تھا کہ فرعون کچھ ماننے والا نہیں پھر بھی حضرت موسیٰ کو ہدایت فرمائی کہ نرم کلامی سے بات سمجھاؤ تاکہ حجت پوری ہو۔ آج کے مبلغین اسلام کے لئے بھی ضروری ہے کہ دعوت کے کاموں میں درشتی اور چرب زبانی، اشتعال اور غضب سے بچ کر دعوت کا کام سلیقہ مندی دلسوزی اور خوش خلقی سے انجام دیں ہمارے لئے (۱۶) سورۂ نحل آیت ۱۲۵ میں دعوت کے کام کا عمومی انداز بتا دیا گیا ہے۔

ف۴۵ حضرت موسیٰ فرعون کے مزاج سے واقف تھے چونکہ وہ خود فرعون کے محل میں بچپن سے جوانی تک رہ چکے تھے اس لئے اللہ کے حضور عرض کیا کہ جاتے ہی ہم پر ہاتھ چھوڑے گا اور غصہ میں لال پیلا ہو کر بھڑک کر چڑھائی کرے گا اللہ نے بہت ہمت دلائی کہ میں جب آپ کے ساتھ ہوں پھر کس بات کی فکر ہے؟ جب کہ میں خود تمہارے حال سے واقف ہوں اور ایک ایک بات کو سنتا ہوں اور دیکھ بھی رہا ہوں۔

ف۴۷ سیاسی لیڈروں کی طرح حضرت موسیٰ نے فرعون کو یہ نہیں کہا کہ تو اس ملک سے نکل جا یا اپنی بادشاہت چھوڑ کر ہم کو اختیار دے بلکہ یہ فرمایا کہ اسرائیل لوگوں کو لے کر ہم تیرے ملک سے چلے جانا چاہتے ہیں کہ تو ان کو بہت ہی ستاتا ہے اور پریشان کئے ہوئے ہے خدا کی زمین میں جہاں جگہ ملے گی ہم وہاں چلے جائیں گے تجھ پر بوجھ بننا نہیں چاہتے اور تیرے ستم کا نشانہ بھی نہیں بنیں گے۔

ف۴۹ فرعون خود رب ہونے کا دعوے دار تھا حضرت موسیٰ نے اپنا رب اللہ کو بتایا تب پوچھا کہ موسیٰ تمھارا رب کون ہے؟

43. फिरऔन की तरफ तुम दोनों को जाना है वह बहुत ही शरारत पर आ गया है।

44. हाँ मगर बात नरमी से कहना ताकि उस के ध्यान में आए और वह डरने लगे।

45. उन्होंने अर्ज किया कि ऐ हमारे पालनहार हमें खौफ है कि जाते ही फिरऔन हम पर हाथ डाल देगा या हम पर टूट पड़ेगा।

46. रब ने फरमाया खौफ न करो मैं तुम्हारे साथ हूँ खूब सुनता हूँ और खूब देखता हूँ।

47. अल्लाह ने फरमाया कि तुम दोनों उस के पास पहुँचो और कहो हम को तेरे रब की तरफ से भेजा गया है कि बनी इसराईल को हमारे साथ जाने की इजाज़त दे और उन को तकलीफ न दे हम तेरे रब की निशानी ले कर तेरे पास पहुँचे है सलामती है ऐसे शख्स पर जो सीधी राह पर चल पड़े।

48. हम को अल्लाह का यह हुक्म पहुँच चुका है कि जो शख्स भी सच बात को झुठलायेगा और मुंह फेरेगा उसे अज़ाब मे धर लिया जायेगा।

49. जवाब में फिरऔन बोला कि मूसा तुम दोनों का रब कौन है ?

50. मूसा ने फरमाया कि हमारा रब वह है जिस ने हर मख़लूक की ज़रूरत के लिहाज़ से उस की बनावट का सांचा खास कर दिया फिर रहनुमाई अता फरमा दी।

51. फिरऔन बोला अगले ज़माने के लोगों का क्या हाल बना।

52. मूसा ने जवाब दिया कि उन के बारे में मालूमात मेरे रब के पास दफ्तर में महफूज़ है मेरे रब से कोई भूल चूक नहीं हो सकती।

53. मेरे रब की यह शान है कि तुम्हारे लिए ज़मीन को उस ने बिछौना बना दिया और ज़मीन में तुम्हारी ज़रूरत के लिए रास्ते बनाए और आसमान से पानी उतारा बस फिर हम इस ज़मीन से उगने वाली तरह तरह की चीज़ें पैदा करते हैं।

43. "Go, both of you, to Firaun; verily he has transgressed (all bounds as a tyrant)."

44. "But speak to him gently, perhaps he may accept admonition or fear (ALLAH)!"

45. They said: "Our LORD! Verily, we fear that he may hasten to punish us or may transgress (yet more)!"

46. HE (ALLAH) said: "fear not, verily, I am with you both, Hearing and Seeing."

47. "So go to him, and say: 'Verily, we are Messengers of your LORD, so let the Children of Israil go with us and do not chastise them; indeed we have come to you with a Sign from your LORD; and peace will be upon him who follows the guidance.'"

48. "'Truly, it has been revealed to us that the torment will be for him who denies and turns away.'"

49. Firaun said: "Who then, O Moosa, is the LORD of you two, (Who proclaims authority over me),?"

50. (Moosa) said: "Our LORD is HE who gave to each thing its existence (and nature), then guided it (aright)."

51. (Firaun) said: "then what did happen to the former generations?"

52. (Moosa) said: "that knowledge is with my LORD in the Book (of record); my LORD is neither unaware nor HE forgets;"-

53. "Who has made earth for you like a bed (spread out); and has opened for you the pathways therein; and has sent down water, (rain), from the sky." And WE have brought forth with it various kinds of vegetation, (all manner of plants).

منزل ۴

ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِى النُّهٰى ﴿٥٤﴾ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَ
کے لئے اس میں نشانیاں موجود ہیں ﴿٥٤﴾ اسی زمین سے ہم نے تم کو پیدا کیا اور اسی

فِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ﴿٥٥﴾
میں واپس ڈال دیں گے اور اسی میں سے دوسری بار تم کو نکال کھڑا کریں گے ﴿٥٥﴾

وَلَقَدْ اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَاَبٰى ﴿٥٦﴾ قَالَ
ہم نے فرعون کو طرح طرح کی اپنی نشانیاں دکھا دیں پھر بھی اس نے جھٹلایا اور نہیں مانا ﴿٥٦﴾ فرعون بولا

اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يٰمُوْسٰى ﴿٥٧﴾
لگاکہ اے موسیٰ کیا تم ہمارے پاس اس لئے آئے ہو کہ ہمارے ملک سے ہمیں اپنے جادو کے زور سے نکال باہر کرو ﴿٥٧﴾

فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ
پھر بھی ہم تیرے مقابلے میں ایسا ہی جادو لا سکتے ہیں ہمارے اور تیرے درمیان مقرر دن کا ابھی سے وعدہ کرلے ہم

مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَا اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ﴿٥٨﴾
اس کے خلاف نہ کریں گے تم بھی اس کے خلاف نہ کرنا اور کھلے میدان میں مقابلے پر ہم تم آمنے سامنے آجائیں ﴿٥٨﴾

قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ
موسیٰ نے فرعون کے چیلنج کو قبول کرلیا کہ منظور ہے آج ہی سے طے ہو جائے کہ جشن کے دن جب میلہ لگتا ہے کھلے میدان میں دن چڑھے

ضُحًى ﴿٥٩﴾ فَتَوَلّٰى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ﴿٦٠﴾
کو جمع کرلیا جائے ﴿٥٩﴾ فرعون الٹے پاؤں واپس ہو کر تدبیر کرنے میں جٹ گیا اور مقابلے پر آگیا ﴿٦٠﴾

قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا
موسیٰ نے کہا اللہ کے مقابلے میں جھوٹ کو پیش نہ کرو ورنہ برباد ہو جاؤ گے اور عذاب میں اللہ تم کو فنا کر ڈالے گا اور

فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ ۚ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى ﴿٦١﴾
یاد رکھو کہ جو بھی بناوٹی بات چلائے گا نامراد ہوگا ﴿٦١﴾

فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ﴿٦٢﴾
حضرت موسیٰ کی اس نصیحت سے مجمع کے لوگ آپس میں الجھ پڑے کہ اب ان کا کام کس طرح بنے اور چھپ چھپ کر کانا پھوسی کرنے لگے ﴿٦٢﴾

قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ
پھر زبردست لوگوں نے مجمع کو سنبھالا اور اعلان کرایا کہ یہ دونوں کے دونوں جادوگر ہیں ان کا ارادہ ہے کہ اپنے جادو کے بل پر تم سب کو اپنی

مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ
زمین اور اپنے ملک سے کھدیڑ کر باہر کر دیں اور تمہارے مثالی طریقہ زندگی کو

ع ۲

وف۵ فرعون بڑا سیاسی آدمی تھا بات کا اُلٹا رخ بنا کر عوام کو فریب دینے کے لئے حضرت موسیٰ کو کہنے لگا کیا جادو کے زور سے ہمیں ہمارے ہی ملک سے نکال دینا چاہتے ہو جب کہ حضرت موسیٰ نے فرعون سے کبھی نہیں کہا کہ تو یہاں سے نکل جا اور حکومت ہم کو دیدے بلکہ حضرت موسیٰ نے یعقوبی نسل اور ابراہیمی دعوت سے منسوب قوم بنی اسرائیل کو اپنے ساتھ لے کر مصر سے چلے جانے کی فرعون سے اجازت طلب کی تھی کہ جب بنی اسرائیل پر تو اتنا ظلم و ستم توڑ رہا ہے تو میں اس قوم کو لے کر ملک مصر سے چلا جاتا ہوں تو جان اور تیری سلطنت جانے۔ ایسے صاف اور بے ضرر مطالبے کے معنی بدل کر فرعون اتنا مظلوم بن گیا کہ موسیٰ تم تو ہم کو اپنے جادو کے زور سے ہمارے ملک سے نکال دینا چاہتے ہو آج کے COMMERCIAL کاروباری اور پیشہ ور سیاست داں بھی عالمی سطح پر ایسی ہی حرکتیں کئے جا رہے ہیں اور یہ فرعونی سکہ ہر سیاست داں آج بھی چلاتا ہے چاہے ٹکسال پرانی ہو اور سکہ نیا۔

وف۵۹ انسانوں میں سب سے زیادہ عقل مند اور ہوشیار نبیا اور رسول اللہ کے نبی ہوتے ہیں حضرت موسیٰ نے فوراً اس مقابلے کے دن کا وعدہ کرلیا۔ فرعون شاید یہ سمجھتا رہا ہوگا کہ میری اتنی بڑی حکومت اور فوج پھر جادوگروں کی بھیڑ میں اکیلے موسیٰ کیا ٹھہر سکیں گے لیکن حضرت موسیٰ نے دُنے بچنے اور سوچنے کا موقع نہ دے کر مقابلے کے لئے مصر کے قومی تہوار کے بڑے دن کی تجویز پیش کر کے فرعون سے قبول کروالی۔

54. इस में से खाओ और अपने जानवरों को भी खिलाते रहो यकीनन सूझ बूझ रखने वालों के लिए इस में निशानियाँ मौजूद हैं।

55. इसी ज़मीन से हम ने तुम को पैदा किया और इसी में वापस डाल देंगे और इसी में से दूसरी बार तुम को निकाल खड़ा करेंगे।

56. हम ने फिरऔन को तरह तरह की अपनी निशानियाँ दिखा दीं फिर भी उस ने झुठलाया और नहीं माना।

57. फिरऔन बड़बड़ाने लगा कि ऐ मूसा क्या तुम हमारे पास इस लिए आए हो कि हमारे मुल्क से हमें जादू के ज़ोर से निकाल बाहर करो।

58. फिर भी हम तेरे मुक़ाबले में ऐसा ही जादू ला सकते हैं, हमारे और तेरे दरमियान मुक़र्रर दिन का अभी से वादा कर ले, हम भी इस के ख़िलाफ न करेंगे तुम भी इस के ख़िलाफ न करना और खुले मैदान में मुक़ाबले पर हम तुम आमने सामने आ जायें।

59. मूसा ने फिरऔन के चेलेंज को कबूल कर लिया कि मंज़ूर है आज ही से तय हो जाए कि जश्न के दिन जब मेला लगता है तब खुले मैदान में दिन चढ़े जनता को जमा कर लिया जाए।

60. फिरऔन उल्टे पाँव वापस हो कर तदबीर करने में जुट गया और मुकाबले पर आ गया।

61. मूसा ने कहा अल्लाह के मुकाबले में झूठ को पेश न करो वरना बर्बाद हो जाओगे और अज़ाब में अल्लाह तुम को फना कर डालेगा और याद रखो कि जो भी बनावटी बात चलायेगा नामुराद होगा।

62. हज़रत मूसा की इस नसीहत से मजमे के लोग आपस में उलझ पड़े कि अब उन का काम किस तरह बने और छुप छुप कर कानाफूसी करने लगे।

63. फिर ज़िम्मेदार लोगों ने मजमे को संभाला और एलान कराया कि यह दोनों के दोनों जादूगर हैं इन का इरादा है कि जादू के बल पर तुम सब को अपनी ज़मीन और अपने मुल्क से खदेड़ कर बाहर कर दें और तुम्हारी मिसाली ज़िन्दगी को एकदम बदल डालें।

54. Eat and pasture your cattle, (therein); verily, in this are signs for men of understanding. 2 30 11

55. Thereof (the earth) WE created you, and to it WE shall return you, and from it WE shall bring you out once again!

56. And indeed WE showed him (Firaun), all OUR Signs and Evidences, but he denied and rejected.

57. He (Firaun) said: "Have you come to us that you may drive us out of our land by your magic, O Moosa?"

58. "So we shall confront you with a like magic; so appoint a meeting between us and you, which neither we, nor you shall fail to keep, in an open wide place, where both shall have a just and equal chance."

59. (Moosa) said: "Your appointed meeting is the day of the festival, and let the people assemble when the sun has risen, (forenoon)."

60. Then Firaun withdrew, devised his stratagem, (called the wise men and magicians,) and then came back.

61. Moosa said to them: "Woe unto you! Invent not a lie against ALLAH, lest HE should destroy you completely by a torment. And surely he who fabricates a lie (against ALLAH) will fail miserably."

62. Then they debated with one another (about) their affair (as to what they must do, but) they kept their private counsel secret.

63. They said: "Verily, these two are magicians, intending to drive you out from your land by their magic and to do away with your superior way."

الْمُثْلٰى ﴿٦٣﴾ فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ وَقَدْ

یکسر بدل ڈالیں ﴿٦٣﴾ اپنی صفوں میں انتشار نہ ہونے دو اور اپنے تمام ہتھکنڈے جمع کرکے قطار باندھ کر کھڑے رہو،

اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى ﴿٦٤﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ

آج جو کوئی جیت جائے گا وہی غالب ہوگا ﴿٦٤﴾ مقابلہ کے وقت جادوگر بولے! اے موسیٰ!

تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ﴿٦٥﴾ قَالَ

تم ڈالو یا ہم اپنا کرتب پہلے ڈال کر دکھائیں ﴿٦٥﴾ کہا بلکہ تم

بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ

ہی ڈالو بس جیسے ہی جادوگروں نے اپنا کرتب ڈالا تو اُن کی رسیاں اور لاٹھیاں جادو اور نظر بندی کے سبب

مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ﴿٦٦﴾ فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ

موسیٰ کے خیال میں ایسی دکھنے لگیں جیسے کہ دوڑتی ہوں ﴿٦٦﴾ تب موسیٰ نے اپنے جی میں ایک چھپا ہوا

خِيْفَةً مُّوْسٰى ﴿٦٧﴾ قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ

خوف محسوس کیا ﴿٦٧﴾ ہم نے فرمایا کہ موسیٰ تم نہ ڈرنا یقیناً تم ہی غالب

الْاَعْلٰى ﴿٦٨﴾ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۭ

رہو گے ﴿٦٨﴾ موسیٰ تمہارے سیدھے ہاتھ میں جو ہے اسے ڈال دو اُن کے تمام کرتوت کو نگل جائے گا دراصل

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿٦٩﴾

انھوں نے جادو کی تدبیر چلائی ہے اور جادوگر چاہے جہاں بھی آوے کامیاب ہرگز نہیں ہو سکتے ﴿٦٩﴾

فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ

جادوگر سب کے سب سجدے میں گر پڑے اور پکار کر اعلان کر دیا کہ ہم ایمان لے آئے ہارون اور موسیٰ

وَمُوْسٰى ﴿٧٠﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۭ اِنَّهٗ

کے رب پر ﴿٧٠﴾ فرعون دہاڑ کر چلایا کہ تم میری اجازت کے پہلے ایمان میں آ گئے بس اب معلوم ہوا کہ بیشک موسیٰ ہی

لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ

تمہارا بڑا استاد ہے جس نے تم کو جادو سکھایا ہے، اب تو میں تمہارا ایک طرف کا ہاتھ اور دوسری طرف کا پاؤں

وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ

کاٹ کر رکھ دوں گا پھر پھانسی دے کر کھجور کی ڈالیوں پر لٹکا دوں گا اور تم کو پتہ چل جائے گا کہ ہم میں سے کس کی

النَّخْلِ ۡ وَلَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَآ اَشَدُّ عَذَابًا وَّاَبْقٰى ﴿٧١﴾ قَالُوْا

سزا بہت سخت ہے اور کس کی دی ہوئی تکلیف زیادہ دیر تک باقی رہے گی ﴿٧١﴾ جادوگروں

ف۶۹ جادوگر اور جادو کا علم ہر جگہ ذلیل و خوار ہے۔ کہیں بھی جادو کے بل پر نہ حکومت چل سکتی ہے اور نہ سماج کی بنیاد پڑ سکتی ہے نہ علم و ہنر کے دروازے کھل سکتے ہیں۔ بس بھیک مانگ کر بے چارے ہر زمانے میں اپنا گزارا کرتے ہیں۔

ف۔ حکم الٰہی کے تحت حضرت موسیٰ نے جیسے ہی اپنے سیدھے ہاتھ سے عصا کو زمین پر ڈال دیا وہ ایک زبردست سانپ بن گیا اور جادوگروں کے چھوٹے موٹے تمام سانپ سنپولیوں کو کھا گیا جو دراصل رسی اور لکڑی تھے۔ جادوگروں نے جب یہ ماجرا دیکھا کہ لاکھوں کے مجمع میں صرف ایک آدمی اور اس کا بھائی پوری ہمت اور دلیری سے مقابلے میں کھڑے ہیں پھر جیسے ہی موسیٰ نے اس اژدہے کو ہاتھ میں لیا پھر لاٹھی بن گیا اور پتہ نہیں چلا کہ جادوگروں کی بے شمار لاٹھیاں اور رسیاں کہاں گئیں۔ جادوگر چونکہ جادو کے فن سے واقف تھے اور اس فن میں ماہر تھے اس لئے فوراً سمجھ گئے کہ موسیٰ کے پاس جادو نہیں بلکہ معجزہ ہے اور اسی وقت ایمان لے آئے۔

ف۔ فرعون نے بھرے میدان میں اپنی بازی گرتی دیکھ لی تو ایک نیا داؤ اور چلایا اور جادوگروں کو دھمکی دی کہ بڑی بھاری فیس دے کر مقابلہ کے لئے میدان میں تم کو میں نے بلایا اور اپنے استاد موسیٰ پر تم ایمان بھی لے آئے اور مجھے اس قابل بھی نہ سمجھا کہ کم از کم مجھ سے اجازت تو لیتے۔ خوب معلوم ہوا کہ حضرت موسیٰ سے جادوگر نہیں ہارے ہیں بلکہ ایک بنی بنائی سازش سے شاگرد لوگ اپنے استاد سے ہارے ہیں اور ہم کو مجمع عام میں بیوقوف بنایا گیا ہے۔

64. अपनी गिरोह बन्दी में फूट न होने दो और अपने तमाम हथकंडे जमा कर के कतार बांध कर खड़े रहो, आज जो कोई जीत जायेगा वही गालिब होगा।

64. "So devise your plot, and then come in a row. And whoever prevails this day will indeed be successful."

65. मुकाबले के वक्त जादूगर बोले ऐ मूसा ! तुम डालो या हम अपना करतब पहले डाल कर दिखायें।

65. They said: "O Moosa! Either you cast, or we shall be the first to cast?"

66. मूसा ने कहा बल्कि तुम ही डालो बस जैसे ही जादूगरों ने अपना करतब डाला तो उन की रस्सियाँ और लाठियाँ जादू और नज़रबन्दी के सबब मूसा के खयाल में ऐसी दिखने लगीं जैसे कि दौड़ती हों।

66. (Moosa) said: "Nay, cast you down (first)!" Then behold, their ropes and their sticks,- by their magic- made to appear to him as though they were running.

67. तब मूसा ने अपने जी में एक छुपा हुआ खौफ महसूस किया।

67. Thereat Moosa conceived a sort of fear in his mind.

68. हमने फरमाया कि मूसा तुम न डरना यकीनन तुम ही गालिब रहोगे।

68. WE (ALLAH) said: "Have no fear! Verily, you shall prevail;"-

69. मूसा तुम्हारे सीधे हाथ में जो है उसे डालो यह इन के तमाम करतूत को निगल जायेगा दरअसल उन्होंने जादू की तदबीर चलाई है और जादूगर चाहे जहाँ भी आयें कामयाब हर्गिज़ नहीं हो सकते।

69. "and cast you down what is in your right hand! It will swallow up that which they have made. That which they have made is only a magician's trick; and the magician does not prosper wherever he comes (face to face with ALLAH's miracle).

70. जादूगर सब के सब सजदे में गिर पड़े और पुकार कर एलान कर दिया कि हम ईमान लाए हारून और मूसा के रब पर।

70. Then, (seeing ALLAH's miracle,) the magicians fell down prostrate. They said: "Now we believe in the LORD of Haroon and Moosa!"

71. फिरऔन दहाड़ कर चीखा कि क्या तुम मेरी इजाज़त के पहले ईमान में आ गये बस अब मालूम हुआ कि बेशक मूसा ही तुम्हारा बड़ा उस्ताद है जिस ने तुम को जादू सिखाया है, अब तो मैं तुम्हारा एक तरफ का हाथ और दूसरी तरफ का पाँव काट कर रख दूँगा फिर फांसी देकर खजूर की डालियों पर लटका दूँगा और तुम को पता चल जायेगा कि हम में से किस की सजा बहुत सख़्त है और किसकी दी हुई तकलीफ ज़्यादा देर तक बाकी रहेगी।

71. (Firaun) said: "How could you believe in him, (Moosa), before I give you permission? Surely he is your chief who taught you magic. So I will surely cut off your hands and feet on the opposite sides; and will surely crucify you on the trunks of palm-trees, then you shall definitely know which of us, (me or the LORD of Moosa), can give severe and more lasting torment."

لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰى مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِىْ

کا جواب تھا کہ بس آئی ہم کو دلیلوں سے بات کھل کر سمجھ میں آگئی اور جس نے ہم کو پیدا کیا ہے اس کے مقابلہ میں ہم تیری دھمکی کا کوئی بھی اثر

فَطَرَنَا فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ ؕ اِنَّمَا تَقْضِىْ هٰذِهِ

قبول نہیں کریں گے اب جو کچھ تجھ کو کرنا ہو کر ڈال بس اس دنیا کی زندگی میں ہم کو تکلیف دینے کے سوا تو اور کچھ کر بھی کیا

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ؕ (۷۲) اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا

سکتا ہے (۷۲) ہم اپنے پروردگار پر ایمان لا چکے ہیں امید ہے کہ وہ ہماری خطاؤں کو معاف فرما دے گا

وَمَآ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّ

اور تو نے جادو کے لئے ہم کو اکسایا تھا اس بھول پر بھی ہم اپنے رب سے مغفرت طلب کرتے ہیں اللہ کی بات میں خیر ہے اور وہی باقی رہنے

اَبْقٰى (۷۳) اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ

والا ہے (۷۳) سچی بات سن لو کہ جو کوئی بھی باغی مجرم رہا اور اسی حال میں مر کر اللہ کے یہاں حاضر ہوا تو اس کے لئے

جَهَنَّمَ ؕ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى (۷۴) وَمَنْ يَّاْتِهٖ

جہنم ہے اور اس میں نہ مر سکے گا نہ جی سکے گا (۷۴) اور جو کوئی بھی اللہ کے پاس

مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ

مومن بن کر حاضر ہوا اور ساتھ میں نیک عمل بھی لے گیا تو ایسے لوگوں کے لئے بڑے بلند درجے

الْعُلٰى (۷۵) جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

ہیں (۷۵) ایسے لوگوں کا داخلہ سدا بہار جنتوں میں ہوگا جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور وہاں یہ لوگ ہمیشہ کے لئے

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا مَنْ تَزَكّٰى (۷۶) ع

بس جائیں گے یہ بدلہ اس کے لئے ہے جو گناہوں سے پاک ہو کر اپنے مالک کے حضور حاضر ہوا (۷۶)

وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى ۙ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِىْ

اور ہم نے موسیٰ کو وحی کے ذریعے حکم دیا کہ میرے بندوں کو لے کر راتوں رات نکل پڑو اور دریا پر اپنی لاٹھی مار دینا تو سمندر

فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِى الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ

میں ایک سوکھی سڑک بن جائے گی اور دریا پار ہوتے وقت تم کو پکڑے جانے کا کوئی اندیشہ نہ رہے گا اور کسی قسم کا ڈر

دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى (۷۷) فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ

بھی معلوم نہ ہوگا (۷۷) تب فرعون بھی اپنا لشکر لے کر ان کے پیچھے دوڑتا ہوا دریا کے سوکھے راستے

فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ؕ (۷۸) وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ

میں گھس گیا اور دریا کے ریلے نے چاروں طرف سے فرعونی لشکر کو اپنے گھیرے میں لے لیا (۷۸) فرعون نے اپنی قوم کو بہکا دیا تھا اور

٭۷۸ حضرت موسیٰ راتوں رات حکم الٰہی کے تحت بنی اسرائیل کو لے کر نکل پڑے اس ہجرت میں صبح ہوتے ہی سامنے دریا ملا تب آگے کا سفر ناممکن ہوگیا۔ اب یہ سب لوگ یا تو فرعون کے لشکر کے ہاتھوں بیدردی سے قتل ہوں یا پھر دریا میں کود کر ڈوب مریں لیکن پیغمبر کا اللہ پر عقیدہ سب سے زیادہ مضبوط ہوتا ہے۔ موسیٰ نے فرمایا کہ میرا رب میرے ساتھ ہے اس مصیبت میں صرف وہی اکیلا ہم کو بچا سکتا ہے حکم ہوا کہ دریا پر لاٹھی مارو اور دریا پھٹ گیا پانی دونوں طرف پہاڑوں کی طرح کھڑا ہوگیا۔ بیچ میں سوکھی سڑک بن گئی بنی اسرائیل حضرت موسیٰ کی قیادت میں اس راستہ پر داخل ہوئے بیچ میں پہنچے کہ فرعونی لشکر بھی دریا کنارے آپہنچا۔ جلدی میں وہ بھی اسی سوکھی سڑک میں گھس پڑا ادھر حضرت موسیٰ اور ان کے ساتھی دریائی علاقے سے پار ہوگئے ادھر فرعون اور اس کا لشکر دریا کے بیچوں بیچ آگیا پھر اللہ کے حکم سے ٹھہرے پانی کے پہاڑ بہنے لگے اور فرعون اور اس کا لشکر پانی کے ریلے میں ڈوب کر ایسا غرقاب ہوا کہ ایک آدمی بھی نہیں بچا صرف فرعون کی لاش سمندر کی لہروں نے حکم الٰہی کے تحت کنارے پھینک دی دیکھئے ۱۰۔ سورۂ یونس آیت نمبر ۹۲ میں آیا ہے۔

72. जादूगरों का जवाब था कि बस जी हम को दलीलों से बात खुल कर समझ में आ गई और जिस ने हम को पैदा किया है उस के मुकाबले में हम तेरी धमकी का कोई भी असर कबूल नहीं करेंगे अब जो कुछ तुझ को करना हो कर डाल बस इस दुनिया की ज़िन्दगी में हम को तकलीफ देने के सिवा तू और कुछ कर भी क्या सकता है ?

72. They said: "We shall by no means prefer you over the clear signs that have come to us, and over HIM who has created us. So decree whatever you desire to decree; for you can only decree in respect of the life of this world."

73. हम अपने पालनहार पर ईमान ला चुके हैं उम्मीद है कि वह हमारी गलतियों को माफ फरमा देगा और तूने जादू के लिए हम को उकसाया था इस भूल पर भी हम अपने रब से माफी मांगते हैं अल्लाह की बात में खैर है और वही बाकी रहने वाला है।

73. "Verily, we have believed in our LORD, that HE may forgive us our faults, and also the magic to which you did compel us. And ALLAH is the Best and most Lasting."

74. सच्ची बात सुन लो कि जो कोई भी बाग़ी मुजरिम रहा और उसी हाल में मर कर अल्लाह के यहाँ हाज़िर हुआ तो उस के लिए जहन्नम है और उस में न मर सकेगा न जी सकेगा।

74. Verily he who comes to his LORD as a culprit (on the Day of Judgement), then surely, for him is Hell, in which he shall neither die nor live.

75. और जो कोई भी अल्लाह के पास मोमिन बन कर हाजिर हुआ और साथ में नेक अमल भी ले गया तो ऐसे लोगों के लिए बड़े बुलंद दर्जे हैं।

75. But whoever comes to HIM as a believer and has done righteous deeds, for such are the high ranks (in the Hereafter),-

76. ऐसे लोगों का दाखला सदा बहार जन्नतों में होगा जिन के नीचे नहरें जारी होंगी और वहाँ यह लोग हमेशा के लिए बस जायेंगे यह बदला उस के लिए है जो गुनाहों से पाक हो कर अपने मालिक के सामने हाजिर हुआ।

76. Gardens everlasting with running streams, wherein they will abide forever, that is the reward for him who has purified himself.

3	22	12

77. और हम ने मूसा को "वहय" के ज़रिये हुक्म दिया कि मेरे बन्दों को ले कर रातों रात निकल पड़ो और दरिया पर अपनी लाठी मार देना तो समुन्दर में सूखी सड़क बन जायेगी और दरिया पार होते वक़्त तुम को पकड़े जाने का कोई अन्देशा न रहेगा और किसी किस्म का डर भी मालूम न होगा।

77. And assuredly WE revealed to Moosa, (saying): "Depart with MY bondmen in night and strike a dry path for them in the sea; fearing neither to be overtaken (by Firaun) nor being afraid (of drowning in the sea)."

78. तब फिरऔन भी अपना लश्कर लेकर उन के पीछे दौड़ता हुआ दरिया के सुखे रास्ते में घुस गया और दरिया के रेले ने चारों तरफ से फिरऔनी लशकर को अपने घेरे में ले लिया।

78. Then Firaun persued them with his hosts, but the sea-water completely overwhelmed them and covered them up.

79. फिरऔन ने अपनी कौम को बहका दिया था और खुद भी हिदायत के रास्ते को कबूल न किया।

79. And Firaun led his people astray, and he did not guide them, (but caused them to perish out right).

قَوْمَهُ وَمَا هَدٰى ۝۷۹ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ
خود بھی ہدایت کے راستے کو قبول نہ کیا (۷۹) اے بنی اسرائیل اس واقعہ کو یاد کرو جب ہم نے تم کو تمہارے
مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ
دشمن سے نجات دی اور طور پہاڑ کی داہنی طرف کا وعدہ دے کر تم کو طلب کیا
وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ۝۸۰ كُلُوْا مِنْ
اور تم پر من و سلویٰ بھی اُتارا (۸۰) ہم نے جو پاکیزہ رزق
طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ
تم کو عطا فرمایا ہے اُسے کھاؤ اور شرارت نہ کرنا ورنہ میرا غضب تم پر
عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ
ٹوٹ پڑے گا اور جس کسی پر میرا غضب ٹوٹ پڑا تو بس وہ بلندی سے نیچے گرتا ہی
هَوٰى ۝۸۱ وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ
جائے گا (۸۱) اور بیشک میں تو بڑا ہی مغفرت فرمانے والا ہوں ہر اس شخص کے لئے جو توبہ کرلے اور ایمان کو قبول رکھے
صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ۝۸۲ وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ
اور نیک عمل کرتا ہو اور ہدایت کی راہ پر چل پڑے (۸۲) اور موسیٰ تم نے اپنی قوم سے پہلے آنے کی جلدی کیوں
يٰمُوْسٰى ۝۸۳ قَالَ هُمْ اُولَآءِ عَلٰٓى اَثَرِيْ وَعَجِلْتُ
کرلی (۸۳) عرض کیا کہ وہ لوگ تو میرے پیچھے آرہے ہیں اور میں جلدی حاضر ہوا کہ اے رب تو مجھ
اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى ۝۸۴ قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ
سے راضی ہو جا (۸۴) اللہ نے فرمایا کہ تمہارے پیچھے ہم نے تمہاری قوم کو آزمائش
مِنْۢ بَعْدِكَ وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ ۝۸۵ فَرَجَعَ
میں ڈالا اور سامری نے ان کو گمراہ کر دیا (۸۵) جب موسیٰ طور سے
مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ
واپس آئے تو بہت غصہ اور افسوس کے ساتھ اپنی قوم سے کہا کہ برادران قوم کیا تمہارے پروردگار نے تم پر احسان کرنے کا وعدہ
اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ۚ اَفَطَالَ
نہیں فرمایا تھا کہ وہ تم پر بہت ہی اچھی نوازش فرمائے گا اور کیا تم کو ظہور ہونے کے جانے میں زیادہ مدت گذر گئی تھی یا خود تم نے چاہا کہ
عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ
میری نافرمانی کرکے اپنے رب کے غضب کو ہی اپنے آپ پر آشکار لائے اور میرے

۸۱ معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو جو پاکیزہ رزق عطا فرمایا ہے وہ ان کی دنیا کی زندگی کی بقاء کے لئے ضروری ہے وہ اسے کھائیں اور اللہ کا شکر ادا کریں لیکن کوئی اگر ناشکری کرے تو بس پھر وہ اللہ کے غضب میں گھر گیا۔

80. ऐ बनीइसराईल उस घटना को याद करो जब हम ने तुम को तुम्हारे दुश्मन से नजात दी और तूर पहाड़ की दाहिनी तरफ का वादा देकर तुम को तलब किया और तुम पर "मन्न" व "सलवा" भी उतारा।

81. हम ने जो पाकीज़ा रिज़्क तुम को अता फरमाया है उसे खाओ और शरारत न करना वरना मेरा गज़ब तुम पर टूट पड़ेगा और जिस किसी पर मेरा गज़ब टूट पड़ा तो बस वह बुलन्दी से नीचे गिरता ही जायेगा।

82. और बेशक मैं तो बड़ा ही मगफिरत (माफी) फरमाने वाला हूँ हर उस शख्स के लिए जो तौबा कर ले और ईमान को कबूल रखे और नेक अमल करता हो और हिदायत की राह पर चल पड़े।

83. और मूसा तुम ने अपनी कौम से पहले आने की जल्दी क्यों की ?

84. अर्ज़ किया कि वह लोग तो मेरे पीछे आ रहे हैं और मैं जल्दी हाज़िर हुआ कि ऐ रब तू मुझ से राज़ी हो जाए।

85. अल्लाह ने फरमाया कि तुम्हारे पीछे हम ने तुम्हारी कौम को इम्तेहान में डाला और सामरी ने उन को गुमराह कर दिया

86. जब मूसा तूर से वापस आये तो बहुत गुस्से और अफसोस के साथ अपनी कौम से कहा कि बिरादराने कौम क्या तुम्हारे पालनहार ने तुम पर एहसान करने का वादा नहीं फरमाया था कि वह तुम पर बहुत अच्छी नवाज़िश फरमायेगा और क्या मुझ को तूर पर आने जाने में ज़्यादा मुदत गुज़र गई थी या खुद तुम ने चाहा कि मेरी नाफरमानी करके अपने रब के गज़ब को ही अपने आप पर उतार लाए और मेरे वादे के खिलाफ कर डाला।

80. O Children of Israil! WE delivered you from your enemy and WE made a covenant with you on the right side of the Mount Toor, and WE sent down to you Manna and salwa (quails);-

81. (saying) eat of the clean and lawful things with which WE have provided you, and commit no oppression therein, lest MY wrath may come down upon you; and upon whom MY wrath comes down, he surely perishes.

82. And verily, I am the Most Forgiving to him who repents and believes and works righteously and lets himself remain guided, (till his death).

83. "And what has made you hasten from your people, O Moosa?"

84. He said: "They are close on my footsteps, and I hastened to YOU, O my LORD! That YOU might be pleased all the more."

85. (ALLAH) said: "Verily, WE have tried your people in your absence, and the Samiri has led them astray."

86. Therefore Moosa returned to his people in a state of anger and sorrow. He said: "O my people! Did not your LORD promise you a fair promise? Did then the promise seem to you long in coming? Or did you desire that the Wrath of your LORD should descend upon you, so you broke your promise to me?"

غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِيْ ﴿۸۶﴾ قَالُوْا مَآ
وعدے کے خلاف کر ڈالا ﴿۸۶﴾ قوم کے لوگ بولے کہ آپ
اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا
کے پیچھے ہم نے آپ کی مرضی کے خلاف جان بوجھ کر کوئی حرکت نہیں کی البتہ پوری قوم کے زیورات کا بوجھ لائے اور وہ زیورات ہم کو وقت میں ڈالے ہوئے تھا
مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلْقَى
اور ہم نے سامری کے کہنے پر تمام گہنوں کو ایک جگہ ڈھیر کر دیا اور سامری نے یہ کرتب کر
السَّامِرِيُّ ﴿۸۷﴾ فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ
کر دیا ﴿۸۷﴾ کہ اس نے زیورات کو پگھلا کر بچھڑے کی صورت کا جسم ڈھال دیا اور اس میں سے
فَقَالُوْا هٰذَآ اِلٰهُكُمْ وَاِلٰهُ مُوْسٰى ۥ فَنَسِيَ ﴿۸۸﴾
بے تکی آواز بھی نکلنے لگی تب لوگوں نے کہا یہ ہے ہمارا معبود اور موسیٰؑ کا معبود بھی یہی ہے مگر موسیٰؑ بھول گئے ﴿۸۸﴾
اَفَلَا يَرَوْنَ اَلَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ قَوْلًا ۥ وَّلَا يَمْلِكُ
کیا اتنا بھی ان کو نہیں سوجھا کہ بچھڑا ان کی کسی بات کا جواب نہیں دیتا تھا اور بے جان بچھڑے کے پاس ان کے نفع نقصان
لَهُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ﴿۸۹﴾ وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هٰرُوْنُ مِنْ
کا کچھ بھی اختیار نہیں تھا ﴿۸۹﴾ اور کوہِ طور سے موسیٰؑ کی واپسی کے پہلے ہارونؑ نے قوم سے صاف
قَبْلُ يٰقَوْمِ اِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهٖ ۚ وَاِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ
صاف کہہ دیا تھا کہ اے برادرانِ قوم تم کو اس بچھڑے کے ذریعے آزمائش میں ڈالا گیا اور تم فتنہ کا شکار ہو گئے اور خوب سمجھ لو کہ تمہارا
فَاتَّبِعُوْنِيْ وَاَطِيْعُوْٓا اَمْرِيْ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ
رب صرف رحمٰن ہی ہو سکتا ہے قوم کے لوگو میری اتباع کرو اور میرا کہنا مان لو ﴿۹۰﴾ وہ جواب میں بولے کہ جب تک موسیٰؑ ہمارے پاس واپس
عٰكِفِيْنَ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى ﴿۹۱﴾ قَالَ يٰهٰرُوْنُ مَا
نہ آجائیں گے تب تک ہم اسی حال میں رہیں گے ﴿۹۱﴾ موسیٰؑ بولے اے ہارونؑ جب تم نے دیکھ لیا
مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْٓا ﴿۹۲﴾ اَلَّا تَتَّبِعَنِ ۭ اَفَعَصَيْتَ
کہ یہ لوگ گمراہ ہو رہے ہیں تو ان کو منع کرنے میں کیا رکاوٹ پیش آئی ﴿۹۲﴾ کیا تم نے بھی میری اتباع نہ کی اور میرا حکم
اَمْرِيْ ﴿۹۳﴾ قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَلَا بِرَاْسِيْ
نہ مانا ﴿۹۳﴾ ہارونؑ بولے کہ اے میری ماں کے بیٹے میری داڑھی مت پکڑو اور میرے سر کے بال پکڑ کر مت کھینچو مجھ کو اس کا اندیشہ
اِنِّيْ خَشِيْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ
تھا کہ واپس پر کہیں آپ یہ تو نہیں کہیں گے کہ تو نے بنی اسرائیل میں پھوٹ ڈال دی اور میری بات سامنے آنے کا انتظار بھی نہ کیا

منزل ۴

ف۸۶ اللہ کے خبر دینے سے حضرت موسیٰؑ کو کوہِ طور پر ہی معلوم ہو گیا تھا کہ ان کے پیچھے ان کی قوم میں کوئی فتنہ برپا ہو گیا ہے اور سامری نام کے ایک چودھری نے یہ طوفان کھڑا کیا ہے جس کی تفصیل آگے آئے گی۔

ف۸۷ سامری نام کے ایک چودھری نے یہ تمام زیورات ایک جگہ جمع کرائے اور ہر ایک کو اس کے وزن اور قیمت کی رسید بھی دے دی ہوگی اور آسا قیمتی دھات کو پگھلا کر ایک ڈلا بنا لیا پھر شیطان کے بہکانے پر ان تمام زیورات کے اس ڈلے کو بھونڈی شکل کا بچھڑا بنا دیا اور ایک بیل گاڑی پر لاد دیا قافلہ اپنے ساتھ اس بیل گاڑی کو لئے چلتا کہ قوم کے زیورات سب کے سب اکٹھے تھے اس لئے ہر شخص کی ضلالت کی نظر اس بچھڑے پر رہتی تھی۔

ف۸۸ بچھڑے کی آواز پر ایسے مر مٹے کہ کہنے لگے اللہ تعالیٰ قوم میں جلوہ فرما ہو گئے اور موسیٰؑ بھول گئے کہ طور پہاڑ کے سفر پر غلطی سے اللہ کو ڈھونڈنے چلے گئے۔

ع ۱۴

ف۸۹ ہوا یہ کہ بنی اسرائیل بڑی بھاری تعداد میں مصر سے حضرت موسیٰؑ کے ساتھ راتوں رات نکل گئے اور دریا پار ہو گئے ادھر فرعون اپنے لشکر سمیت ان کے پیچھے دوڑا اور سمندر میں ڈوب مرا بنی اسرائیل دریا پار ہونے کے بعد میدانی علاقوں میں زندگی کا سفر کرتے آ رہے تھے اور ابھی تک کسی شہری آبادی میں ان کا قدم جم نہیں سکا تھا مسلسل سفر میں عورتوں کے زیورات اور گہنے نیز سونے چاندی کے سکے بھی ہوں گے۔ ان کو رات دن لئے پھرنا اور سنبھالنا بہت مشکل پڑ رہا تھا۔ قوم میں بے چینی تھی کہ اس کا کیا حل نکالا جائے۔

87. कौम के लोग बोले कि आप के पीछे हम ने आप की मर्जी के खिलाफ जान बूझ कर कोई हरकत नहीं की अलबत्ता पूरी कौम के ज़ेवरात का बोझ लादे लादे रहना हम को दिक्कत में डाले हुए था और हम ने सामरी के कहने पर तमाम गहनों को एक जगह ढेर कर दिया और सामरी ने यह करतब खड़ा कर दिया।

88. कि उसने ज़ेवरात को पिघला कर बछड़े की सूरत का जिस्म ढाल दिया और उस में से बेतुकी आवाज़ भी निकलने लगी, तब लोगों ने कहा यह है हमारा उपास्य और मूसा का मअबूद भी यही है मगर मूसा भूल गए।

89. क्या उन को इतना भी नहीं सूझा कि बछड़ा उन की किसी बात का जवाब नहीं देता था और बेजान बछड़े के पास उन के नफे नुक्सान का कुछ भी अधिकार नहीं था।

90. और तूर पहाड़ से मूसा की वापसी के पहले हारून ने कौम से साफ साफ कह दिया था कि ऐ कौम के भाईयो तुम को इस बछड़े के ज़रिये आज़माईश में डाला गया और तुम फितने का शिकार हो गए और खूब समझ लो कि तुम्हारा रब सिर्फ रहमान ही हो सकता है, कौम के लोगो मेरी इत्तेबा करो और मेरा कहना मान लो।

91. वह जवाब में बोले कि जब तक मूसा हमारे पास वापस न आ जायेंगे तब तक हम इसी हाल में बछड़े पर जमे रहेंगे।

92. मूसा बोले ऐ हारून जब तुम ने देख लिया कि यह लोग गुमराह हो रहे हैं तो इन को मना करने में तुमको क्या रूकावट पेश आई।

93. क्या तुम ने भी मेरी इत्तेबा न की और मेरा हुक्म न माना।

94. हारून बोले ऐ मेरी माँ के बेटे मेरी दाढ़ी मत पकड़ो और मेरे सर के बाल पकड़ कर मत घसीटो मुझे इस का डर था कि वापसी पर कहीं आप यह तो नहीं कहेंगे कि तूने बनी इसराईल में फूट डाल दी और मेरे आने का इन्तेज़ार भी न किया (इसी वजह से मैं ने नरमी से काम लिया और कोई सख्ती नहीं की)।

87. They said: "We did not fail to keep your promise of our own will, but we were laden with the load of the (Firaun's) peoples' ornaments, then we cast them (into the fire), and that was the Samiri suggested."

88. Then he took out (of the fire) for them a statue of calf, a body with a low (un meaning) cry. Then they said: "This is your ("Ilah") god, and the ("Ilah") god of Moosa, but he (Moosa) has forgotten (this god)."

89. Did they not see that it could not return them a word (for answer), and that it had no power either to harm them or to do them good?" | 4 | 13 | 13 |

90. And Haroon indeed had said to them before hand (before Moosa's return): "O my people! You are only being tempted with it; and verily; your LORD is (ALLAH) the Most Beneficent, so follow me and obey my command."

91. They said: "We will, by no means, stop worshipping it; until Moosa comes back to us."

92. (Moosa) said: "O Haroon! What prevented you when you saw them going astray?"-

93. "that you followed me not? Have you then disobeyed my command (by remaining passive spectator)?"

94. (Haroon) said: "O son of my mother (my own brother)! Seize me not by my beard, nor by my head! Really I feared that you would say: 'You have caused a division among the Children of Israil, and you have not respected my word.'"

وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِیْ ﴿۹۴﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ یٰسَامِرِیُّ ﴿۹۵﴾

(اسی ڈر سے میں نے نرمی سے کام لیا اور کوئی سختی نہیں کی) (۹۴) پھر حضرت موسیٰ نے سامری کو ڈانٹ کر کہا کہ تو نے یہ کیا کچھ کر ڈالا (۹۵)

قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ یَبْصُرُوْا بِهٖ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً

سامری بولا کہ میں نے وہ چیز دیکھی جو دوسروں نے نہیں دیکھی میں نے فرشتے کے نقش قدم سے مٹھی بھر دھول اٹھالی تھی

مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ فَنَبَذْتُهَا وَ كَذٰلِكَ سَوَّلَتْ لِیْ

اور اس کو بچھڑے میں ڈال دیا اور میرے دل میں ایسی ہی بات

نَفْسِیْ ﴿۹۶﴾ قَالَ فَاذْهَبْ فَاِنَّ لَكَ فِی الْحَیٰوةِ اَنْ

سوجھی تھی (۹۶) موسیٰ نے دھتکار کر فرمایا بھاگ یہاں سے اب تو زندگی بھر لوگوں سے یہ کہتا رہے گا کہ مجھے نہ چھونا اور یہ

تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ ۪ وَ اِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهٗ ۚ

وعدہ ہے تیرے لئے اس کے خلاف کرنا تیرے بس کی بات نہیں ہوگی اور ذرا دیکھ لے اپنے

وَ انْظُرْ اِلٰۤى اِلٰهِكَ الَّذِیْ ظَلْتَ عَلَیْهِ عَاكِفًا ؕ

اس بے جان معبود کو جس پر تو ریجھا اور جم کر بیٹھا تھا ہم اسے ضرور آگ میں جلا کر پگھلا

لَنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ فِی الْیَمِّ نَسْفًا ﴿۹۷﴾ اِنَّمَاۤ اِلٰهُكُمُ

دیں گے پھر اس کی جھجنی بنا کر دریا میں پھینکوا دیں گے (۹۷) بے شک لوگو! تم سب کا

اللّٰهُ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَسِعَ كُلَّ شَیْءٍ عِلْمًا ﴿۹۸﴾

ایک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہو سکتا صرف وہی ایک عبادت کے لائق ہے اسی نے ہر ہر چیز کو اپنے علم کے گھیرے میں لے رکھا ہے (۹۸)

كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَیْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَ قَدْ

اسی طرح بڑی خوبی کے ساتھ ہم ان واقعات کی خبریں آپ پر بیان کرتے ہیں جو پہلے ہو چکے اور بلا شبہ ہم نے اپنی بارگاہ سے ایک

اٰتَیْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ﴿۹۹﴾ مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ

خاص نصیحت نامہ آپ کو عطا فرمایا ہے (۹۹) جو کوئی بھی ہمارے اس نصیحت نامے سے کترا کر چلے گا

یَحْمِلُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وِزْرًا ﴿۱۰۰﴾ خٰلِدِیْنَ فِیْهِ ؕ وَ سَآءَ لَهُمْ

اسے قیامت کے دن بڑا بوجھ لاد کر حاضر ہونا ہے (۱۰۰) اس میں ان کو ہمیشہ رہنا ہے اور قیامت کے دن ایسا بھاری

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ حِمْلًا ﴿۱۰۱﴾ یَّوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ وَ نَحْشُرُ

وزن اٹھانے پر ان کی بڑی درگت بنے گی (۱۰۱) جب صور پھونکا جائے گا تو ہم اس دن مجرموں کو جمع کریں گے

الْمُجْرِمِیْنَ یَوْمَىِٕذٍ زُرْقًا ﴿۱۰۲﴾ یَّتَخَافَتُوْنَ بَیْنَهُمْ اِنْ

کہ مارے دہشت کے ان کی آنکھیں پتھرا کر نیلی ہو چکی ہوں گی (۱۰۲) مارے ڈر کے آہستہ چپکے سے آپس میں کہہ رہے ہوں گے

ف۹۶ کہا جاتا ہے کہ حضرت جبرئیلؑ کے قدموں کے نشان سامری نے دیکھ لئے تھے یا پھر ایسا ہوا ہوگا کہ جبرئیلؑ کے موسیٰؑ کے پاس آنے جانے کے وقت پر یہ بھی تاک میں رہتا ہوگا اور مقررہ راستے سے جگہ جگہ سے مٹھی بھر دھول اٹھا رکھی ہو اور اسی دھول کو جو پائے جبرئیلؑ سے مس ہوئی تھی سونے کے گھڑے بچھڑے میں ڈالنے کی اس کے جی میں اکساہٹ شیطان نے پیدا کر دی ہو۔

ف۹۷ حضرت موسیٰؑ نے سامری کو بددعا دی کہ تو عوام سے الگ تھلگ رہے گا کوئی تجھ سے نہ ملے گا اور تو بھی کسی سے ملاقات نہ کر سکے گا۔ اور ہوا ایسا ہی کہ جب کوئی سامری کے پاس آنے لگتا سامری کو تیز بخار اور تپش شروع ہوتی اور ملنے والا بھی جیسے قریب آوے سامری کی تکلیف بڑھتی جاتی اور وہ چیخ چیخ کر کہتا کہ آگے مت آؤ مجھ سے دور رہو دور رہو اور یہ بھی ہوتا کہ خود ملنے والے کو بخار چڑھتا اور وہ بھی بھاگ نکلتا اسی طرح اتنے بڑے چودھری کو اپنی مشرکانہ جعل سازی کی سزا ملی کہ گاؤں شہر سے دور جنگل میں تنہا رہنا پڑا اور وہیں تڑپ تڑپ کر بھوک پیاس سے بے موت مر گیا۔

ف۹۹ ایسی حکمت و دانائی کی بات رب کی طرف سے آئی پھر بھی جو لوگ بے دھیان رہے اور منکر گئے نہ اپنی کچھ فکر کی کہ کل قیامت کے دن ان کا کیا حال بنے گا۔ نہ اپنے آل اولاد اور کنبے والوں کی فکر کی اب قیامت میں حاضری کے وقت ان کی پیٹھ پر اپنے کئے دھرے کا بوجھ تو لدا ہوگا مگر اس کے ساتھ ان لوگوں کا بھی بوجھ لدا ہوگا جن کی گمراہی کا سبب یہ بنے ہوں گے۔

95. फिर हज़रत मूसा ने सामरी को डाँट कर कहा कि तूने यह क्या कुछ कर डाला।

96. सामरी बोला कि मैंने वह चीज़ देखी जो दूसरों ने नहीं देखी मैंने फ़रिश्ते के नक्शे कदम से मुट्ठी भर धूल उठा ली थी और उस को बछड़े में डाल दिया और मेरे दिल में ऐसी ही बात सूझी थी।

97. मूसा ने धुतकार कर फ़रमाया भाग यहाँ से अब तू जिन्दगी भर लोगों से यह कहता रहेगा मुझे न छूना और यह वादा है तेरे लिए. इस के खिलाफ़ करना तेरे बस की बात नहीं होगी और ज़रा देख ले अपने इस बेजान मअबूद को जिस पर रीझा और जम कर बैठा था हम उसे ज़रूर आग में जला कर पिघला देंगे फिर उस की बुकनी बना कर दरिया में फिकवा देंगे।

98. बेशक लोगो ! तुम सब का एक अल्लाह के सिवा कोई मअबूद नहीं हो सकता सिर्फ वही एक इबादत के लायक है उसी ने हर हर चीज़ को अपने इल्म के घेरे में ले रखा है।

99. इसी तरह बड़ी खूबी के साथ हम इन घटनाओं की खबरें आप पर बयान करते हैं जो पहले हो चुके और बिला शुबह हम ने अपनी तरफ से एक खास नसीहत नामा आप को अता फरमाया है।

100. जो कोई भी हमारे इस नसीहत नामे से कतरा कर चलेगा उसे क़ियामत के दिन बड़ा बोझ लाद कर हाज़िर होना है।

101. उस में उन को हमेशा रहना है और क़ियामत के दिन ऐसा भारी वज़न उठाने पर उन की बुरी दुर्गत बनेगी।

102. जब दुनिया के खत्म होने का बिगुल फूँका जायेगा तो हम उस दिन मुजरिमों को जमा कर लेंगे कि मारे दहशत के उन की आँखें पथरा कर नीली हो चुकी होंगी।

95. (Moosa) said: "What was your purpose, O Samiri? (in doing what you have done)".

96. (Samiri) Said: " I saw what the people did not see. So I took a handful of dust from the foot-steps of the messenger, and then I cast it into the fire(or calf.) Thus my inner-self suggested to me."

97. Moosa said: "Then go away! And verily, your (punishment) in the life will be that 'Touch me not' (lifelong social leper), and verily, (for a future torment in the Hereafter,) you have a promise that will not fail. And look at your ("Ilah") god, to which you have been devoted. We shall surely burn it and scatter it in the sea (in your presence)."

98. Your ("Ilah") deity is only ALLAH, the ONE; none has the right to be worshipped but HE. HE comprehends everything in knowledge.

99. Thus WE relate to you some information of what has happened before. And indeed WE have given you from US a Reminder-(this Quran).

100. Whosoever turns away from it (this Quran)- verily, they shall bear a heavy burden (of sins) on the Day of Resurrection;

101. and they shall abide in that state; and vile indeed will be that load for them on the Day of Resurrection;

102. The Day when the Trumpet will be blown (the second blowing) into; and WE shall on that Day, gather the culprits blue-eyed; (whose eyes would become like blue stones due to fear).

لَبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا (۱۰۳) نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ اِذْ يَقُوْلُ

کہ دنیا میں صرف دس دن سے زیادہ نہیں رہے ہیں (۱۰۳) ہم کو خوب معلوم ہے کہ حشر کے میدان میں اُن کے ساتھ والے کچھ اونچے درجے کے

اَمْثَلُهُمْ طَرِيْقَةً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا يَوْمًا (۱۰۴) وَيَسْـَٔلُوْنَكَ

لوگ جن کے طریقہ کو مثالی سمجھا جاتا تھا وہ تو یہاں تک کہیں گے کہ نہیں صرف ایک دن رہے بس یکسان (۱۰۴) آپ سے سوال کرتے ہیں کہ

عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا (۱۰۵) فَيَذَرُهَا

قیامت کے دن پہاڑوں کا کیا حال ہوگا آپ فرما دو کہ میرا رب ان تمام پہاڑوں کو بھوسا جیسی بنا کر اڑا دے گا (۱۰۵) اور اس کو چٹ

قَاعًا صَفْصَفًا (۱۰۶) لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا (۱۰۷)

میدان بنا دے گا (۱۰۶) جس میں تم کوئی ٹیڑھاپن سلوٹ یا اونچ نیچ نہیں دیکھ سکو گے (۱۰۷)

يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ

اُس دن پکارنے والے داعی کے حکم پر پوری اطاعت کے ساتھ سب لوگ دوڑتے چلے آ رہے ہوں گے کہ ذرا سا بھی اگر یا ٹیڑھاپن کسی میں باقی

الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا (۱۰۸)

نہ ہوگا اور تمام آوازیں رحمٰن کے حضور دبی ہوئی ہوں گی اور سناٹا ایسا ہوگا کہ تم قدموں کی آہٹ کے سوا اور کوئی آواز نہ سنو گے (۱۰۸)

يَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ

اُس دن شفاعت نفع نہ دے گی ہاں مگر جس کو رحمٰن حکم کرے اجازت عطا فرمائے اور جس کسی کے لئے شفاعت کی بات قبول فرمانے کو

وَرَضِيَ لَهٗ قَوْلًا (۱۰۹) يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا

راضی ہو وہی شفاعت کام آ سکتی ہے (۱۰۹) وہی جانتا ہے کہ لوگوں کے آگے پیچھے کیا کچھ ہوتا رہتا ہے اور کوئی بھی اللہ تعالیٰ

خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا (۱۱۰) وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ

کے علم کو اپنے گھیرے میں نہیں لے سکتا (۱۱۰) ہمیشہ زندہ اور تھامے رہنے والے بادشاہ کے

لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ؕ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا (۱۱۱) وَمَنْ

حضور اس دن تمام چہرے جھک جھکے ہوں گے اور جو کوئی بھی ظلم کا گناہ اپنی پیٹھ پر لاد لے آوے گا وہ نامراد ہوگا (۱۱۱) اور اس دن

يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخٰفُ

جو کوئی ایمان کے ساتھ نیک عمل لے کر آیا ہوگا اُسے کسی بھی قسم کی بے انصافی کا اندیشہ نہ ہوگا اور کسی کا حق

ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا (۱۱۲) وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا

اُس دن دبایا نہ جائے گا (۱۱۲) اس طرح بڑی شان کے ساتھ ہم نے اس قرآن کو عربی میں نازل فرمایا اور

وَّصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ

والے دور میں ہم نے دوسرے لوگوں کو کھڑا کیا (٤٢) کوئی امت اپنی مدت سے زیادہ پل بھر بھی یہاں ٹھہر نہیں سکتی اور کسی کو اپنے وقت
وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿٤٣﴾ ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ۭ كُلَّمَا
سے گھڑی بھر بھی پیچھے ہٹایا نہیں جائے گا (٤٣) پھر بھی ہم اپنے رسولوں کو مسلسل اور لگاتار بھیجتے رہے لیکن جب بھی کسی امت کے
جَاۗءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا
پاس اس کا رسول آیا بس انھوں نے رسول کی دعوت کو جھٹلا دیا تب ہم نے بھی ایک کے بعد ایک کو تباہ و برباد کر دیا اور ان کی ہلاکت کے واقعات
وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٤٤﴾ ثُمَّ
کو تاریخی افسانے بنا ڈالے اور جس کسی قوم نے ایمان لانے سے انکار کیا ہم نے اسے اپنی رحمت سے دور پھینک دیا (٤٤) پھر وہ
اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ڏ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ
زمانہ آ گیا جب ہم نے موسیٰؑ اور ان کے بھائی ہارونؑ کو اپنی نشانیاں اور مکمل دلیل کے ساتھ رسول
مُّبِيْنٍ ﴿٤٥﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ىِٕهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا
بنا کر بھیجا (٤٥) فرعون اور اس کے درباری سرداروں کی طرف کہ انھوں نے بہت ہی تکبر میں آکر کمزور لوگوں کو اپنی طاقت
عَالِيْنَ ﴿٤٦﴾ فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا
میں دبوچ لیا تھا (٤٦) اس گھمنڈ کے بل پر انھوں نے پکار کیا ہم اپنے جیسے ان دو آدمیوں کی بات مان لیں جب کہ ان دونوں کی قوم
عٰبِدُوْنَ ﴿٤٧﴾ فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿٤٨﴾
ہماری غلامی اور چاکری کرتی ہے (٤٧) موسیٰؑ اور ہارونؑ کی بات کو جب انھوں نے جھٹلایا تو برباد ہونے والی قوموں کی فہرست میں ان کو بھی شامل کیا گیا (٤٨)
وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿٤٩﴾ وَ
اور موسیٰؑ کو ہم نے کتاب عطا فرمائی تاکہ لوگوں کو ہدایت کا راستہ مل سکے (٤٩) اور مریمؑ
جَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ
کے بیٹے عیسیٰؑ کو اور ان کی ماں کو ہم نے ایک بڑی نشانی بنا دی اور ایک بلند مقام پر بسنے کے لئے جگہ عطا فرمائی اور
ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ﴿٥٠﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ
اس مقام پر بہتے ہوئے پانی کا چشمہ جاری کر دیا (٥٠) اے رسولو! پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور کام اچھے
الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ۭ اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿٥١﴾
کرو بیشک جو تم عمل کرتے ہو میں سب اچھی طرح جانتا ہوں (٥١)

ف٤٢ کسی ظالم قوم کے تباہ و برباد ہونے پر اللہ کا کارخانۂ قدرت بند ہونے سے رہا زمانے کی رفتار برابر جاری رہتی ہے اور دوسری قومیں اس دنیا میں امتحان کے لئے ایک کے بعد ایک کھڑی کی جاتی ہیں یہ سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا ہر کوئی سمجھ لے کہ یہ دنیا امتحان دینے کی جگہ ہے۔

ف٤٤٬٤٦٬٤٨ نوحؑ کی قوم کے بعد ان گنت اور بے شمار ظالم قوموں کو تباہ و برباد کر دیا گیا اور ان کے بعد دوسری قوموں کو اس زمین پر بسنے کا موقع دیا جاتا رہا یہ سلسلہ برابر چلتا رہا یہاں تک قوم فرعون کا زمانہ آیا اور حضرت موسیٰؑ اور ہارونؑ کو ان کی طرف بھیجا گیا اور جیسا کہ آگے آوے گا حضرت عیسیٰؑ بن مریمؑ کا زمانہ آیا اور پھر آخر میں ہمارے سردار جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کا زمانہ آ گیا اب ختم نبوت کی بنیاد پر امتِ مسلمہ کی تکمیل ہوئی اور قیامت تک کسی نئے نبی کے بھیجنے کی ضرورت باقی نہ رہی۔

ف٥١ کھانا پینا اللہ نے انسان کو منع نہیں فرمایا اسی طرح بیوی بچے کاروبار کھیتی، مکان، شادی بیاہ منع نہیں بلکہ انسانی ضرورت اور حاجت کو پاکیزہ اور ستھرے طور پر کرنے کی اجازت دی اور اس کا صحیح صحیح طریقہ پیغمبروں کے ذریعہ سکھا دیا۔

41. बस ठीक मुक़र्रर वक़्त पर एक चिंघाड़ ने उन को घर लिया और हम ने ऐसी ज़ालिम क़ौम को कूड़ा करकट बना कर अपनी रहमत से दूर फेंक दिया।

41. So an awful cry (torment) laid hold of them in truth, (as promised), and WE made them as rubbish of dead plants. So away with the unjust (wrong-doing) folk!

42. उन को तबाह करने के बाद आने वाले दौर में हम ने दूसरे लोगों को खड़ा किया।

42. Then after them, WE brought forth another generation.

43. कोई उम्मत अपनी मुद्दत से ज़्यादा पल भर भी यहाँ ठहर नहीं सकती और किसी को अपने वक़्त से घड़ी भर भी पहले हटाया नहीं जाएगा।

43. No community can anticipate their term (which is only in the knowledge of ALLAH), nor can they delay it.

44. फिर भी हम अपने रसूलों को मुसलसल और लगातार भेजते रहे लेकिन जब भी किसी उम्मत के पास उसका रसूल आया बस उन्होंने रसूल की दावत को झुठला दिया तब हम ने भी एक के बाद एक को तबाह व बरबाद कर दिया और उन की हलाकत के वाक़ेआत को तारीख़ी अफ़साने बना डाले और जिस किसी क़ौम ने ईमान लाने से इनकार किया हम ने उसे अपनी रहमत से दूर फेंक दिया।

44. Then after them WE sent OUR Messengers, at intervals, to different peoples; but no sooner did there came to a community their messenger, they belied him. So WE also made them follow one another (to destruction); and made them the true stories-(for mankind to learn a lesson from them.) so away with a people who do not believe!

45. फिर वो ज़माना आ गया जब हम ने मूसा और उनके भाई हारून को अपनी निशानियाँ और खुली दलील के साथ रसूल बना कर भेजा।

45. Thereafter WE sent Moosa and his brother Haroon with OUR Signs and a manifest authority;

46. फ़िरऔन और उसके दरबारी सरदारों की तरफ़ कि उन्होंने बहुत ही घमंड में आकर कमज़ोर लोगों को अपनी ताकत में दबोच लिया था।

46. to Firaun and his chiefs, but they behaved insolently and they were people self-exalting.

47. इस घमंड के बल पर उन्होंने कहा कि क्या हम अपने जैसे इन दो आदमियों की बात मान लें जब कि इन दोनों की क़ौम हमारी गुलामी और चाकरी में है।

47. So they said: (in pride and arrogance) "Shall we believe in two human beings like us, while their community is a subject to us (and we are the rulers)?

48. मूसा (अ.) और हारून (अ.) की बात को जब उन्होंने झुठलाया तो बरबाद होने वाली क़ौमों की फेहरिस्त में उन को भी चढ़ा दिया गया।

48. So they belied them both (Moosa and Haroon) and became of those who were destroyed.

49. और मूसा (अ.) को हम ने किताब अता फरमाई ताकि लोगों को हिदायत का रास्ता मिल सके।

49. And of surety, WE gave Moosa the Book (divine Scripture) that perchance they may be guided!

50. और मरयम के बेटे ईसा (अ.स.) को और उन की माँ को हम ने एक बड़ी निशानी बना दी और एक बुलंद मुक़ाम पर बसने के लिए जगह अता फ़रमाई और उस मुक़ाम पर बहते हुए पानी का झरना जारी कर दिया।

50. And WE made the Son of Maryam and his mother as a Sign (of OUR Omnipotence), and WE sheltered them on a height, a place of rest, security and flowing streams.

3 | 18 | 3

51. ऐ रसूलो ! पाकीज़ा चीज़ें खाओ और काम अच्छे करो बेशक जो तुम अमल करते हो मैं सब अच्छी तरह जानता हूँ।

51. O you Messengers! Eat of the good (legal) foods and do righteous deeds, (only approved way of showing gratitude for ALLAH). Verily, I am Well-Acquainted with what you do.

وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿۵۲﴾

بیشک تم سب کی ایک ہی جماعت ہے اور تم سب ایک اُمّت ہو اور میں تمہارا رب ہوں بس مجھ سے ہی ڈر کر کام کرنا (۵۲)

فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ۭ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ

ہمارے اس فرمان کے بعد بھی لوگوں نے اپنے اپنے حکم چلا کر ایک دوسرے سے کنارہ پیدا کر لیا اور فرقے ہو کر گروہوں میں بٹ گئے اور اب ہر ٹولی

فَرِحُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۵۴﴾ اَيَحْسَبُوْنَ

کے پاس جو ہے اسی پر اترا کر وہ خوش گمانی میں گرفتار ہے (۵۳) بس اے نبی آپ ان کو ایک وقت تک ان کی ہٹ دھرمی میں پڑے رہنے دیجئے (۵۴) ہم

اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۵۵﴾ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي

نے ان کی مدد مال اولاد سے کر دی تو اس کا ایسا غلط حساب انھوں نے لگا لیا (۵۵) کہ گویا ہم اُن کے بھلے کے لئے جلدی

الْخَيْرٰتِ ۭ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ

جلدی ان کو مالا مال کر رہے ہیں نہیں بلکہ ان کو اس بات کا دھیان ہی نہیں (۵۶) ایسا غلط حساب وہ لوگ کبھی نہیں لگا سکتے جو اپنے رب کی ہیبت

رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۸﴾

سے ڈرتے کانپتے رہتے ہیں (۵۷) اور جو اپنے پروردگار کی آیات پر ایمان رکھتے ہیں (۵۸)

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ

اور جو اپنے پالن ہار کے ساتھ کسی کو شریک نہیں مانتے (۵۹) اور راہِ خدا میں جو کچھ دے سکتے ہیں برابر

اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿۶۰﴾

دیئے جاتے ہیں اور اُن کے دل اپنے رب کی طرف جانے کے خوف سے تھر تھر کانپتے ہیں (۶۰)

اُولٰۗىِٕكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَلَا

نیکی بھلائی میں دوڑ کر آگے نکل جانے میں ایسے ہی لوگوں کا حوصلہ بڑھے گا (۶۱) اور ہم

نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ

کسی جان پر اس کی حیثیت سے زیادہ بوجھ ڈالنا نہیں چاہتے ہمارے پاس لکھا جانے والا ایک دفتر تیار ہے جو

بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ

ٹھیک ٹھیک حق بات بتا کر رہے گا اور کسی کا بھی نقصان نہیں کیا جائے گا (۶۲) بلکہ عام لوگوں کے دل ان سب باتوں سے غافل ہیں اور یہ

هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ﴿۶۳﴾

لوگ اپنی مستی میں مدہوش ہیں اور ہم نے جن کاموں کا حکم دیا تھا اُن کاموں کو چھوڑ کر دوسرے کاموں میں مشغول ہو گئے (۶۳)

حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْــَٔــرُوْنَ ﴿۶۴﴾

یہاں تک کہ جب ان کے خوشحال لوگوں کو ہم نے عذاب میں پکڑا تو فوراً چیخیں مار کر بلبلانے لگے (۶۴)

ف ۵۲،۵۳ اللہ نے تمام نبیوں کو ایک اُمّت واحد قرار دیا سب نبیوں کی دعوت ایک اللہ کی طرف رہی اس طرح ہر زمانے کی اُمّتیں الگ الگ دور کی ہوتے ہوئے بھی مقصد کے تحت ایک ہی مانی گئیں لیکن بعد میں لوگوں نے اللہ کے حکم کے ساتھ اپنے من مانے حکم بھی چلانے شروع کئے مذہبی چودھری، سرمایہ دار مہاجن، گدی نشین مجاور، بے لگام بادشاہ، امراء اور شاہی دربار کے خوشامدی افسران سب کی ملی بھگت اور کہیں آپسی مارا ماری سے دینداری کی ایسی معجون مرکب تیار ہوئی جو انسانی آبادی کے کسی علاقے میں مفید نہیں ہوسکتی تھی اس طرح ٹولی بازی اور تفرقہ والا مذہب ہر جگہ الگ الگ ہوگیا اور ہر مذہب کا آدمی اپنے ہی خیالات میں مست رہا اور دوسرے کسی کی بات حق ہو تب بھی ماننے سے انکار کیا اور اُمّت سے پھٹ کر ٹکڑے ہوگئی، مزید تفصیل کے لئے دیکھئے (۳۰) روم آیت نمبر ۳۲

ف ۵۷ تا ۶۰ یہ تمام صفات اللہ کے نیک بندوں کی ہیں۔

(۱) رب کی ہیبت سے ڈرنا۔

(۲) اللہ کی آیات پر ایمان رکھنا۔

(۳) اللہ کے ساتھ کسی کو کسی حال میں کبھی بھی شریک نہ بنانا۔

(۴) جو کچھ فی سبیل اللہ بن پڑے خرچ کرتے رہنا کہ اللہ کے دوسرے بندوں کے کام آوے۔

(۵) آخرت میں اللہ کے حضور حاضری کا دھڑکا اور خیال جمائے رکھنا۔

ف ۶۳ جو کام اللہ کی رضا کے تھے اس کی طرف دھیان نہ دیا اور ایسے اعمال میں لگے جو اُن کی دُنیا اور آخرت دونوں برباد کرنے والے تھے۔

52. बेशक तुम सब की एक ही जमाअत है और तुम सब एक उम्मत हो और मैं तुम्हारा रब हूँ बस मुझ से ही डर कर काम करना।

52. And verily, this your religion, (total submission to ALLAH only), is one religion (proposed by all the Prophets with this fundamental rule in common) and I am your LORD! So fear ME (only).

53. हमारे इस फरमान के बाद भी लोगों ने अपने अपने हुक्म चला कर एक दूसरे से कटाव पैदा कर लिया और फिर्के होकर टुकड़ों में बट गए और अब हर टोली के पास जो है उसी पर इतरा कर वो खुश गुमानी में गिरफ्तार हैं।

53. But they (the erring people) have broken their religion among them into sects, each group rejoicing in its belief.

54. बस ऐ नबी आप उनको एक वक़्त तक उन की हटधर्मी में पड़े रहने दीजिये।

54. So leave them in submerging flow of their ignorance, for a period (their stipulated time).

55. हम ने उनकी मदद माल व औलाद से कर दी तो इस का कैसा गलत हिसाब उन्होंने लगा लिया है।

55. Do they imagine that in the wealth and children with which WE enlarge them;

56. गोया कि हम उन के भले के लिए जल्दी जल्दी उन को मालामाल कर रहे हैं नही बल्कि उन को असल बात का ध्यान ही नहीं।

56. (is a favour, and) WE are conferring on them real happiness? Nay! They perceive not (the course of their destruction).

57. ऐसा गलत हिसाब वो लोग कभी नहीं लगा सकते जो अपने रब कि हैबत से डरते कांपते रहते हैं।

57. Verily, those who live in awe for fear of their LORD;

58. और जो अपने पालनहार की आयतों पर ईमान रखते हैं।

58. and those who believe in the Revelations (Message) of their LORD;

59. और जो अपने पालनहार के साथ किसी को शरीक नहीं मानते।

59. and those who do not join any thing or being with their LORD;

60. और राहे खुदा में जो कुछ दे सकते है बराबर दिए जाते हैं और इनके दिल अपने रब की तरफ जाने के खौफ से थर थर कांपते हैं।

60. and those who give (in charity), whatsoever they (could) give; while their hearts full of fear -(sceptical of good deeds whether or not worthy of acceptance on the Day of Judgement-) that they are sure to return to their LORD;

61. नेकी भलाई में दौड़ कर आगे निकल जाने में ऐसे ही लोगों का हौसला बढ़ेगा।

61. it is those who race for the good deeds, and they are foremost therein.

62. और हम किसी जान पर उसकी हैसियत से ज़्यादा बोझ डालना नहीं चाहते हमारे पास लिखा जाने वाला एक दफ्तर तैयार है जो ठीक हक़ बात बता कर रहेगा और किसी का भी नुक़सान नहीं किया जाएगा।

62. And WE burden not any soul except according to his capacity, (OUR Commandments being easy to comply with); and with US is a Book (of Record) speaking with truth, and they, will not, (neither wicked, nor virtuous), be wronged.

63. बल्कि आम लोगों के दिल इन सब बातों से गाफिल हैं और ये लोग अपनी मस्ती में मदहोश हैं और हम ने जिन कामों का हुक्म दिया था उन कामों को छोड़कर दूसरे कामों में लग गए।

63. Nay, but their hearts are covered (blind) from understanding this, (the Quran), and they have other (evil) deeds, besides, which they are doing.

64. यहाँ तक कि जब उनके खुशहाल लोगों को हम ने अज़ाब में धर पकड़ा तो फौरन चीखें मार कर बिलबिलाने लगे।

64. Until, when WE grasp those of them who lead a luxurious life with punishment, behold! They make humble invocation with a loud voice.

لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ ۟ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۶۵﴾ قَدْ كَانَتْ

ہم نے کہا کہ آج کیوں فریاد کرتے ہو اب تم کو ہماری طرف سے کوئی بھی مدد نہیں ملے گی ﴿۶۵﴾ اس لئے کہ ہماری آیات پڑھ

اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿۶۶﴾

پڑھ کر تم کو سمجھانے کی کوشش کچھ لوگ برابر کرتے رہے مگر تم تھے کہ اپنی ایڑیوں کے بل اُلٹے پاؤں نصیحت سے بھاگتے رہے ﴿۶۶﴾

مُسْتَكْبِرِيْنَ ۖۚ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿۶۷﴾ اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا

افسانے اور قصے کہانیوں سے تم کو اپنی بڑائی ہانکنے میں بہت دلچسپی تھی ﴿۶۷﴾ کیا ان لوگوں نے ہمارے فرمان پر

الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾

سوچ بچار نہیں کیا اور کیا ان کے پاس کوئی انوکھی بات آگئی جو ان کے پہلے کے باپ دادوں کے پاس نہ آئی ہو ﴿۶۸﴾

اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۶۹﴾ اَمْ

کیا انھوں نے اپنے پیغام لانے والے کو کبھی نہیں پہچانا یا انجان بن کر اس کی بات کو ٹال دیا ﴿۶۹﴾ یا تو انجان

يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ

بنے رہے یا اب یہ کہتے ہیں کہ اسے دیوانگی ہے نہیں دیوانہ پن کی بات پہلے نبی نے کبھی نہیں کی بلکہ ان کے سامنے حق بات لے کر آئے ہیں اور ان

لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ

لوگوں کی بڑی تعداد حق کو ناپسند کر کے کراہیت کی نظر سے دیکھتی ہے ﴿۷۰﴾ حق اگر ان کی خواہش کے مطابق ذرا دیر کو بھی چلے تو آسمان اور زمین اور جو

السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ

کوئی ان میں ہیں سب تباہی اور فساد میں ٹوٹ پھوٹ ہو جاتے بلکہ ہم نے قرآن کے پاس ان کا تذکرہ اور نصیحت نامہ بھیجا ہے

فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۷۱﴾ ۭ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا

اور یہ ہیں کہ اپنا بھلا چاہنے سے کتراتے ہیں ﴿۷۱﴾ کیا آپ نے کبھی ان سے اُجرت کا سوال کیا

فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ڰ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَاِنَّكَ

ہے آپ کے لئے تو آپ کے رب کا دیا ہوا مال ہی خیر و برکت والا ہے اور وہی سب سے بہتر رزق دینے والا ہے ﴿۷۲﴾ اور آپ تو بیشک

لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۳﴾ وَاِنَّ الَّذِيْنَ

ان کو سیدھے راستے کی طرف دعوت دے رہے ہیں ﴿۷۳﴾ آخرت پر جن لوگوں کا ایمان

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَلَوْ

نہیں وہ سیدھی راہ سے دور بھاگتے ہیں ﴿۷۴﴾ اگر ہم

رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ

ان پر رحم کر کے ان کی تکلیف کو دور فرمائیں تب بھی یہ ہمارا احسان مان کر سیدھی راہ پر چلنے کے بجائے اپنی سرکشی میں اندھا دھند

ف۶۵ کسی کو یہ خیال ہو کہ عذاب میں پکڑے گئے اور رجوع ہو کر فریاد کرنے لگے تو معاف کر دینے میں کیا حرج ہے جس کا جواب اگلی آیت میں دیا کہ ہماری آیات پڑھ کر حق پرست لوگ برابر تم کو نصیحت کرتے رہے مگر تم نے ایک نہ سُنی اور اُلٹے پاؤں بھاگتے تھے بلکہ نصیحت کرنے والوں کے مقابلہ میں افسانہ گوئی، کھیل تماشے، ناچ گانے، میلے ٹھیلے، ڈھول تماشے اور ہنسی مذاق کے مجمع لگاتے تھے اور حق کی راہ بتلانے والوں کی کھلّی اُڑاتے تھے جب کسی طرح بھی تم نے راہِ ہدایت قبول نہ کی تو اب عذاب کو دیکھ کر ایمان لانا ہم کو منظور نہیں۔

65. हम ने कहा कि आज क्यों फरियाद करते हो अब तुम को हमारी तरफ से कोई भी मदद नहीं मिलेगी।

65. Implore not loudly this day! Certainly, you shall not be helped by US.

66. इसलिए कि हमारी आयतें पढ़ पढ़ कर तुम को समझाने की कोशिश कुछ लोग बराबर करते रहे मगर तुम थे कि अपनी एड़ियों के बल उलटे पांव नसीहत से भागते रहे।

66. Indeed MY Verses have been explained to you, but you used to turn back on your heels, (not to listen to them);

67. अफसाने और किस्से कहानियों से तुम को अपनी बड़ाई हांकने में बहुत दिलचस्पी थी।

67. in pride (you used to) talk evil about it (the Quran), by night.

68. क्या इन लोगों ने हमारे फरमान पर सोच विचार नहीं किया और क्या इनके पास कोई अनोखी बात आ गई जो इन के पहले के बाप दादों के पास न आई हो।

68. Did they never pondered over the Word (of ALLAH,) or has there come to them what had not come to their fore-fathers?

69. क्या इन्होंने अपने लिए पैग़ाम लाने वाले को भी नहीं पहचाना या अन्जान बन कर उसकी बात को टाल दिया।

69. Or, is it that they did not recognise their Messenger (not acquainted with his sincerity and integrity) so they became his deniers?

70. या तो अन्जान बने रहे या अब ये कहते हैं कि उसे दिवानगी है नहीं ! दिवानापन की बात हमारे नबी ने कभी नहीं की बल्कि उनके सामने हक़ बात लेकर आए है और इन लोगों की बड़ी संख्या हक़ को ना पसन्द नज़र से देखती है।

70. Or they say: "There is madness in him?" nay, but he brought them the Truth; yet most of them are averse to the Truth.

71. हक़ अगर उन की ख्वाहिश के मुताबिक ज़रा देर को भी चले तो आसमान ज़मीन और जो कोई उन में हैं सब तबाही और फसाद में टूट फूट हो जाते बल्कि हम ने तो उनके पास उन का तज़किरा और नसीहत नामा भेजा है और ये हैं कि अपना भला चाहने से कतराते हैं।

71. And were the Truth to follow their desires, there would have been corrupted (confused, ruined and destructed) the heavens and the earth and whatsoever is therein. Nay, WE have come to them with their admonition, and it is from their admonition that they turn away.

72. क्या आप ने कभी उन से उजरत का सवाल किया है आप के लिए तो आप के रब का दिया हुआ माल ही बरकत वाला है और वही सब से बेहतर रिज़्क देने वाला है।

72. Or is it that you (O Prophet!) ask them for some wages? But the recompense of your LORD is better, and HE is the Best of Providers.

73. और आप तो बेशक उन को सीधे रास्ते की तरफ दावत दे रहे हैं।

73. And certainly you (O Prophet!) call them to a Straight Path.

74. आखिरत पर जिन लोगों का ईमान नहीं वो सीधी राह से दूर भागते हैं।

74. But verily those who believe not in the Hereafter are deviating far astray from the Straight Path.

75. अगर हम इन पर रहम करके उनकी तकलीफ को दूर फरमाएं तब भी ये हमारा एहसान मान कर सीधी राह पर चलने के बजाए अपनी सरकशी में अन्धा धुन्द तेज़ी के साथ और धंसते चले जाएंगे।

75. And though WE may have mercy on them, and may remove whatever is distress on them, surely, they would persist in their transgression, wandering blindly.

يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا

تیزی کے ساتھ اور بھٹکتے چلے جائیں گے ﴿۷۵﴾ یقیناً ہم نے اس دنیا کے عذاب میں ان کی دھر پکڑ جاری رکھی مگر پھر بھی یہ لوگ اپنے رب کے آگے جھک

لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۷۶﴾ حَتّٰٓى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا

بار بار گڑگڑائے نہیں اور عاجزی کر کے ڈھیلے بھی نہیں پڑے ﴿۷۶﴾ یہاں تک کہ جب ہم نے ان پر سخت عذاب کے بڑے بڑے

عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَهُوَ

دروازے کھول دیئے تب وہ نا امید ہو کر تباہ ہو گئے ﴿۷۷﴾ وہی اللہ ہے

الَّذِيْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا

جس نے تمہارے لئے کان آنکھیں اور دل بنا دیئے اور تم ہو کر ایسی نعمت عطا کرنے والے کا بھی بہت

مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾ وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَ

تھوڑا شکر مانتے ہو ﴿۷۸﴾ اور یہ اسی کی شان ہے کہ زمین میں تم کو پھیلنے کا موقع دیا اور ایک دن اسی کی طرف گھیر کر سب

اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَلَهُ

جمع کرلئے جاؤ گے ﴿۷۹﴾ وہی اللہ ہے جو زندہ بھی کرتا اور مار بھی ڈالتا اور رات دن کا الٹ پھیر جاری

اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۸۰﴾ بَلْ قَالُوْا

رکھنا صرف اسی کے بس کا کام ہے کیا پھر بھی عقل سے کام نہ لوگے ؟ ﴿۸۰﴾ بلکہ یہ لوگ بھی ایسی ہی بکواس

مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿۸۱﴾ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا

کرتے ہیں جیسی ان سے پہلے کے مشرک بہکی باتیں کیا کرتے تھے ﴿۸۱﴾ کہتے ہیں کہ کیا ایسا ہو سکتا ہے کہ جب ہم مر جائیں گے اور مٹی ہڈی کا ڈھیر

وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۸۲﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَاۗؤُنَا

بن کر مٹی میں مل چکے ہوں گے کیا تب پھر ہمیں زندہ کیا جائے گا ﴿۸۲﴾ یہ دھمکی تو ہم کو دی جا رہی ہے تو اس سے پہلے ہمارے باپ

هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ

دادوں کو بھی ایسا ہی ڈرایا گیا تھا ایسی کہانیاں بہت پہلے سے چلائی جاتی رہی ہیں ﴿۸۳﴾ آپ ذرا ان کو اگر تم بھی

لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۴﴾ سَيَقُوْلُوْنَ

علم رکھتے ہو تو جواب دو کہ آخر زمین کا مالک کون ہے اور اس کے رہنے والے وہ خود موجود ہو گئے اور ان کا باہری عالم کس کی ملکیت ہے ﴿۸۴﴾

لِلّٰهِ ۭ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۵﴾ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ

جواب میں کہیں گے بس ایک اسی سبحانہ کی آپ فرماؤ کہ پھر نصیحت کیوں نہیں قبول کرتے ﴿۸۵﴾ آپ سوال کرو کہ ساتوں آسمانوں اور عرش

وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۸۶﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ اَفَلَا

عظیم یعنی تختِ سلطنت ان سب کا مالک کون ہے ؟ ﴿۸۶﴾ جواب میں یہی کہیں گے کہ اللہ ہی ان سب کا مالک ہے آپ ان سے

منزل ۴

ف ۷۶ بگڑی ہوئی اولاد کے بارے میں دنیا میں کہا جاتا ہے کہ شریر ہیں ان کے ماں باپ انہیں دبائے رکھتے ڈھیل نہ دیتے اور بگڑتے ہی فوراً سزا دیتے تو آج یہ بُرا حال نہ ہوتا اس طرح کا الزام اللہ پر کوئی نہ رکھ سکے اس لئے فرمایا کہ ہم نے موقع موقع پر جب ضروری ہوا دنیا میں ان کے گناہ پر پکڑ دھکڑ اور سزا کا سلسلہ جاری رکھا مگر پھر بھی یہ اپنی حرکتوں سے باز نہ آئے اور اپنے رب کے سامنے گڑگڑا کر معافی نہیں مانگی بلکہ عذاب کا دور ختم ہونے پر جیسے پہلے تھے ویسے ہی رہے آج بھی کہیں زلزلہ سیلاب قحط فساد ہوتے ہیں تو لوگ اس کے ظاہری اسباب کا چرچا کرتے ہیں کہ ایسا ہوا ویسا ہوا اس وجہ سے ہوا اُس وجہ سے ہوا نہیں جانتے کہ عذاب کے فیصلے آسمان سے جاری ہوتے ہیں انسان اس سے عبرت حاصل کر کے مالک کے سامنے جھک گیا وہ سنبھل گیا یا بہلنے تلاش کر کے اپنی عادت نہ چھوڑی وہ نامراد ہے۔

ف ۷۹ اللہ نے زمین میں دریا، ندی نالے، جھیل، سمندر، خشکی، جنگل اور پہاڑ اس ڈھب پر ڈالے کہ انسانی آبادی پھیل سکے اگر کسی تنگ اور بے منصوبہ جگہ پر آدم کا گھرانہ بسایا جاتا تو سب کا دم گھٹ جاتا کشادہ رہائش، وطن، گاؤں، شہر، محلہ اور گھر مکان آنگن یہ سب اللہ کی نعمتیں ہیں اس کا شکر ماننا ضروری ہے۔

ف ۸۳ مشرکین کو جب دعوتِ قرآن کے ذریعہ آخرت کی بات بتائی گئی اور موت کے بعد زندگی اور حشر و حساب جنت جہنم کی تفصیلات بتائی گئیں تو انھوں نے جواب میں کہا کہ یہ سب ڈرانا دھمکانا بہت پہلے سے جاری ہے مگر کوئی مر کر دو

76. यकीनन हम ने इस दुनिया के अज़ाब में उनकी धर पकड़ जारी रखी मगर फिर भी ये लोग अपने रब के आगे थक हार कर गिरे नहीं और आजेज़ी कर के ढीले भी नहीं पड़े।

77. यहाँ तक कि जब हम ने उन पर सख्त अज़ाब के बड़े बड़े दरवाज़े खोल दिए तब वो ना उम्मीद होकर तबाह हो गए।

78. वही अल्लाह है जिस ने तुम्हारे लिए कान आंखें और दिल बना दिए और तुम हो कि ऐसी नेअमत अता करने वाले का भी बहुत थोड़ा शुक्र मानते हो।

79. और ये उसी की शान है कि ज़मीन में तुम को फैलने का मौका दिया और एक दिन उसी की तरफ घेर घार कर सब जमा कर लिए जाओगे।

80. यही अल्लाह है जो ज़िन्दा भी करे और मार भी डाले और रात दिन का उलट फेर जारी रखना सिर्फ उसी के बस का काम है क्या फिर भी अक़ल से काम न लोगे ?

81. बल्कि ये लोग भी ऐसी ही बकवास करते हैं जैसी इन से पहले के मुश्रिक बेतुकी बातें किया करते थे।

82. कहते हैं कि क्या ऐसा हो सकता है कि जब हम मर जाएंगे और सड़ी हड्डी का ढेर बन कर मिट्टी में मिल चुके होंगे क्या तब फिर हमें ज़िन्दा किया जायेगा ?

83. ये धाक धमकी जो हम को दी जा रही है तो इस से पहले हमारे बाप दादों को भी ऐसा ही डरा दिया गया था ऐसी कहानियाँ बहुत पहले से चलाई जाती रही हैं।

84. आप कह दो कि अगर कुछ भी इल्म रखते हो तो जवाब दे दो कि आख़िर ज़मीन का मालिक कौन है ? और इस के ऊपर बसने वाले और अन्दर जो दफन हो गए और अन्दर बाहर की तमाम चीज़ पर किस की मिलकियत है ?

85. जवाब में बस एक ही सांस में फौरन कहेंगे कि अल्लाह ! तो आप फरमा दो कि फिर नसीहत क्यों नहीं कबूल करते।

86. आप सवाल करो कि सातों आसमानों और अर्शे अज़ीम यानी तख्ते सलतनत इन सब का मालिक कौन है ?

87. जवाब में यही कहेंगे कि अल्लाह ही इन सब का मालिक है आप उन से फरमा दो कि फिर तुम अल्लाह से डरते क्यों नहीं ?

76. And indeed WE seized them with punishment, but they humbled not themselves to their LORD, nor did they invoke with submission to HIM.

77. Until, when WE shall open for them the gate of severe punishment, then Lo! They will be plunged into destruction with deep regrets, sorrows, and in despair. | 4 | 27 | 4 |

78. It is HE, Who has created for you (the sense of) hearing, sight and hearts (understanding); but little thanks you give!

79. And HE it is Who spread you on the earth, and to HIM you shall be gathered (in due course).

80. And HE it is Who gives life and causes to die; and HIS is the alternation of night and day; will you not then reflect (to HIS unity and Omnipotence)?

81. Nay, but they say the like of what the man of old said.

82. They say: "When we are dead and have become dust and bones, shall we be raised up indeed, (and resurrected)?"

83. "Certainly this we have been promised, we and our fathers, before; but this is nothing else than the fables of ancients!"

84. Say you: "Whose is the earth and whosoever is therein? If you know!"

85. They will surely say: "It is ALLAH's!" Say: "Will you not then be admonished?"

86. Say you: "Who is the LORD of the seven skies and the LORD of the Mighty Throne?"

87. They will certainly say "ALLAH!" say you: "Will you not then be conscious of HIM?"

تَتَّقُوْنَ ﴿٨٧﴾ قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ

فرماؤ کہ پھر تم اللہ سے ڈرتے کیوں نہیں؟ (۸۷) آپ کہہ دو کہ ہر چیز کی بادشاہت ملکیت اور اس پر کامل اختیار کس کے ہاتھ میں ہے اور کون ہے جو

وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٨﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ

سب کو پناہ دیتا ہے اور اس کے مقابلے میں کسی کو بھی کوئی پناہ دے کر بچا نہیں سکتا اگر تم جانتے ہو تو اس سوال کا جواب دو (۸۸) ان کے پاس اس کا ایک ہی

قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ﴿٨٩﴾ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ

جواب ہوگا کہ سب کچھ اللہ کے لیے ہے آپ فرماؤ کہ پھر تم کیسے عقل سے عاری ہو کر بہکاوے میں آ جاتے ہو (۸۹) بلکہ حقیقت یہ ہے کہ ہم نے اپنے طور پر خود ہی ان کے پاس حق بات پہنچا دی

لَكٰذِبُوْنَ ﴿٩٠﴾ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ

انتظام فرمایا اور یہ لوگ جو تم پر کرتے ہیں جھوٹے ہی ہیں (۹۰) کسی کو بیٹا بنانے کی اللہ کو بھلا کیا ضرورت پڑی ہے اور اللہ کے ساتھ دوسرا کوئی بھی معبود

مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ

کیسے ہو سکتا ہے اگر ایسا کچھ بھی ہوتا تو ہر معبود اپنی اپنی مخلوق کو لے کر الگ نکل جاتا اور ایک

عَلٰى بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿٩١﴾ عٰلِمِ الْغَيْبِ وَ

دوسرے پر چڑھائی کر دیتا ان کی ہر بکواس سے اللہ بے عیب اور پاک ہے (۹۱) وہی غیب اور ظاہر کو جاننے والا

الشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٩٢﴾ قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّيْ

ہے بہت بلند اور اعلیٰ ہے ان تمام عیبوں سے پاک ہے جو مشرک بیان کرتے ہیں (۹۲) آپ دعا کرو کہ اے میرے رب ان سے عذاب کا جو وعدہ

مَا يُوْعَدُوْنَ ﴿٩٣﴾ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٩٤﴾

کیا گیا ہے وہ مجھے دکھا دیں اگر تب بھی (۹۳) میرے رب مجھے کسی طرح بھی ظالم قوم کے ساتھ شامل نہ کیجیو (۹۴)

وَاِنَّا عَلٰٓى اَنْ نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ ﴿٩٥﴾ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ

ہم اس پر پورے طور پر قدرت رکھتے ہیں کہ عذاب کا جو وعدہ ہم ان سے کر رہے ہیں وہ آپ کو دکھا دیں (۹۵) ان کی بری حرکتوں کو

هِيَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ؕ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ ﴿٩٦﴾ وَ

بھلے طریقے سے ٹالتے رہو ہم کو اچھی طرح معلوم ہے کہ وہ کیا بکواس کرتے ہیں (۹۶) اور

قُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٩٧﴾ وَاَعُوْذُ

آپ یوں دعا کرتے رہو کہ اے میرے پروردگار میں پناہ طلب کرتا ہوں کہ مجھے شیطانوں کی چھیڑ چھاڑ سے بچا کر اپنی حفاظت میں لے لے (۹۷) اے میرے

بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿٩٨﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ

رب مجھے تو اس سے بھی بچا لے کہ وہ میرے پاس آئیں (۹۸) یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کی موت آئے گی تو خوب بلبلا کر

قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿٩٩﴾ لَعَلِّيْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ

کہے گا اے میرے رب مجھے دنیا میں واپس لوٹا دے (۹۹) تاکہ جو عمل کرکے آیا ہوں اسے چھوڑ کر نیک عمل ساتھ لے آؤں یہ اس کے منہ کا بول

اب تک زندہ ہوا نہیں ہمیں دنیا کے عزیز لوٹنے سے روکنے کے لیے یہ بات بہت پہلے سے چلائی جا رہی ہے اور کچھ نہیں بس دنیا کی زندگی ہے جس کے موت آئی مر گئے بات ختم ہوئی کہاں کا پھر دوبارہ جی اٹھنا اور کیسی قیامت؟ اگر یہ سب کچھ ہونا تھا تو اب تک کیوں نہ ہو گیا یہ اعتراض اور یہ ذہنیت آج بھی بہت سے بیوقوفوں میں دیکھی جا سکتی ہے مگر نہیں جانتے کہ کیا ہر زمانہ میں اس نبی کی دعوت پر قیامت ہوگی یا بڑے بوڑھوں کے دور کے خاتمے پر حشر و حساب کا دن کھڑا ہو جائے گا ایسی بات تو کبھی نہیں کہی گئی بلکہ آخر دن جب آوے گا تو تمام مرے مردوں کو اکٹھا زندہ کرکے حساب لینے کی بات کہی گئی ہے اور اس وعدہ کو پورا ہونے کے لیے ضروری ہے کہ آخری پیدا ہونے والے انسان کے بعد نسل آدم کو روک دیا جائے اور سب زندوں کو مار ڈالنے کے بعد قیامت ہو ظاہر ہے کہ اس وعدے کو دیکھنے کے لیے تمام زندوں کا مر جانا ضروری ہے اور تمام لوگوں کا دوسری بار زندہ ہونا ضروری ہے اور یہ ابھی کہاں ہوا جب ہوگا تو اس وقت ہمارے مان کر کسی کو کیا نفع ہے جو کچھ نفع کمانا ہو تو آج ایمان لا کر نیکی کرکے گناہ سے بچ جائے۔

ع ۵

ف۹۳ مشرک سوسائٹی اور اس کے چودھری اپنے شرک میں ہر زمانہ میں بہت دھاندلی سے اہل حق کا مقابلہ کرتے رہے لیکن جہاں تک دلیل اور حجت کا تعلق ہے کسی بات میں ان کی چلنے نہیں پاتی یہاں اللہ نے ان سے ایک نیا سوال کرنے کو اپنے نبی سے فرمایا کہ ان سے پوچھو اور جواب بھی طلب کرو کہ یہ زمین اور اس کا اوپر اور اندر کی چیزوں کا مالک آخر کون ہے؟

88. आप कह दो कि हर हर चीज़ की बादशाहत मिलकियत और उस पर मुकम्मल इख़्तियार किस के हाथ में है ? और कौन है जो सब को पनाह देता है और उस के मुक़ाबले में किसी को भी कोई पनाह देकर बचा नहीं सकता अगर कुछ जानते हो तो इस सवाल का जवाब दो।

89. उन के पास इस का सिर्फ़ एक ही जवाब होगा कि सब कुछ अल्लाह के लिए है आप फ़रमा दो कि फिर तुम ख़बती पन के शिकार क्यों बनते हो।

90. बल्कि हक़ीक़त ये है कि हम ने तो अपने तौर पर ख़ुद ही उन के पास हक़ बात पहुँचाने का इन्तेज़ाम फ़रमाया और ये लोग झूठे हैं कि मानते ही नहीं।

91. किसी को बेटा बनाने की अल्लाह को भला क्या ज़रूरत पड़ी है और अल्लाह के साथ दूसरा कोई भी मअबूद कैसे हो सकता है ? अगर ऐसा कुछ भी होता तो हर मअबूद अपनी अपनी मख़लूक़ को लेकर अलग निकल जाता और एक दूसरे पर चढ़ाई कर देता इन की हर बकवास से अल्लाह बे ऐब और पाक है।

92. वही ग़ैब और ज़ाहिर को जानने वाला है बहुत बुलन्द है इन तमाम ऐबों से पाक है जो मुश्रिक बयान करते है।

93. आप दुआ करो कि ऐ मेरे रब उन से अज़ाब का जो वादा किया गया है अगर वो मुझे दिखा भी दें तब भी।

94. मेरे रब मुझे किसी मौक़े पर भी ज़ालिम क़ौम के साथ शामिल न कीजिये।

95. हम इस पर पूरे तौर पर क़ुदरत रखते हैं कि अज़ाब का जो वादा हम इन से कर रहे हैं वो आप को दिखा दें।

96. उन की बुरी हरकतों को भले तरीक़े से टालते रहो हम को अच्छी तरह मालूम है कि वो क्या बकवास करते हैं।

97. और आप यूँ दुआ करते रहो कि ऐ मेरे पालनहार मैं शरण माँगता हूँ कि मुझे शैतानों की छेड़ छाड़ से बचा कर अपनी हिफ़ाज़त में ले ले।

98. ऐ मेरे रब मुझे तू इससे भी बचा ले कि वो मेरे पास आएं।

99. यहाँ तक कि जब इन मे से किसी की मौत आएगी तो ख़ूब बिलबिला कर कहेगा ऐ रब मुझे दुनिया में वापस लौटा दे।

88. Say: "In whose hand is the sovereignty of everything and who protects all, but against whom there is no protector; if you know?"

89. They will say: "(All that belongs) to ALLAH!" (You) say: "How then are you deceived and turn away from the Truth?"

90. Nay, but WE have brought them the truth, and verily they are the liars.

91. No son (or any offspring) did ALLAH beget, nor is there any "Ilah" (deity) alongwith HIM; else each god ("Ilah") would have taken away what he had created, and some would have tried to overcome others! Glorified be ALLAH above all that they attribute to, (or associate with), HIM.

92. All-Knower of the unseen and the seen! Exalted be HE over all that they associate (as partners to HIM!). 5 15 5

93. Say you: "My LORD! If you will show me (in my life-time) that with which they are threatened, (torment);

94. then my LORD! (save me) and put me not among the unjust (wrong-doing) folk.

95. And indeed WE are Able to show you (O Prophet!) that with which WE have threatened them.

96. Repel (you) the evil, (in the meantime,) with what is Best- (forgiveness and clemency-); WE are well Aware of what they utter.

97. And say: "My LORD! I seek refuge with YOU from the whisperings (incitements) of the devils!"-

98. "And I seek refuge with YOU, My LORD! Lest they may come near me."

99. Until, when death comes to one of them, he says: "My LORD! Send me back (to life);

كَلَّا ۚ إِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَائِلُهَا ۖ وَمِن وَرَائِهِم

ہو گا جو وہ کہے جا رہا ہو گا جواب ملے گا نہیں نہیں ہرگز نہیں اب تم کو دنیا میں جانے کا موقع نہیں دیا جائے گا اور اُن کے پیچھے ایک عالم برزخ

بَرْزَخٌ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ﴿١٠٠﴾ فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ

کی آڑ ہو گی اُس دن تک جب کہ مُردوں کو زندہ کیا جائے گا (۱۰۰) بس جب صور پھونکا جائے گا اُس دن اُن کے آپس

فَلَا أَنسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَلَا يَتَسَاءَلُونَ ﴿١٠١﴾ فَمَن

کے کوئی رشتے ناتے بھی کام نہ آئیں گے اور کوئی کسی کو پوچھنے والا بھی نہ ہو گا (۱۰۱) آج وزن کے

ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿١٠٢﴾ وَمَنْ

دن جس کا پلڑا بھاری ہو گیا بس ایسے ہی لوگ کامیاب ہوں گے (۱۰۲) اور نیکی کے تول

خَفَّتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا

میں جس کا وزن ہلکا پڑا ایسے لوگوں نے خود اپنا ہی نقصان کیا اور اُن کو

أَنفُسَهُمْ فِي جَهَنَّمَ خَالِدُونَ ﴿١٠٣﴾ تَلْفَحُ وُجُوهَهُمُ

جہنم میں ہمیشہ رہنا ہو گا (۱۰۳) آگ کی مار اُن کے چہروں کو جھلس ڈالے

النَّارُ وَهُمْ فِيهَا كَالِحُونَ ﴿١٠٤﴾ أَلَمْ تَكُنْ آيَاتِي تُتْلَىٰ

گی اور جہنم میں اُن لوگوں کی شکلیں بگڑ کر بھیانک ہو جائیں گی (۱۰۴) ان سے کہا جائے گا کہ کیا میری آیتیں تم پر پڑھ پڑھ کر سنائی

عَلَيْكُمْ فَكُنتُم بِهَا تُكَذِّبُونَ ﴿١٠٥﴾ قَالُوا رَبَّنَا غَلَبَتْ

نہ جاتی تھیں اور تم تھے کہ ان سب نشانیوں کو جھوٹ ثابت کرنے میں بڑھ بڑھ کر لگے تھے (۱۰۵) وہ اُس دن واویلا کریں گے کہ اے ہمارے رب ہم پر

عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَالِّينَ ﴿١٠٦﴾ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا

ہماری بدبختی نے گھیرا ڈالا اور ہم گمراہ قوم ثابت ہوئے (۱۰۶) اے ہمارے رب ہم کو یہاں سے

مِنْهَا فَإِنْ عُدْنَا فَإِنَّا ظَالِمُونَ ﴿١٠٧﴾ قَالَ اخْسَئُوا فِيهَا

نکال بھیج اگر ہم پھر بھی ویسا ہی کریں جیسا آپ کے آگے کر چکے ہیں تو واقعی ہم پکے ظالم قرار دیے جائیں (۱۰۷) اللہ فرمائے گا دھتکارے ہوئے پھٹکارے ہوئے اسی میں پڑے رہو

وَلَا تُكَلِّمُونِ ﴿١٠٨﴾ إِنَّهُ كَانَ فَرِيقٌ مِّنْ عِبَادِي

اور ہم سے اب سوال کرنے کی بات ہی نہ کرنا (۱۰۸) تمہارا سب سے بڑا قصور یہ ہے کہ دنیا میں ہمارے بندوں کی ایک جماعت ایسی تھی جو

يَقُولُونَ رَبَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنتَ خَيْرُ

کہتی تھی کہ اے ہمارے رب ہم ایمان لائے بس اب ہماری مغفرت فرما دے اور ہم پر رحم فرما اور تو ہی سب سے بڑھ

الرَّاحِمِينَ ﴿١٠٩﴾ فَاتَّخَذْتُمُوهُمْ سِخْرِيًّا حَتَّىٰ أَنسَوْكُمْ

کر رحم فرمانے والا ہے (۱۰۹) ان لوگوں کی تم نے کھلی اڑائی اور اُن کا پیچھا کرنے کی مشغولیت نے تم کو ہماری یاد

منزل ۴

ف۹۷، ۹۸ یعنی پاس نہ آویں، جھگڑا ہو شیطان کا اکسانا، چھیڑ چھاڑ، شرارت، وسوسہ اندازی، غصہ دلانا اور جھوٹے اعتراض سے داعی کو غمگین کرنا اور اس طرح کی اوچھی حرکتیں کرنا کہ کسی نہ کسی وقت داعی آپے سے باہر ہو جاوے اور انتہا پسندی کی نوبت آئے بس شیطان اور اُس کے چیلوں کا کام بن گیا ایسے تمام موقعوں سے بچنے کے لیے یہ دعا بہت تاثیر رکھتی ہے۔

ف۹۹، ۱۰۰ مرتے دم تک دنیا میں وہی کچھ کرتے رہے کہ حق دب جائے اور ان کی باطل پرستی چل پڑے اور کسی طرح بھی لوگ ایمان، توحید، آخرت اور رسالت کو خالص اعتقاد کے ساتھ قبول نہ کر سکیں لیکن جیسے ہی موت کے شکنجے میں کس لیے گئے خوب چلانے لگے کہ ہم تو بہت غلط کام کرتے تھے اب ہم کو دنیا میں واپس بھیج دیجیے کہ پھر ایسا کام نہ کریں گے مگر یہ صرف بکواس ہو گی جو وہ لوگ کہے جا رہے ہوں گے انجام ان کا یہ ہو گا کہ برزخ میں قیدی بن کر قیامت تک پڑے رہیں گے جب تک کہ تمام مردوں کو زندہ کر کے اٹھانے کا دن نہ آ جائے تب تک ایسے لوگ بڑی تکلیف اور غم یاسی اور خوف میں اپنا وقت گذارنے کے لیے مجبور ہوں گے موت کے بعد انسان کی روح آخرت کا دن آنے تک ایک خاص مقام میں رہتی ہے جسے عالم برزخ کہا جاتا ہے عالم قبر بھی برزخ کا ہی ایک حصہ ہے۔

ف۱۰۱ زمین آسمان کی توڑ پھوڑ کے پہلے ایک صور پھونکا جائے گا جس کی آواز سے کان پھٹ جائیں گے اور پوری دنیا میں ایک گھبراہٹ اور افراتفری ہو گی ایسی بھگدڑ مچے گی کہ کوئی کسی کا پرسان حال نہ ہو گا

100. ताकि जो अमल करके आया हूँ इसे छोड़ कर नेक अमल साथ ले आऊं ये उसके मुँह का बोल होगा जो वो कहे जा रहा होगा जवाब मिलेगा नहीं नहीं हर्गिज़ नहीं अब तुम को दुनिया मे जाने का मौका नहीं दिया जाएगा और उनके पीछे एक आलमे बरज़ख की आड़ होगी उस दिन तक जब कि मुर्दों को जिन्दा किया जाएगा।

101. बस जब सूर फूंका जाएगा उस दिन उनके आपस के कोई रिश्ते नाते भी काम न आएंगे और कोई किसी को पूछने वाला भी न होगा।

102. आज वज़न के दिन जिसका पल्ला भारी हो गया बस ऐसे ही लोग कामयाब होंगे।

103. और नेकी के तौल में जिस का वज़न हलका पड़ा ऐसे लोगों ने खुद ही अपना नुकसान किया और उन को जहन्नम में हमेशा रहना होगा।

104. आग की मार उनके चेहरों को झुलस डालेगी और जहन्नम में इन लोगों की शकलें बिगड़ कर भयानक हो जाएंगी।

105. उन से कहा जाएगा कि क्या मेरी आयतें तुम पर पढ़ पढ़ कर सुनाई न जाती थीं और तुम थे कि इन सब निशानियों को झूठ साबित करने में बड़ा ज़ोर लगाते थे।

106. वो उस दिन बोलेंगे कि ऐ हमारे रब हम पर हमारी बदबख्ती ने घेरा डाला और हम गुमराह कौम साबित हुए।

107. ऐ हमारे रब हम को यहाँ से निकाल भेज अगर हम फिर भी वैसा ही करें जैसा अब करके आए हैं तो वाकई हम पक्के ज़ालिम करार दिए जाएं।

108. अल्लाह फरमाएगा कि धुत्कारे फटकारे इसी में पड़े रहो और हम से अब सहूलत मांगने की बात ही न करना।

109. तुम्हारा सब से बड़ा कुसूर ये है कि दुनिया में हमारे बन्दो की एक जमाअत ऐसी थी जो कहती थी कि ऐ हमारे रब हम ईमान लाए बस अब हमारी मग़फेरत फरमा दे और हम पर रहम फरमा और तू ही सब से बढ़ कर रहम फरमाने वाला है।

100. "so that I may work righteously in what I have left." By no means! It is but a word that he utters; and behind them is a barrier until the Day when they will be raised (and resurrected).

101. Then, when the Trumpet is blown, there will be no kinship among them that day, nor will they be able to ask each other.

102. Then, those whose scales (of good deeds) are heavy,-these! They are the successful.

103. And those whose scales (of good deeds) are light,- these are they who would have lost their own selves; in Hell they shall abide.

104. The Fire will burn their faces, and therein they shall be groaning (with pain and agony).

105. "Have not MY Revelations been rehearsed to you, and to them you used to belie?"

106. They will say: "Our LORD! Our wretchedness overcame us, and we have been an erring people."

107. "Our LORD! Bring us out of this, (and send us to the world once more), then if we revert (to sin), then indeed, we shall be unjust (wrong-doers)."

108. (ALLAH) will say: "Slink unto it- (Hell-with ignominy); and speak you not to ME."

109. Verily there was a party of MY bondmen who used to say: "Our LORD! We have believed, so forgive us and have mercy upon us, for YOU are the Best of all who show mercy!"

ذِكْرِي وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُونَ ﴿۱۱۰﴾ اِنِّي جَزَيْتُهُمُ

بھی بھلادی اور ان کی بات کو تم ہنسی میں اڑا دیا کرتے تھے (۱۱۰) ان کو ہم نے ان کے صبر کی وجہ سے

الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ قٰلَ كَمْ

خوب اچھا بدلہ دیا کہ آج وہی کامیاب ہو کر مراد کو پہنچ گئے (۱۱۱) اللہ فرمائے گا کہ تم

لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ

زمین میں گنتی کے جو چند برس رہ کر واپس آئے تو کتنے سال وہاں رہے تھے (۱۱۲) وہ بولیں گے کہ ہم دنیا میں کیا رہے یہی کچھ کہ ایک

بَعْضَ يَوْمٍ فَسْئَلِ الْعَآدِّيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا

دن یا دن کا ایک حصہ گنتی کرنے والوں سے پوچھ لیا جائے (۱۱۳) ارشاد ہوگا کہ ہاں بہت تھوڑا ہی رہے مگر اس حقیقت

لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ

کے علم کو جان لیتے کہ تم نے کچھ پرواہ نہیں کی (۱۱۴) کیا تم نے یہ سمجھ رکھا تھا کہ ہم نے تم کو یوں ہی بے مقصد پیدا کیا

عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ

تھا اور تم کو ہمارے پاس واپس لوٹ کر نہیں آنا تھا (۱۱۵) اللہ بہت بلند اور اعلیٰ ہے سچا بادشاہ

الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ

ہے اس کے سوا کوئی دوسرا معبود ہو ہی نہیں سکتا اور عزت والے عرش کا رب بھی صرف وہی ہے (۱۱۶) جو شخص بھی

يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا

اللہ کے ساتھ ملا کر کسی اور سے بھی دعا کرے تو اس کی یہ دعا بے دلیل ہے ایسے آدمی سے اس کے رب کے حضور بڑا سخت

حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ

حساب لیا جائے گا ایسے لوگ تو کافر ہو گئے جن کو کبھی کامیابی نہیں مل سکتی (۱۱۷) بس آپ

رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ ع

دعا کرتے رہو کہ اے میرے رب بخش دے اور رحم فرما اور سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والا تو ہی ہے (۱۱۸)

آیاتها ۶۴ (۲۴) سُوْرَةُ النُّوْرِ مَدَنِيَّةٌ (۱۰۲) رکوعاتها ۹

سورۂ نور مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی اس میں ۶۴ آیات اور ۹ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ

یہ سورۃ ہم نے نازل فرمائی اور اس میں بتلائے گئے حکموں کی تعمیل کو ہم نے فرض کر دیا روشنی سے بھرپور صاف صاف آیات ہم نے نازل

ماں اپنے دودھ پیتے بچہ کو بھول جائے گی وحشی جانور اور انسان ایک جگہ جمع ہو جائیں گے دریاؤں میں آگ لگے گی زمین پہاڑ ہٹ کر چٹیل ہو جائیں گے آسمان کے چیتھڑے ادھر فلک رہے ہوں گے سورج لپیٹ لیا جائے گا، چاند بے نور ہو جائے گا ستارے تمام جھڑ چکے ہوں گے اور زمین کا تمام نظام ایسا درہم برہم ہو گا کہ آدمی اب اس زمین پر بس نہ سکے گا تب قیامت واقع ہوگی اور پھر زمین دوبارہ اپنے رب کے نور سے چمک اٹھے گی اور تمام مردے زمین سے نکل کر رب العالمین کے حضور قیام پذیر ہوں گے حشر و حساب کا دن آنے سے پہلے خطرہ کا بگل بجانے کو حضرت اسرافیل آج بھی صور پھونکنے کے لئے تیار کھڑے ہیں صرف اللہ کے حکم کی دیر ہے۔

و ۱۰۹،۱۱۰،۱۱۱ جہنم میں جانے والے ایک خاص طبقہ کا یہاں ذکر ہے جو دنیا میں خدا کے سیدھے سادے نیک بندوں کو بہت چھیڑ چھاڑ کرتے، طعنے کستے، الزام لگاتے اور اُن کا تماشا بنایا کرتے رہے کہ اللہ کی یاد اور خوف بھی اُن کے دل میں باقی نہ رہا اس رات دن ان لوگوں کے پیچھے ہاتھ دھو کر پڑے رہے جو لوگ ایمان لاکر اپنی مغفرت کی فکر میں لگ گئے اور خدا کی رحمت کی تلاش میں کوشش کرتے رہے اور اعتراض کرنے والوں کے قول اور ایذا رسانی دشمنی اور سختی پر صبر کرتے رہے۔ آخر یہ لوگ ایمان، عمل، دعا اور صبر کے سبب کامیاب ہو کر جنت میں پہنچ گئے اور وہ لوگ دوزخ کے اندر مایوسی میں جا پڑے جو دنیا میں ان پر رات دن ملامت کرتے تھے اور ان کو بے دین جان کر اُن کا مذاق اُڑانے میں مشغول رہے کہ نہ خدا یاد رہا نہ اپنی عاقبت کی فکر۔

110. उन लोगों की तुम ने खिल्ली उड़ाई और उन का पीछा करने की मशग़ूलियत ने तुम को हमारी याद भी भुला दी और उन की बात को तुम हंसी में उड़ाया करते थे।

111. उन को हमने उन के सब्र की वजह से खूब अच्छा बदला दिया कि आज वो ही कामयाब होकर मुराद को पहुँच गए।

112. अल्लाह फरमाएगा कि तुम ज़मीन में गिनती के चन्द वर्ष रह कर वापस आए तो कितने साल वहाँ रहे थे ?

113. वो बोलेंगे कि हम दुनिया में क्या रह पाए यही कुछ कि एक दिन या दिन का एक हिस्सा गिनती करने वालों से पूछ लिया जाए।

114. इरशाद होगा कि हाँ बहुत थोड़ा ही रहे मगर इस हकीकत के इल्म को जान लेने की तुम ने कुछ परवाह नहीं की।

115. क्या तुम ने ये समझ रखा था कि हम ने तुम को यूं ही बे मकसद पैदा किया था और तुम को हमारे पास लौट कर नहीं आना था।

116. अल्लाह बहुत बुलन्द है सच्चा सच्चा बादशाह है उस के सिवा कोई दूसरा मअबूद हो ही नहीं सकता और इज़्ज़त वाले अर्श का रब भी सिर्फ वही है।

117. जो शख़्स भी अल्लाह के साथ मिला कर किसी और से भी दुआ करे तो उस की ये दुआ बे दलील है ऐसे आदमी से उस के रब के हुज़ूर बड़ा सख्त हिसाब लिया जाएगा ऐसे लोग तो काफिर हो गए जिन को कभी कामयाबी नहीं मिल सकती।

118. बस आप दुआ करते रहो कि ऐ मेरे रब बख़्श दे और रहम फरमा और सब से बढ़ कर रहम फरमाने वाला तू ही है।

24. नूर

सूरह नूर मदीना में उतारी गई इस में चौसठ (64) आयतें हैं और नौ (9) रुकूअ हैं।

"शुरू अल्लाह के नाम से जो बड़ा मेहरबान बहुत बहुत रहम करनेवाला है।"

1. ये सूरह हम ने नाज़िल फरमाई और इसमें बताए गए हुक्मों की तामील को हमने फर्ज कर दिया रौशनी से भरपूर साफ साफ आयतें हम ने नाज़िल फरमाई है ताकि इन हुक्मों पर अमल करने में तुम्हारा ध्यान बना रहे।

110. But you took them for a laughing stock, so much so that (this your mockery and ridiculous activities) caused you to forget remembrance of ME, while you used to laugh at them.

111. (Whereas they!) Verily, I have rewarded them this Day for their patience, (over the cruel insults you offered them); they are indeed the ones that are successful.

112. (ALLAH) will say: "How long did you stayed on the earth in number of years?"

113. They will say: "We lived a day or part of a day; question them who keep count!"

114. (ALLAH) will say: "You lived a little indeed; would that you had only known! (in your life-time!)"

115. Do you consider that WE have created you (O mankind!) invain, (with no serious purpose), and that to US you are not to return? (for account?)

116. So Exalted be ALLAH, the True King! None has the right to be worshipped but HE; the LORD of the Honoured Throne.

117. And whoever invokes (or worships), beside ALLAH, any other "Ilah" (deity), of whom he has no proof, then his reckoning is only with his LORD. Surely, the disbelievers will not be successful.

118. And Say: "My LORD! Forgive and have mercy upon me! For, YOU are the Best of those who show mercy." 6 26 6

24. SURAH: AN-NOOR

REVEALED AT MADINA

(CONTAINS) 64 AYATS AND 9 RUKUS.

In the name of ALLAH,

the Most Beneficent, Most Merciful.

1. (This is) a Surah (chapter of the Quran) which WE have sent down, and which WE have enjoined (its legal laws); and therein WE have sent down revelations manifest, that you may be admonished.

منزل۴

لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ① اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ

فرمائی ہیں تاکہ ان احکامات پر عمل کرنے میں تمہارا دھیان رہے ① بدکار عورت اور بدکار مرد ہر ایک کو سو سو کوڑے مارو اگر تم اللہ اور یوم

وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ص وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ

آخرت پر ایمان رکھتے ہو تو اللہ کے دین کا یہ قانون لاگو کرنے میں تم کو کسی کا لحاظ کرنے اور ترس

فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ

کھانے کی ضرورت نہیں اور ان دونوں کو سزا دیتے وقت ایمان والوں

وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ② اَلزَّانِيْ

کی ایک جماعت کو حاضر رہنا چاہیے ② زناکار مرد کو

لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ز وَّالزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَآ

نکاح کرنے کے لئے بدکار یا مشرک عورت کے سوا اور کہاں ٹھکانہ ہے اسی طرح بدکار عورت

اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ③

سے زانی یا مشرک مرد ہی نکاح کا خطرہ مول لے سکتا ہے ایمان والوں پر ایسا کرنا حرام کر دیا گیا ہے ③

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ

اور جو لوگ عیب لگاتے ہیں پاک دامن عورتوں پر پھر اس الزام پر چار گواہ نہ لاسکیں تو ایسوں

شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ

کو اسی کوڑے مارو پھر ان کی گواہی کبھی قبول نہ رکھو کہ

شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ④ اِلَّا الَّذِيْنَ

ایسے لوگ بدکردار ہیں ④ مگر جو لوگ توبہ

تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

کرلیں اور اس کے بعد اچھی طرح اپنی اصلاح کرلیں تو بیشک اللہ بہت ہی معاف کرنے والا

رَّحِيْمٌ ⑤ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ

رحیم ہے ⑤ اور جو لوگ خود اپنی عورتوں پر بدکاری کی تہمت لگائیں اور ان کے پاس اپنے آپ کے سوا

شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍ

دوسرے گواہ نہ ہوں تو ان میں سے ہر ایک کے لئے شہادت کا نصاب یہ ہے کہ اللہ کی قسم چار مرتبہ پیش کرکے

بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ⑥ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ

یہ کہنا ہوگا کہ بیشک وہ الزام لگانے میں سچا ہے ⑥ اور پانچویں بار اسے یہ کہنا ہوگا کہ اگر اس الزام

ف۲ کسی عورت پر بے حیائی کا الزام لگانے میں چار گواہوں کا لانا ضروری ہے ورنہ الزام لگانے والا تہمت کے جرم میں دھر لیا جائے گا اور اسّی کوڑے مار مار کر اس کی پیٹھ ادھیڑ دی جائے گی اور ہمیشہ کے لئے کسی بھی معاملہ میں اس کی گواہی قبول نہیں رکھی جائے گی۔

ہر کوئی جان لے کہ اسلام میں عورت کی عزت اور ناموس عصمت اور پاک دامنی کا کتنا بڑا اکرام ہے کہ اس کے دامن عصمت پر الزام لگانے والا اگر چار گواہ نہ لاسکے تو اسّی کوڑے کی سزا بھگتنے کو تیار رہے اور اسے ہمیشہ کے لئے سماج کے باعزت مقام سے نیچے گرا کر اس کی گواہی کو ہمیشہ کے لئے ناقابل قبول بنا دیا گیا۔

ف۵ اپنے گناہ کی سزا پائی توبہ کرلی سدھر گئے تو اب پچھلا گناہ معاف ہوگیا مگر کسی مقدمے میں ایسے آدمی کی گواہی قبول نہ رکھی جائے گی کہ ایک مرتبہ پاک دامن خاتون پر جو الزام لگایا ہے تو کیا بھروسہ کہ پھر کسی پر جھوٹی بات لگا دے سماج کو خطرہ سے بچانے کے لئے ضروری ہے کہ ایسے آدمی کو معاملات میں گواہی کے لحاظ سے شامل نہ کیا جائے توبہ کر لینے کی وجہ سے یوں ذاتی طور پر اُسے گناہ سے معافی دے دی گئی یہ اور بات ہے، یہ بھی جاننا چاہیے کہ توبہ سے حد شریعت ساقط نہ ہوگی بلکہ توبہ اور اصلاح سے آخرت کے عذاب سے بچ جائے گا۔

ف۶ تا ۹ اگر مرد نے اپنی گھر والی پر بدکاری کا الزام لگایا اور اس کے پاس گواہ نہیں ہیں تو اسے لعان کرنا ہوگا یعنی چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر کہے کہ وہ الزام میں سچا ہے پانچویں مرتبہ یوں کہے کہ اگر وہ جھوٹا ہو تو اس پر اللہ کی لعنت ہے۔ اس طرح کی گواہی کو لعان کہتے ہیں۔ اور

2. बदकार औरत और बदकार मर्द हर एक को सौ सौ कोड़े मारो अगर तुम अल्लाह और आख़िरत के दिन पर ईमान रखते हो तो अल्लाह के दीन का यह कानून लागू करने में तुम को किसी का लेहाज़ करने और तरस खाने कि ज़रूरत नहीं और इन दोनों को सज़ा देते वक़्त ईमान वालों की एक जमाअत को हाज़िर रहना चाहिए।

2. The woman and the man guilty of illegal sexual relationship, flog each of them with a hundred stripes. Let not tenderness withhold you in their case, in a punishment prescribed by ALLAH, if you believe in ALLAH and the Last Day, and let a party of the believers witness their punishment.

3. ज़िनाकार मर्द को निकाह करने के लिए बदकार या मुश्रिक औरत के सिवा और कहाँ ठिकाना है इसी तरह बदकार औरत से बदकार या मुशरिक मर्द ही निकाह का ख़तरा मोल ले सकता है ईमान वालों पर ऐसा करना हराम कर दिया गया है।

3. The adulterer marries not but an adulteress, or an associatoress; and the adulteress!- none marries her except an adulterer or an associator; and such a thing is forbidden to the believers (of Islamic Monotheism).

4. और जो लोग ऐब लगाते हैं पाक दामन औरतों पर फिर इस इलज़ाम पर चार गवाह न ला सकें तो ऐसों को अस्सी कोड़े मारो फिर उनकी गवाही कभी कबूल न रखो कि ऐसे लोग बदकिरदार हैं।

4. And those who accuse chaste women, and then bring not four witnesses, flog them with eighty stripes, and reject, (accept not,) their testimony forever. They indeed are rebellious (transgressors);-

5. मगर जो लोग तौबा कर लें और इसके बाद अच्छी तरह अपना सुधार कर लें तो बेशक अल्लाह बहुत ही माफ़ करने वाला रहीम है।

5. excepting those who shall repent thereafter and make amends, (do righteous deeds); verily, (for such) ALLAH is Oft-Forgiving, Most Merciful.

6. जो लोग खुद अपनी औरतों पर बदकारी की तोहमत लगाएं और उनके पास अपने आप के सिवा दूसरे गवाह न हों तो इन में से हर एक के लिए शहादत का कायदा ये है कि अल्लाह के नाम की क़सम चार मरतबा पेश करके ये कहना होगा कि बेशक वो इल्ज़ाम लगाने में सच्चा है।

کہ اے موسیٰ سرکاری افسر تمہارے بارے میں مشورہ کر چکے ہیں کہ تم کو قتل کر دیا جائے میں آپ کا بھلا چاہنے والا ہوں اس لیے میری درخواست
النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۰﴾ فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ ؗ قَالَ رَبِّ نَجِّنِىْ
ہے کہ آپ کو اپنی جان بچانے کے لیے یہاں سے فوراً نکل جانا چاہیے ⑳ یہ اطلاع پا کر موسیٰؑ کو اندیشہ ہوا سوچ بچار اور خطرے کی حالت میں
مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ
نکل کھڑے ہوئے اور دعا کی کہ اے میرے رب مجھے ظالم قوم کے ہاتھ سے نجات عطا فرما ㉑ اور جب موسیٰؑ وہاں سے چل نکلے تو قدرتِ الٰہی سے موسیٰؑ کا رُخ
عَسٰى رَبِّىْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِىْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۲۲﴾ وَلَمَّا وَرَدَ
مدین کی طرف ہو گیا انھوں نے دعا میں عرض کیا کہ بہت امید ہے کہ میرا رب مجھے برابر سیدھی راہ چلاتا رہے گا ㉒ پھر جب موسیٰؑ مدین میں ایسی
مَآءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۬ وَ
جگہ پہنچے جہاں پانی کا گھاٹ تھا تو دیکھتے ہیں کہ لوگوں کا جمگھٹ ہے جو اپنے اپنے جانوروں کو پانی پلا رہے ہیں اور کچھ دور پر دو صاحبزادیاں
وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ۭ
کھڑی پا کر ان سے پوچھا کہ تم یہاں کس لیے کھڑی ہو ان دونوں نے کہا کہ یہ چرواہے جب اپنے جانوروں کو پانی پلا کر یہاں سے ہٹ
قَالَتَا لَا نَسْقِىْ حَتّٰى يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ٜ وَاَبُوْنَا شَيْخٌ
جائیں گے تب بچا ہوا پانی اپنے جانوروں کو پلا کر یہاں سے چلے جائیں گے۔ اور ہمارے ابّا جان بہت ہی ضعیف
كَبِيْرٌ ﴿۲۳﴾ فَسَقٰى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ
ہیں ㉓ ان لڑکیوں کے جانوروں کو موسیٰؑ پانی پلا کر وہاں سے ذرا دور چھاؤں کی طرف جا کر آرام کے لیے ٹھہرے اور
اِنِّىْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَىَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿۲۴﴾ فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا
دعا کی کہ اے میرے رب اب تو بھی کچھ میری حاجت ضرورت کا بہتر سامان بھیج دے کہ میں محتاج اور فقیر ہوں ㉔ تھوڑی دیر ہوئی کہ ان دونوں
تَمْشِىْ عَلَى اسْتِحْيَآءٍ ۡ قَالَتْ اِنَّ اَبِىْ يَدْعُوْكَ لِيَجْزِيَكَ
میں سے ایک لڑکی شرمائی لجاتی آئی اور کہنے لگی کہ میرے والد آپ کو بلا رہے ہیں۔ آپ نے ہمارے ریوڑ کو پانی پلانے کا

منزل ۵

ف۲۰ قتل کی خبریں بھی چھپی نہیں رہتی لیکن یہاں تو خود جس کی مدد کرنی چاہی تھی اُسی کی زبان سے چرچا جاری ہوا کہ موسیٰؑ نے ایک آدمی کو مار ڈالا۔ اس کی اطلاع دربارِ فرعون میں پہنچ ہی گئی پھر حضرتؑ نے یہ رات شہر ہی میں گذاری تھی، راج محل میں آئے بھی نہ تھے۔ اس لیے درباری افسروں وزیروں کو یہ فیصلہ کرتے دیر نہ لگی کہ اب موقع اچھا ہے موسیٰؑ کو قانون کے شکنجے میں لا کر نشانہ بنا دینا چاہیے۔ لیکن حضرت موسیٰؑ کا ایک خیر خواہ یہ خبر پا کر حضرت موسیٰؑ کو اطلاع دینے شہر پہنچ گیا یاد رہے کہ سرکاری افسروں کے بنگلے اکثر شہر کے باہر ہوتے ہیں اس لیے فرمایا کہ شہر کے کنارے سے ایک شخص دوڑتا ہوا موسیٰؑ کو خبر دینے آیا۔

ع ۲

ف۲۱ بے سرو سامانی کی حالت میں کھڑے کھڑے ہی سفر میں روانہ ہوئے، اندیشے اور فکر میں ایسے پریشان تھے کہ کس راستہ پر کیسے نکل کر کہاں جائیں یہ بھی سمجھ میں آنے والی بات نہ تھی، سامانِ سفر بھی ساتھ میں کچھ نہ تھا چلتے چلتے ہی دعا میں مشغول ہوئے کہ کہیں اس ظالم قوم کا ہتھے مجھ پر پڑ گیا تو چھوڑیں گے نہیں میرے رب مجھے ان سے نجات کی راہ سجھا دے۔

ف۲۲ بغیر سامان اسباب کے حضرت موسیٰؑ چل پڑے، اللہ نے اپنی حکمت سے ان کا رُخ علاقہ مدین کی طرف کر دیا جہاں فرعون کی عمل داری نہیں تھی۔

19. बस मूसा (अ.स.) ने इरादा किया कि फरयादी के और अपने दुश्मन पर हाथ डालें तो वो फरयादी मारे डर के बोल पड़ा कि ऐ मूसा (अ.स.) क्या तुम मुझे मार डालना चाहते हो जैसे अभी कल ही एक आदमी को तुम ने मार डाला है मालूम होता है कि लड़ने वालों में सुलह सफाई करने के बजाये तुम धरती पर अपना जोर बताना चाहते हो।

19. Then when he (Moosa) decided to seize the man who was an enemy to both of them, the man (Israelite) said: "O Moosa! Is it your intention to kill me as you killed a man yesterday? Your aim is nothing but to become a tyrant in the land, and not to be one of those who do right."

20. इस कत्ल की ख़बर फ़िरऔन के दरबारी अफसरों को पहुँच जाने से एक आदमी शहर के किनारे से दौड़ता हुआ आकर मूसा (अ.स.) को ख़बर (सूचना) देने लगा कि ऐ मूसा सरकारी अफसर तुम्हारे बारे में मशवरा कर चुके हैं कि तुम को कत्ल कर दिया जाये, मैं आपका भला चाहने वाला हूँ इसलिए मेरी दरखास्त है कि आपको अपनी जान बचाने के लिए यहाँ से फौरन निकल जाना चाहिये।

20. And there came a man running, from the farthest end of the city. He said: "O Moosa! Verily, the chiefs are taking counsel together about you, to kill you, so escape (from the Egyptians!). Truly, I am to you of those who give sincere advice."

21. यह इत्तेला पाकर मूसा (अ.स.) को अन्देशा हुआ, सोच विचार और ख़तरे की हालत में निकल खड़े हुए और दुआ की कि ऐ मेरे रब मुझे अत्याचारी कौम के पंजे से बचा लीजिए।

21. So he went forth from there, looking about in a state of fear. He said: "My LORD! Save me from the people who are unjust."

| 2 | 8 | 5 |

22. और जब मूसा (अ.स.) वहाँ से चल निकले तो अल्लाह की कुदरत से मूसा का रूख़ मदयन की तरफ हो गया उन्होंने दुआ में अर्ज़ किया कि बहुत उम्मीद है कि मेरा रब मुझे बराबर सीधी राह चला देगा।

22. And when he went towards (the land of) Madyan, he said: "It may be that my LORD guides me to the Right Way."

23. फिर जब मूसा (अ.स.) मदयन में ऐसी जगह पहुँचे जहाँ पानी का घाट था तो देखते है कि लोगों का जमघट है जो अपने अपने जानवरों को पानी पिला रहे हैं और कुछ दूर पर दो जवान लड़कियाँ खड़ी पाकर उनसे पूछा कि तुम यहाँ किस लिए खड़ी हो, उन दोनों ने कहा कि यह चरवाहे जब अपने जानवरों को पानी पिला कर यहाँ से हट जायेंगे तब हम बचा हुआ पानी अपने जानवरों को पिला कर यहाँ से चले जायेंगे और हमारे अब्बा जान बहुत ही बूढ़े है।

23. And when he arrived at the waters of Madyan, he found there a group of men watering (their flocks); and besides them he found two women who were keeping back (their flocks). He said: "What is the matter with you?" They said: "We do not draw water (can not water,) until the shepherds have driven away their flocks; and our father is a very old man, (can not come here to help us)."

24. इन लड़कियों के जानवरों को मूसा (अ.स.) पानी पिला कर वहाँ से जरा दूर छांव की तरफ जाकर आराम के लिए ठहरे और दुआ की ऐ मेरे रब अब तू ही कुछ मेरी ज़रूरत का बेहतर सामान भेज दे कि मै मोहताज और फ़कीर हूं।

24. So he watered (their flocks) for them; and then turned aside into the shade and said: "My LORD! Truly, I am in need of whatever good that YOU bestow on me!"

اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ؕ فَلَمَّا جَآءَهٗ وَ قَصَّ عَلَيْهِ

انتظام فرمایا اس پر ہمارے والد چاہتے ہیں کہ آپ کی مہمانی کریں جب موسٰیؑ اس ضعیف بزرگ کے پاس پہنچے اور انھیں

الْقَصَصَ ۙ قَالَ لَا تَخَفْ ٚ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢٥﴾

اپنا پورا واقعہ سنایا تو وہ بزرگ فرمانے لگے کہ کچھ خوف نہیں یہ بہت اچھا ہوا کہ تم اب ظالم قوم سے نجات پا گئے ﴿٢٥﴾

قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰۤاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ؗ اِنَّ خَيْرَ مَنِ

ان دونوں صاحب زادیوں میں سے ایک نے کہا کہ ابا جان آپ انھیں کام کاج کے لئے ملازم رکھ لیں آپ بھی کسی طاقت ور محنتی امانت دار

اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْاَمِيْنُ ﴿٢٦﴾ قَالَ اِنِّيْۤ اُرِيْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ

اور بھلے آدمی کو ملازم رکھنا چاہتے تھے ﴿٢٦﴾ ان بزرگ نے موسٰیؑ سے کہا کہ میرا یہ ارادہ ہے کہ میری ان دو بیٹیوں

اِحْدَى ابْنَتَيَّ هٰتَيْنِ عَلٰۤى اَنْ تَاْجُرَنِيْ ثَمٰنِيَ حِجَجٍ ۚ

میں سے ایک کو تمہارے نکاح میں دوں اس شرط پر کہ تم آٹھ سال میری ملازمت کرو۔ پھر اگر تم پورے

فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ وَمَاۤ اُرِيْدُ اَنْ

دس برس تک نوکری پوری کرو تو یہ تمہاری اپنی مرضی پر چھوڑتا ہوں۔ میں تم پر سختی کرنا نہیں

اَشُقَّ عَلَيْكَ ؕ سَتَجِدُنِيْۤ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٢٧﴾

چاہوں گا۔ انشاء اللہ تم مجھے ٹھیک معاملہ کرنے والا پاؤ گے ﴿٢٧﴾

قَالَ ذٰلِكَ بَيْنِيْ وَ بَيْنَكَ ؕ اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ قَضَيْتُ

موسٰیؑ جواب میں بولے کہ ہاں یہ بات میرے اور آپ کے درمیان طے پا گئی کہ دونوں میں سے جو مدت میں چاہوں گا پوری کروں گا

فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿٢٨﴾

اس معاملہ میں مجھ پر کوئی دباؤ نہیں ڈالا جانا چاہیے اور ہم جو کچھ بھی قول و قرار کر رہے ہیں اس پر اللہ ہی ہمارا وکیل ہے ﴿٢٨﴾

فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ وَسَارَ بِاَهْلِهٖۤ اٰنَسَ

بس جب موسٰیؑ اپنی ملازمت کی مدت پوری کر چکے اور گھر والوں کو لے کر مدین سے روانہ ہوئے تو دوران سفر طور

مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ۚ قَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْۤا اِنِّيْۤ

کی جانب ایک نہایت ہی تیز روشنی دیکھی تو اپنے گھر والوں سے کہا کہ تم یہیں ٹھہرے رہو۔ میں نے

اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْۤ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ

ایک آگ دیکھی ہے۔ وہاں جا کر راستے کی خبر لے آؤں یا آگ میں سے شعلہ انگارا ہی لے

مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ﴿٢٩﴾ فَلَمَّاۤ اَتٰىهَا نُوْدِيَ مِنْ

آؤں گا تاکہ تم تاپ سکو ﴿٢٩﴾ بس جیسے ہی موسٰیؑ وہاں آ پہنچے وادی طور

ف ٢٦ طاقت ور، امانت دار اور بھلے آدمی ہونے کا تجربہ تو گھاٹ پر ہو چکا تھا کہ پردیسی آدمی ہے اور کہیں سہارا پکڑنا چاہتا ہے، اس لئے کیوں نہ اسے ملازم رکھ لیا جائے جیسے کہ ابا جان خود ہی اب تک کسی بہتر اچھے امانت دار آدمی کی تلاش میں تھے اس لئے ایک صاحبزادی نے اپنے باپ کو مشورہ دیا کوئی لڑکا نہ ہونے کے سبب یہ بزرگ بھی چاہتے تھے کہ گلہ بانی یا کھیتی باڑی کے لئے کوئی ایمان دار اور محنتی آدمی ملے اور انھیں گھر بیٹھے اللہ نے پہنچا دیا ان کی ضرورت بھی پوری ہوئی اور موسٰیؑ کو پاؤں دھرنے کی جگہ بھی مل گئی اللہ ہی مسبب الاسباب ہے ہر ایک کے کام کا کوئی نہ کوئی سبب کھڑا کر دیتا ہے۔

ف ٢٧ معلوم ہوا کہ اس دور میں بھی دو بہنوں کا ایک ساتھ نکاح میں لینا منع ہوگا اس لئے ان بزرگ نے فرمایا کہ میں ان دونوں بیٹیوں میں سے ایک کو آپ کے نکاح میں دینا چاہتا ہوں گا یہ نہیں کہا کہ دونوں بہنوں کو آپ کے نکاح میں دوں گا

ف ٢٨ معلوم ہوا کہ معاملات طے کرنے میں صاف صاف بات کرنا سنت انبیاء ہے نیز قول و قرار پکے ہو جانے پر کوئی فریق کسی پر جبر نہ کرے گا ہر کام پر اللہ کو اپنا وکیل بنا لینا چاہیے وہی سب کا نگہبان اور کام بنانے والا ہے۔

25. थोड़ी देर हुई कि इन दोनों में से एक लड़की शरमाती लजाती आई और कहने लगी कि मेरे वालिद आपको बुला रहे है. आप ने हमारे रेवड़ को पानी पिलाने का इन्तेज़ाम फरमाया इस पर हमारे वालिद चाहते हैं कि आप की मेहमानी करें जब मूसा (अ.स.) इस ज़ईफ बुजुर्ग के पास पहुँचे और उन्हें अपना पूरा किस्सा सुनाया तो वो बुज़ूर्ग फरमाने लगे कि कुछ डर नहीं यह बहुत अच्छा हुआ कि तुम अब ज़ालिम कौम से छुटकारा पा गये।

25. Then there came to him one of the two women, walking shyly, she said: "verily, my father invites you that he may reward you for having watered (our flocks) for us." Then when he had come to him and recounted to him the (whole) story, he said: "Have no fear! You have (well) escaped from the unjust people."

26. उन दोनों बेटियों में से एक ने कहा कि अब्बा जान आप इन्हें काम काज के लिए मुलाज़िम रख लें आप भी किसी ताकतवर मेहनती अमानत दार और भले आदमी को मुलाज़िम रखना चाहते थे।

26. And said one of them (the two women): "O my father! (Better) hire him! For, the best that you can hire is the strong and trustworthy person."

27. इन बुजुर्ग ने मूसा (अ.स.) से कहा कि मेरा यह इरादा है कि मेरी इन दो बेटियों में से एक को तुम्हारे निकाह में दूं इस शर्त पर कि तुम आठ साल मेरी मुलाजमत करो फिर अगर तुम पूरे दस बरस तक नौकरी पूरी करो तो यह तुम्हारी अपनी मर्ज़ी पर छोड़ता हूँ मैं तुम पर सखती करना नहीं चाहूँगा इन्शा अल्लाह तुम मुझे ठीक मामला करने वाला पाओगे।

27. He said: "I intend to wed one of these two daughters of mine to you, on condition that you serve me for eight years: but if you complete ten years, it will be (a favour) from you. But I intend not to place you under a difficulty. You shall find me, ALLAH willing, one of the righteous."

28. मूसा (अ.स.) जवाब में बोले कि हाँ यह बात मेरे और आप के दरमियान तय पा गई कि दोनों में से जो मुदत मैं चाहूँगा पूरी करूंगा इस मामले में मुझ पर कोई दबाव नहीं डाला जाना चाहिए और हम जो कुछ भी कौल व करार कर रहे हैं इस पर अल्लाह ही हमारा वकील है।

28. He (Moosa) said: "Be it the covenant then, between me and you; whichever of the two terms I fulfil, it shall be no harshness to me; and ALLAH is Witness of what we say."

| 3 | 7 | 6 |

29. बस जब मूसा (अ.स.) अपनी मुलाज़मत की मुद्दत पूरी कर चुके और घर वालों को लेकर मदयन से रवाना हुए तो दौराने सफर तूर पहाड़ की जानिब एक निहायत ही तेज़ रौशनी देखी तो अपने घर वालों से कहा कि तुम यहीं ठहरे रहो मैंने एक आग देखी है वहाँ जाकर रास्ते की खबर ले आऊँ या आग में से शोला अंगारा ही ले आऊंगा ताकि तुम ताप सको।

29. Then when Moosa had fulfilled the term, and was travelling with his family, he saw a fire in the direction of Toor (Mountain). He said to his family: "Wait, I have seen a fire: perhaps I may bring to you from there some information, or a burning fire-brand that you may warm yourselves."

شَاطِئِ الْوَادِ الْاَيْمَنِ فِي الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ
کی داہنی جانب ایک مبارک کھوہ میں ایک درخت سے آواز آئی کہ اے موسیٰ بیشک بات یہ ہے کہ میں اور بس
الشَّجَرَةِ اَنْ يّٰمُوْسٰٓى اِنِّيْٓ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۳۰ وَ
میں ہی اللہ ہوں رب سارے جہانوں کا ۳۰ اور
اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۭ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَاۗنٌّ وَّلّٰى
رب کا یہ حکم ہوا کہ اپنی لاٹھی نیچے ڈال دو بس موسیٰ نے جب یہ دیکھا کہ لاٹھی تو لہراتا ہوا جیسے کوئی دوڑتا ہوا بڑا
مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ۭ يٰمُوْسٰٓى اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ
سانپ ہو موسیٰ پیٹھ پھیر کر ایسے بھاگے کہ پیچھے مڑ کر بھی نہ دیکھا۔ آواز آئی کہ اے موسیٰ آگے آؤ ڈرو مت
اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ ۳۱ اُسْلُكْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ
تم ہر طرح امن میں ہو ۳۱ اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈال دو وہ اس طرح جگمگاتا
بَيْضَاۗءَ مِنْ غَيْرِ سُوْۗءٍ ۡ وَّاضْمُمْ اِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ
چمکتا ہوا نکلے گا کہ کسی طرح کے عیب کا نام نہ ہوگا۔ اور اپنے بازو اپنی طرف سکیڑ لو ڈر جاتا رہے گا۔
الرَّهْبِ فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ
تمہارے رب کی طرف سے فرعون اور اس کے سرداروں کے مقابلے میں یہ دو نشانات لے جاؤ کہ یہ
مَلَا۟ىِٕهٖ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۳۲ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ
لوگ بہت ہی نافرمانی پر اتر آئے ہیں ۳۲ موسیٰ نے عرض کیا کہ اے
قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ۳۳ وَاَخِيْ
میرے رب میں نے ان کی قوم کا ایک آدمی جہان سے مار ڈالا تھا مجھے ڈر ہے کہ جاتے ہی وہ مجھے قتل کر ڈالیں گے ۳۳ میری درخواست
هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّيْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْاً
ہے کہ میرا بھائی ہارون خوش بیانی میں مجھ سے زیادہ اچھی بات کر سکتا ہے میرے ساتھ اسے بھی رسالت کے کام میں میرا مددگار بنا دیجیے
يُّصَدِّقُنِيْٓ ۡ اِنِّىْٓ اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ۳۴ قَالَ سَنَشُدُّ
تاکہ وہ میری دعوت کی تصدیق میں صاف بیانی سے انہیں سمجھا سکے مجھے تو خوف ہے کہ وہ میری بات سچ ماننے کو تیار ہی نہیں ہوں گے ۳۴ رب نے
عَضُدَكَ بِاَخِيْكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا
ارشاد فرمایا کہ ہم نے اس درخواست کو منظور فرما لیا۔ ہم تمہارے بھائی کو تمہارے ساتھ رسالت کے کام میں شامل فرما کر تمہاری قوت بازو کو
يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا ڔ بِاٰيٰتِنَا ڔ اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا
مضبوط کریں گے ہماری آیات کے سبب دونوں کو شوکت اور دبدبہ عطا فرمائیں گے تو وہ تم پر ہاتھ نہیں ڈال سکیں گے تم دونوں اور جو تم

۳۲،۳۱ ہاتھ میں تیز روشنی کا عکس آنے سے ہاتھ جل جانے کا اندیشہ تھا اس لئے فرمایا کہ کسی طرح بھی آپ کے ہاتھ کو کچھ تکلیف نہیں ہوگی جیسے ہی بغل سے ہاتھ باہر لاؤ گے تو ایسی تیز روشنی ہوگی کہ ہاتھ دیکھنے والوں کی آنکھیں چکا چوند ہو جائیں گی۔ حضرت موسیٰ کے ہاتھ ایک فرعونی آدمی کا خون بھی ہو چکا تھا نیز حضرت موسیٰ بچپن سے فرعون کے راج محل میں پرورش پا چکے تھے، ان وجوہات کی بنا پر قدرتی طور پر حضرت موسیٰ ڈر اور خوف محسوس کر رہے تھے، اللہ تعالیٰ نے اس کا بھی انتظام معجزے کے طور پر فرما دیا کہ اپنے بازو سکیڑ لو ڈر اور خوف دور ہو جائے گا۔

30. बस जैसे ही मूसा (अ.स.) वहाँ आ पहुँचे वादी–ए–तूर की दाएं जानिब एक मुबारक खोह में एक दरख़्त से आवाज़ आई कि ऐ मूसा (अ.स.) बेशक बात है कि मैं और बस मैं ही अल्लाह हूँ रब सारे जहानों का।

30. Then when he reached thereto (the fire), he was called from the right side of the Valley, in the blessed place around the tree: "O Moosa! Verily, I am ALLAH, the LORD of the worlds; (not located to any particular spot)."

31. और रब का यह हुक्म हुआ कि अपनी लाठी नीचे डाल दो बस मूसा (अ.स.) ने जब यह देखा कि लाठी तो लहराता हुआ जैसे कोई दौड़ता हुआ बड़ा सांप हो, मुसा (अ.स.) पीठ फेर कर ऐसे भागे कि पीछे मुड़ कर भी न देखा, आवाज़ आई कि ऐ मूसा (अ.स.) आगे आओ डरो मत तुम हर तरह अमन में हो।

31. "And cast down your stick!" But when he saw it moving as if it were a snake, he turned in fright, and looked not back. (It was said): "O Moosa! Draw near and fear not. Verily, you are of those who are secure."

32. अपना हाथ अपने गिरेबान में डाल दो वो इस तरह जगमगाता चमकता हुआ निकलेगा कि किसी तरह के ऐब का नाम न होगा और अपने बाज़ू (भुजाएं) अपनी तरफ़ सुकेड़ लो डर जाता रहेगा, तुम्हारे रब की तरफ़ से फ़िरऔन और उसके सरदारों के मुकाबले में यह दो निशानात ले जाओ कि यह लोग बहुत ही नाफ़रमानी पर उतर आए हैं।

32. "Put your hand under your arm, it will come forth white without a disease; and (then) draw your hand close to your side to be free from fear. These will be two evidences (miracles) from your LORD for Firaun and his chiefs; verily! they have been a people given to transgression.

33. मूसा (अ.स.) ने अर्ज़ किया कि ऐ मेरे रब मैंने इनकी कौम का एक आदमी मार डाला था मुझे डर है कि जाते ही यह मुझे कत्ल कर डालेंगे।

33. He said: "My LORD! I have killed a man among them and I fear they may slay me: (Before I could deliver the message!)"

34. मेरी दरख़्वास्त है कि मेरा भाई हारून (अ.स.) खुश बयानी में मुझ से ज़्यादा अच्छी बात कर सकता है मेरे साथ उसे भी रिसालत के काम में मेरा साथी बना दीजिए ताकि वह मेरी दावत को सच बताते हुए साफ साफ़ उन्हें समझा सके, मुझे तो ख़ौफ़ है कि वह मेरी बात को मानने को तैयार ही न होंगे।

34. "And my brother Haroon! He is more eloquent in speech than me, so send him with me as a helper to confirm me. Verily I fear that they will belie me."

35. रब ने कहा कि हम ने इस दरख़्वास्त को मंज़ूर कर लिया, हम तुम्हारे भाई को तुम्हारे साथ रिसालत के काम में शामिल फरमा कर तुम्हारी कुव्वते बाज़ू को मज़बूत कर देंगे, हमारी आयतों के सबब तुम दोनों को शौकत और दबदबा अता फरमायेंगे, तो वह तुम पर हाथ नहीं डाल सकेंगे, तुम दोनों और जो तुम दोनों की इत्तेबा करेगा वही ग़ालिब रहेगा।

35. ALLAH said: "WE will indeed strengthen your arm through your brother, and give you both, power; so that they shall not be able to harm you. Go forth with OUR Signs you two, as well as those who follow you shall be the victors."

الْغَالِبُونَ (۳۵) فَلَمَّا جَاءَهُم مُّوسَىٰ بِآيَاتِنَا بَيِّنَاتٍ
دونوں کی اتباع کرے گا وہی غالب آئے گا (۳۵) بس جب کہ آیا تھا موسیٰ ہماری کھلی آیتوں کو لے کر ان کے پاس پہنچ ہی گئے تو وہ لوگ
قَالُوا مَا هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى وَمَا سَمِعْنَا بِهَٰذَا
بڑبڑانے لگے کہ یہ سب بناوٹی جادوگری کی چیزیں ہیں۔ ہم نے ایسی باتیں اول کے اپنے باپ
فِي آبَائِنَا الْأَوَّلِينَ (۳۶) وَقَالَ مُوسَىٰ رَبِّي أَعْلَمُ
دادوں سے کبھی سنی ہی نہیں (۳۶) موسیٰ نے فرمایا کہ تم جو کچھ بھی کہو میرے رب کو خوب علم
بِمَن جَاءَ بِالْهُدَىٰ مِنْ عِندِهِ وَمَن تَكُونُ لَهُ
ہے کہ اس کی مرضی کے مطابق ہدایت کی راہ کا پتہ کون لایا ہے اور آخرت میں کس کو کیسا گھر ملنے والا ہے اس کی
عَاقِبَةُ الدَّارِ ۖ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ (۳۷) وَقَالَ
صحیح اطلاع کون لایا ہے۔ کان کھول کر سن لو کہ ظالم کبھی کامیاب نہ ہوں گے (۳۷) بھرے دربار
فِرْعَوْنُ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ مَا عَلِمْتُ لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرِي
میں فرعون چیخنے لگا کہ اے سردارو! سن لو کہ میں اپنے سوا تمہارے کسی معبود کو جانتا ہی نہیں بس لے ہامان میں تم کو
فَأَوْقِدْ لِي يَا هَامَانُ عَلَى الطِّينِ فَاجْعَل لِّي صَرْحًا
حکم دیتا ہوں کہ میرے لئے مٹی کو آگ میں پکا کر اینٹ بنا کر ایک بڑی اونچی اور بلند عمارت تیار کرو۔ میں اس
لَّعَلِّي أَطَّلِعُ إِلَىٰ إِلَٰهِ مُوسَىٰ وَإِنِّي لَأَظُنُّهُ مِنَ
پر چڑھ کر موسیٰ کے معبود کو دیکھ لوں میں تو موسیٰ کو غلط بیانی کرنے والا
الْكَاذِبِينَ (۳۸) وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُودُهُ فِي الْأَرْضِ
سمجھتا ہوں (۳۸) فرعون اور اس کے لشکر نے ملک میں ناحق گھمنڈ اور تکبر کیا۔ اور ان
بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوا أَنَّهُمْ إِلَيْنَا لَا يُرْجَعُونَ (۳۹)
کا یہ خیال تھا کہ ان کو کبھی ہمارے پاس لوٹ کر نہیں آنا ہے (۳۹)
فَأَخَذْنَاهُ وَجُنُودَهُ فَنَبَذْنَاهُمْ فِي الْيَمِّ ۖ فَانظُرْ كَيْفَ
آخر کار ہم نے فرعون کو اس کے لشکر سمیت پکڑ کر سمندر میں پھینک دیا۔ تم بھی دیکھ لو
كَانَ عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ (۴۰) وَجَعَلْنَاهُمْ أَئِمَّةً يَدْعُونَ
کہ ظالموں کا انجام کیا ہوا (۴۰) ہم نے انھیں پیشوائی کا مقام عطا کیا تھا مگر انھوں نے
إِلَى النَّارِ ۖ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ لَا يُنصَرُونَ (۴۱) وَأَتْبَعْنَاهُم
اس کی ناقدری کی اور لوگوں کو آگ کی طرف بلانا شروع کر دیا قیامت کے دن ان کا کوئی بھی مددگار نہ ہوگا (۴۱)

۳۸ؔ معلوم ہوتا ہے کہ پکی مٹی سے اینٹ بنانے کا فن فرعون کے وزیر تعمیرات ہامان نے ابھی تازہ تازہ ایجاد کیا تھا تاکہ بڑی عمارتیں بنانے میں پتھر کے بوجھ کا وزن عمارت پر کم ہو اور عمارت کافی اونچی اٹھائی جا سکے فرعون نے اسے حکم دیا کہ گارے کو پکا کر اینٹ بنا کر ایک بڑی مینار نما عمارت بنا دو تاکہ میں اس پر چڑھ کر موسیٰ کے خدا کو دیکھوں بھلا تو کر کیسا ہے کیا ہے کبھی کبھی کسی بڑے بادشاہ کا دماغ چل جاتا ہے تو وہ ایسی بچکانہ حرکت کرنے لگتا ہے۔ موسیٰ چونکہ اپنے رب کو زمین آسمان کا رب بتاتے تھے اس لئے فرعون نے ایک بڑا ٹاور بنا کر خدا سے ملاقات کا ارادہ بھرے دربار میں کر دیا۔ آج کے سیاسی لوگ بھی ایسی ہی بے تکی باتیں کرتے ہیں۔ ہمارے زمانے میں جب انسان چاند پر پہنچنے کے لئے ابتدائی منزل میں تھا تو ایک بڑے ملک روس کے حاکم خروشچیف نے جس کا ملک بہت ابتدائی دور میں خلا بازوں کو صرف زمین کے مدار تک ہی بھیج سکا تھا اس وقت یہ اعلان کیا کہ زمین کو گھومتے دیکھنے کے بعد بھی خلا میں ہمارے ہوا بازوں کی خدا سے ملاقات نہ ہو سکی یہ لوگ اپنی دانست میں اپنے آپ کو بڑا جانتے ہیں لیکن اس بچکانہ حرکت سے اہلِ علم تو کیا خود جاہلوں کی محفل میں بھی ان کا کچھ وزن نہیں پڑتا۔

36. बस फिर क्या था मूसा (अ.स.) हमारी खुली आयतों को लेकर उनके पास पहुँच ही गये तो वह लोग बड़बड़ाने लगे कि यह सब बनावटी जादूगरी की चीज़ें हैं, हम ने ऐसी बातें अव्वल के अपने बाप दादों से कभी सुनी ही नहीं।

36. Then when Moosa came to them with OUR clear Signs they said, (denying the miracles altogether): "This is nothing but invented magic. Never did we hear of this among our fathers of old."

37. मूसा (अ.स.) ने फ़रमाया कि तुम जो कुछ भी कहो मेरे रब को खूब इल्म है कि उसकी मर्ज़ी के मुताबिक हिदायत की राह का पता कौन लाया है और आख़ेरत में किस को कैसा घर मिलने वाला है उसकी सही इत्तेला कौन लाया है, कान खोल कर सुन लो कि ज़ालिम कभी कामयाब न होंगे।

37. Moosa said: "My LORD knows best him who came with guidance from HIM, (and HE is my witness); and whose will be the happy end in the Hereafter. Verily, the unjust (wrong-doers) shall not be successful."

38. भरे दरबार में फ़िरऔन चीख़ने लगा कि ऐ सरदार लोगो सुन लो कि मैं अपने सिवा तुम्हारे किसी मअबूद को जानता ही नहीं बस ऐ हामान मैं तुमको हुक्म देता हूँ कि मेरे लिए मिट्टी को आग मे पका कर ईंट बना कर एक बड़ी ऊँची और बुलंद इमारत तैयार करो मैं उस पर चढ़ कर मूसा (अ.स.) के मअबूद को देख लूँ मैं तो मूसा (अ.स.) को ग़लत बात कहने वाला समझता हूँ।

38. Firaun said: "O chiefs! I know not that you have an "Ilah" (a god) other than me! So kindle for me (a fire), O Hamaan, to bake (bricks out of) clay and set up for me a lofty tower, in order that I may look at (ascend or look for) the "Ilah" (ALLAH) of Moosa; and surely I imagine him (Moosa) to be of liars."

39. फ़िरऔन और उसके लशकर ने मुल्क में नाहक घमंड किया और उनका यह ख़याल था कि उनको कभी हमारे पास लौट कर नहीं आना है।

39. And he and his hosts were arrogant in the land unjustifiably and imagined that they would never be brought back to US (for judgement)!

40. आख़िरकार हमने फ़िरऔन को उस के लशकर समेत पकड़ कर समुन्दर में फेंक दिया, तुम भी देख लो कि ज़ालिमों का अंजाम क्या हुआ।

40. So WE seized him and his hosts and flung them into the sea (and drowned them). So behold, what has been the end of the unjust (wrong-doers).

41. हमने उन्हें पैशवाई का मुकाम अता किया था मगर उन्होंने उसकी नाकदरी की और उल्टा लोगों को आग की तरफ़ बुलाना शुरू कर दिया। कियामत के दिन उनका कोई भी मददगार न होगा।

41. And WE made them leaders inviting to the Fire, and they shall not be helped on the Day of Resurrection.

منزل ۵

فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ مِّنَ
ہیں ان کے پیچھے لعنت کی پھٹکار لگا دی - اور قیامت کے دن یہ لوگ بہت ہی بُرے حال والوں میں
الْمَقْبُوْحِيْنَ ﴿۴۲﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ
ہوں گے ﴿۴۲﴾ پہلے کتنے زمانے کے لوگوں کو ہلاک کرنے کے بعد ہم نے موسیٰؑ کو کتاب
مَآ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى
عطا فرمائی جو کھلی آنکھوں ہدایت اور رحمت کی راہ معلوم کرنے
وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۳﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ
کا ذریعہ تھی تاکہ لوگ نصیحت حاصل کریں ﴿۴۳﴾ اور جب ہم موسیٰؑ کو احکامات دے رہے تھے
الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ وَمَا كُنْتَ مِنَ
اس وقت آپ طور کی مغربی جانب کہیں موجود نہ تھے اور نہ کہیں سے اس موقع کا مشاہدہ
الشّٰهِدِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ
کر رہے تھے ﴿۴۴﴾ لیکن گزرتے زمانے میں لوگوں کو اٹھنے کا ہم برابر موقع دیتے رہے اور انھیں
الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا
عمر گزارنے کا طویل وقت بھی دیتے رہے اور آپ کا اہل مدین میں کہیں رہنے بسنے کا امکان بھی نہ تھا اور وہاں ہماری آیات
عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۙ وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا كُنْتَ
پڑھ کر سنانے کی ذمہ داری بھی ہم نے آپ پر نہیں ڈالی تھی لیکن آپ کو رسول بنانے والے بھی ہم ہی ہیں ﴿۴۵﴾ جب ہم نے موسیٰؑ کو آواز دی
بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ
تو آپ طور کی کسی بھی جانب موجود نہ تھے لیکن یہ تو رحمت ہے آپ کے رب کی طرف سے تاکہ آپ اس قوم کے نام ہمارا
لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ
نوٹس جاری کر دیں جن کے پاس آپ کے پہلے کوئی ڈر سنانے والا نہیں آیا - ہو سکتا ہے کہ یہ لوگ آپ کی اطلاع
لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ
پر نصیحت حاصل کر لیں ﴿۴۶﴾ ان کے کالے کرتوت کے سبب ان پر مصیبت تو پڑتی ہی رہتی ہے -
بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ
اگر ہم رسول نہ بھیجتے تو ان کو یہ کہنے کا موقع مل جاتا کہ اے ہمارے پروردگار تو نے ہماری طرف کسی پیغام پہنچانے والے
اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾
رسول کو کیوں نہ بھیجا کہ ہم تیری نشانیوں کے مطابق چلتے اور ایمان والوں میں شامل ہو کر مصیبت سے بچ جاتے ﴿۴۷﴾

ف۲۵ رسالت محمدی کا یہ دوسرا ثبوت ہے کہ اتنے طویل زمانے اور پیڑھیاں بیت گئیں پھر بھی اس وقت کے حالات جوں کے توں بیان کر دینا جب کہ وہاں آپ موجود نہ تھے اور نہ ہی وہاں کے باشندے تھے نہ وہاں آپ کے رہنے بسنے کا امکان ہی تھا پھر یہ واقعات تو آخر وہی شخص بیان کر سکتا ہے جسے ہم نے رسول بنا کر بھیجا ہو کسی دوسرے کے بس کی بات نہیں کہ گزرے ہوئے واقعات کی ایسی سچی منظر کشی کر سکے۔

ف۲۶ موسیٰؑ کو ندائے الٰہی سنائی دے رہی تھی تب طور پہاڑ کے کسی بھی حصے سے آپ نے یہ منظر دیکھا نہ سنا اور یہ واقعات آپ کی معلومات میں نہیں تھے پھر یہ سراسر ایک رحمت خداوندی ہے کہ حجاز کی ایک ایسی قوم میں جہاں زمانۂ موسیٰؑ کے بعد کسی نبی کو نہیں بھیجا گیا تھا آپ کو بھیج کر انھیں صحیح نصیحت نامہ دیا گیا جو ان کے شدھ ہونے سنورنے کے لیے اللہ کی بڑی رحمت ہے۔

42. हमने इस दुनिया में उनके पीछे लानत की फटकार लगा दी और क़ियामत के दिन यह लोग बहुत ही बुरे हाल वालों में होंगे।

42. And WE made a curse to follow them in this world, and on the Day of Resurrection, they will be among hateful ones.

4	14	7

43. पहले कितने ज़माने के लोगों को हलाक करने के बाद हमने मूसा (अ.स.) को किताब दी जो खुली आँखों हिदायत और रहमत की राह मालूम करने का ज़रिया थी ताकि लोग नसीहत हासिल करें।

43. And indeed, WE gave Moosa, after WE had destroyed the generations of old, the Scripture (the Taurat) as an enlightenment for mankind, and a guidance and a mercy that they might receive admonition.

44. और जब हम मूसा (अ.स.) को अहकामात दे रहे थे उस वक़्त आप (स.अ.व.स.) तूर की पश्चिमी ओर कहीं मौजूद न थे और न कहीं से इस मौक़े को देख रहे थे।

44. And you were not on the western side (of the Mount), when WE made clear to Moosa the commandments, and you were not of the witnesses.

45. लेकिन गुज़रते ज़माने में लोगों को उठने का हम बराबर मौक़ा देते रहे और उन्हें उम्र गुज़ारने का लम्बा समय भी देते रहे और आप का मदयन के निवासियों के बीच रहने बसने का मकान भी न था और वहाँ हमारी आयत पढ़ कर सुनाने की ज़िम्मेदारी भी हमने आप पर नहीं डाली थी, लेकिन आप (स.अ.व.स.) को रसूल बनाने वाले भी हम ही हैं।

45. And WE produced generation (after generations,) and long were the ages that passed over them (and they forgot the teachings of the prophets). And you were not a dweller among the people of Madyan, reciting to them OUR revelations, but it is WE, Who were to send; (you as a Prophet fully instructed in every particular.)

46. जब हमने मूसा (अ.स.) को आवाज़ दी तो आप (स.अ.व.स.) तूर की किसी भी जानिब मौजूद न थे लेकिन यह तो रहमत है आप (स.अ.व.स.) के रब की तरफ से ताकि आप (स.अ.व.स.) उस क़ौम के नाम हमारा नोटिस जारी कर दें जिन के पास आप (स.अ.व.स.) के पहले कोई डर सुनाने वाला नहीं आया, हो सकता है कि यह लोग आप (स.अ.व.स.) की इत्तेला पर नसीहत हासिल कर लें।

46. Nor were you at the side of the Toor (mountain) when WE called (to Moosa; yet you are narrating every event perfectly); but (you are sent) as a mercy from your LORD, to give warning to a people to whom no Warner had come before you in order that they may receive admonition.

47. उनके काले करतूत के सबब उनपर मुसीबत तो पड़ती ही रहती है अगर हम रसूल न भेजते तो उनको यह कहने का मौक़ा मिल जाता कि ऐ हमारे पालनहार तूने हमारी तरफ किसी पैग़ाम पहुँचाने वाले रसूल को क्यों न भेजा कि हम तेरी निशानियों के मुताबिक चलते और ईमान वालों में शामिल होकर मुसीबत से बच जाते।

47. And if a calamity had visited them for what their hands have sent forth, they should have said, (by way of excuse): "Our LORD! Why did YOU not send a Messenger unto us, so that we might have followed YOUR revelations and could have been among the believers?"

فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ

ہماری طرف سے جب اُن کے پاس کھلے طور پر کتاب آگئی تو یہ لوگ کہنے لگے کہ اس رسول کو وہ نشانیاں کیوں نہیں دی

مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ؕ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى

گئیں جو موسیٰؑ کو دی گئی تھیں۔ تو کیا اس سے پہلے جو موسیٰؑ کو دیا گیا تھا لوگوں نے اُسے مان لیا تھا اور اس کا انکار نہیں کیا

مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۫ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ

گیا۔ موسیٰؑ اور ہارونؑ کے لئے تو یہاں تک لوگوں نے کہا کہ یہ دونوں جادوگر ہیں۔ ایک ساتھ مل کر ہم کو دبانا چاہتے ہیں اور یہاں

كٰفِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ

تک کہہ دیا کہ ہم ان کی تمام باتوں کا انکاری ہیں (۴۸) آپ فرما دیجئے کہ اگر سچے ہو تو ان دونوں کتابوں (یعنی توریت اور قرآن) سے زیادہ

اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۹﴾ فَاِنْ لَّمْ

مکمل ہدایت بتلانے والی کتاب اللہ کے یہاں سے تم لا سکتے ہو تو تم خود لے آؤ میں اس کی اتباع کرنے کو تیار ہوں (۴۹) پھر اگر یہ آپ کی بات

يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ

کا جواب نہ دے سکیں تو آپ جان لیں کہ ان کو اپنے جی کی خواہش پر چلنا ہے اور من مانی کرنا چاہتے ہیں اور اس سے زیادہ راہ بھولا

اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ

اور کون ہو سکتا ہے جو اللہ کی بتائی ہوئی راہ کو چھوڑ کر اپنے من گھڑت راستے پر چلے۔ اللہ تعالیٰ

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۰﴾ ع وَلَقَدْ

ایسی ظالم قوم کو ہدایت نہیں دیتا (۵۰) ہم تو ان کے لئے

وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۱﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ

لگاتار مسلسل اپنا ہدایت نامہ جاری کئے ہوئے ہیں تاکہ ان کو نصیحت حاصل کرنے میں سہولت ہو (۵۱) جو لوگ اس کے

الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاِذَا يُتْلٰى

پہلے ہم سے کتاب پاچکے ہیں وہ اس قرآن پر ایمان لے آتے ہیں (۵۲) ان کی صفت یہ ہے کہ

عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا

جب جب ان پر ہماری آیات پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو بول پڑتے ہیں کہ ہم اس پر ایمان لے آئے اور مان چکے یہ حق ہے ہمارے رب

مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ﴿۵۳﴾ اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ

کی طرف سے اور ہم اس کے پہلے بھی اسلام والے مسلم تھے (۵۳) ایسے لوگوں کو ان کے صبر کی وجہ سے دگنا اجر دیا جائے گا اور ان کی خوبی

بِمَا صَبَرُوْا وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا

یہ ہے کہ بدسلوکی کو بھلائی سے ٹال دیتے ہیں اور ہم نے جو کچھ رزق انہیں عطا کیا ہے اس میں سے ہماری راہ

ف ۴۹ حضرت موسیٰؑ توریت لائے لوگوں نے اس میں بھی اختلاف کیا کسی نے مانا کسی نے نہیں مانا میں نے قرآن پیش کیا اسے بھی تم نہیں مانتے تو اب تم خود ہی اللہ کے پاس سے کوئی کتاب لے آؤ جو قرآن اور توریت سے بھی زیادہ کھول کر ہدایت کی راہ بتاتی ہو میں اس کی اتباع کرنے کو تیار ہوں یہ کمال درجہ کی دلیل ہے کہ مخالف کو یہ کہنا کہ ہم جو بات پیش کر رہے ہیں اس سے بڑھیا تم لے آؤ ہم اسے مان لیں گے تاکہ جھگڑا ختم ہو اور انسانی قافلہ ہدایت کی راہ پکڑلے۔

ف ۵۳ قرآن سے پہلے جن لوگوں کو آسمانی کتاب دی گئی تھی اور اب بھی انہیں اپنی آسمانی کتاب پر ایمان اور اس کی معلومات ہے تو ایسے لوگ قرآن پر ایمان لانے میں اپنی قوم یا برادری کی پرواہ نہ کرتے ہوئے حق کو قبول کرلیتے ہیں اس آیت میں ان کی تعریف بیان کی گئی ہے کہ اسلام کچھ نیا آیا ہوا دین نہیں بلکہ سابقہ رسولوں اور ان کی لائی ہوئی کتابوں پر عمل کرنے والے بھی اسلام والے اور مسلم ہی تھے، اسلام لانے کا ان کا دعویٰ پہلے بھی صحیح تھا اور اب بھی قرآن پر ایمان لانے میں یہ لوگ پہل کر کے اسلام والے اور مسلم ہونے میں اوّل درجہ پاچکے۔

48. हमारी तरफ से जब उनके पास खुले तौर पर किताब आ गई तो यह लोग कहने लगे कि इस रसूल को वो निशानियाँ क्यों नहीं दी गई जो मूसा (अ.स.) को दी गई थी तो क्या इस से पहले जो मूसा (अ.स.) को दिया गया था लोगों ने उसे मान लिया था और उस का इन्कार नहीं किया गया ? मूसा (अ.स.) और हारून (अ.स.) के लिए तो यहाँ तक लोगों ने कह दिया कि यह दोनों जादूगर है एक साथ मिल कर हमको दबाना चाहते हैं और यहाँ तक कह दिया कि हम उनकी तमाम बातों के इन्कारी है।

49. आप (स.अ.व.स.) फरमा दीजिए कि अगर सच्चे हो तो इन दोनों किताबों (यानी तौरात और कुर्आन) से ज्यादा खुली हिदायत बताने वाली किताब अल्लाह के यहाँ से तुम ला सकते हो तो जरूर ले आओ मैं उसकी पैरवी करने को तैयार हूँ।

50. फिर अगर यह आपकी बात का जवाब न दे सकें तो आप (स.अ.व.स.) जान लो कि उनको अपने जी की ख़्वाहिश पर चलना है और मन मानी करना चाहते है और उस से ज़्यादा राह भूला और कौन हो सकता है जो अल्लाह की बताई हुई राह को छोड कर अपने मन घड़त रास्ते पर चले अल्लाह ऐसी ज़ालिम कौम को हिदायत नहीं देता।

51. हम तो उनके लिए लगातार अपना हिदायत नामा जारी किये हुए हैं ताकि उनको नसीहत हासिल करने में आसानी हो।

52. जो लोग इसके पहले हमसे किताब पा चुके है वह इस कुरआन पर ईमान ले आते है।

53. उनकी खूबी यह है कि जब जब उन पर हमारी आयतें पढ कर सुनाई जायें तो बोल पड़ते हैं कि हम इस पर ईमान ले आए और मान चुके यह हक है हमारे रब की तरफ से और हम इस के पहले भी इस्लाम वाले मुस्लिम थे।

54. ऐसे लोगों को उनके सब्र की वजह से दुगना बदला दिया जाएगा और उनकी खूबी यह है कि बद सुलूकी को भलाई से टाल देते है और हम ने जो कुछ रिज़्क उन्हें अता फरमाया है इस में से हमारी राह में खर्च भी करते है।

48. Yet when the truth has come to them from US, (in the form of Quran,) they say: "Why is he not given the like of what was given to Moosa? (Miracles or revelation all at once?)" Did they not disbelieve in that which was given to Moosa before? They say "Two kinds of magic (the Taurat and the Quran) each helping the other!" And they say: "We are disbelievers in all (such things)."

49. Say: "Then bring a Book from ALLAH, that is better in guidance than these two (the Taurat and the Quran), that I may follow it, if you are truthful."

50. But if they do not answer you, (can produce no such Book,) then know that they only follow their own (wishful) desires; and who is more astray than he who follows his own desires without a guidance from ALLAH? Verily ALLAH does not guide a people, (disobedient to ALLAH); unjust (to themselves). | 5 | 8 | 8 |

51. And indeed now WE have conveyed the Word (this Quran), in order that they may receive admonition.

52. Those unto whom We gave the Book before it, (among them who are just and fair minded), they believe therein (in the Holy Quran).

53. And when it is recited to them they (the people of the Scriptures), say: "We believe in it. Verily, it is the truth from our LORD. Indeed even before it we have been from those who submit (their whole being unto ALLAH Alone)."

54. These, (people of the Scriptures), shall be given their reward twice over, because they have persevered, (their belief); and they repel evil, (persecution); with good, (patience and forbearance); and spend (in charity); out of what WE have provided them.

رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝٥٤ وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا
میں خرچ بھی کرتے ہیں ۵۴ اور جب فضول باتیں سنتے ہیں تو ان سے دُور رہتے ہیں اور
عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۡ سَلٰمٌ
جواب میں بس اتنا کہہ دیتے ہیں کہ ہمارے لئے ہمارے اعمال اور تمہارے لئے تمہارے اعمال جاؤ اسی پر سلامت
عَلَيْكُمْ ۡ لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ۝٥٥ اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ
رہو نادانی کی باتوں میں اُلجھنا ہم نہیں چاہتے ۵۵ اے نبی! آپ جن کو ہدایت کی راہ پر لانا چاہیں نہیں
اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ
لاسکتے لیکن اللہ جسے چاہے گا اُسی کو ہدایت کی راہ پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے گا اور جن لوگوں کو ہدایت کی راہ پر چلنے کی
اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ۝٥٦ وَقَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ
تمنا ہے اللہ انھیں خوب جانتا ہے ۵۶ اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ اگر ہم آپ کے ساتھ ہدایت کی راہ پر چلے تو ملک میں ہم کو
نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ۭ اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا
تو نوچ ڈالا جائے گا۔ کیا ہم نے انھیں امن والے حرم میں رہنے کی جگہ نہیں دی جہاں ہر چاروں طرف سے کھنچے آتے ہیں ہر طرح
يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَ
کے پھل اور اناج کا رزق بھی برابر پہنچتا رہتا ہے ہماری طرف سے عطا کیا ہوا رزق ہے جسے فراغت سے کھاتے ہیں لیکن
لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٥٧ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ
ان کے بہت سے لوگ اس حقیقت سے بے خبر ہیں ۵۷ اور کتنی بستیاں آبادیاں ایسی تھیں جو اپنے
قَرْيَةٍ ۢ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ
گذر بسر کے سامان پر اترانے لگی تھیں۔ اب دیکھو ان کی حالت کہ ان کے اُجڑے ہوئے مکانات ہیں جن میں ان کے بعد
مِّنْ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۭ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ۝٥٨
دوسرے لوگ بہت تھوڑی مدت کے لئے رہے بسے تھے اور آخر کار وارث ہم ہی رہ گئے ۵۸
وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ
اور آپ کے رب کا یہ دستور نہیں کہ انسانی بستیوں کو بلاوجہ یوں ہی ہلاک کر ڈالے، یہاں تک کہ ان کے سدھار کے لئے وہاں
اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي
کے مرکزی مقام پر رسول بھیج کر اپنی آیات پڑھ کر سنانے کا انتظام نہ کرلے۔ اور آبادیوں کی ہلاکت کا فیصلہ ہم اسی وقت کرتے
الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ۝٥٩ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ
ہیں جب بستیوں کے رہنے والے ظلم پر کمر باندھ لیتے ہیں ۵۹ تم کو جو کچھ بھی چیزیں دی گئی ہیں اس پار کی زندگی

۵۵ جو لوگ قرآن پر ایمان لاتے ہیں انھیں مشرک اور بداخلاق سماج کے طعنے تشنے سننے پڑتے ہیں اور قوم کی قوم لڑائی پر آمادہ ہوتی ہے مگر یہ لوگ تو تو میں میں کر کے بات کو الجھاتے نہیں بلکہ صبر سے اپنے جی کو تھام لیتے ہیں اور بھلائی سے بُرائی کو ٹال کر اسلام کے لئے پُرامن ماحول بنانے کی کوشش جاری رکھتے ہیں۔

55. और जब फुजूल बातें सुनते हैं तो उनसे दूर रहते हैं और जवाब में बस इतना कह देते हैं कि हमारे लिए हमारे आमाल और तुम्हारे लिए तुम्हारे आमाल जाओ इसी पर सलामत रहो नादानी की बातों में हम उलझना नहीं चाहते।

55. And when they hear a vain discourse, they withdraw therefrom and say: "To us our deeds and to you your deeds; be you in your peace; and we do not seek the ignorant, (argument with them).

56. ऐ नबी (स.अ.व.स.) आप जिन को हिदायत पर लाना चाहें नहीं ला सकते, लेकिन अल्लाह जिसे चाहेगा उसी को सीधी राह पर चलने की तौफ़ीक अता फ़रमाएगा और जिन लोगों को सही राह पर चलने की तमन्ना है अल्लाह उन्हें खूब जानता है।

56. Verily you cannot guide whomsoever you like, but it is ALLAH Who shall guide whomsoever HE Wills. And HE knows best who are (willing to be) guided.

57. और यह लोग कहते हैं कि अगर हम आपके साथ हिदायत की राह पर चले तो मुल्क में हमको नोच डाला जाएगा क्या हमने उन्हें अमन वाले हरम में रहने की जगह नहीं दी जहाँ पर चारों तरफ़ से खिंचे आते हैं हर तरह के फल और अनाज का रिज़्क भी बराबर पहुँचता रहता है हमारी तरफ़ से दिया हुआ रिज़्क है जिसे फ़रागत से खाते हैं लेकिन उनके बहुत से लोग इस हकीकत से बेखबर हैं।

57. And they say: "Were we to follow the guidance with you, we would be snatched away from our land." Have WE not established for them an inviolable sanctuary (sacred territory of Makka) to which are brought fruits of all kinds, a provision from OUR selves? Yet most of them know not!

58. और कितनी बस्तियां आबादियां ऐसी थीं जो अपने गुज़र बसर के सामान पर इतराने लगी थीं अब देखो उनकी हालत कि उनके उजड़े हुए मकानात हैं जिन में उनके बाद भी दूसरे लोग बहुत थोड़ी मुददत के लिए रहे बसे थे और आखिरकार वारिस हम ही रह गये।

58. And how many a town (population) have WE destroyed that exulted in their living, (means of livelihood)! And those are their dwellings, which have not been inhabited after them, unless for a little while; and verily, WE have been the inheritors!

59. आप (स.अ.व.स.) के रब का यह दस्तूर नहीं कि इन्सानी बस्तियों को बिला वजह यूँ ही हलाक कर डाले यहाँ तक कि उनके सुधार के लिए वहाँ के केन्द्रीय मकाम पर रसूल भेज कर अपनी आयत पढ़ कर सुनाने का इन्तेज़ाम न कर दे और आबादियों की हलाकत का फैसला हम उसी वक़्त करते हैं जब बस्तियों के रहने वाले जुल्म पर कमर बांध लेते हैं।

59. And never will your LORD destroy the towns (populations) until HE had raised up in their mother-city a Messenger reciting to them OUR revelations. And never would WE destroy the towns unless the people thereof are unjust (wrong-doers).

فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ

کی رونق میں برتنے اور کچھ دن کے استعمال کے لئے دی گئی ہیں اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ اس سے کہیں زیادہ

خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٠﴾ اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ

بہتر اور بہت باقی رہنے والا ہے کیا تم لوگ اب بھی عقل سے کام نہ لوگے (٦٠) بھلا بتلاؤ کہ ایک آدمی تو ایسا ہے کہ جسے ہم نے

ع ٩

وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ

بہتر سے بہتر چیزیں دینے کا وعدہ کر رکھا ہے اور یہ سب کچھ اُسے مل کر رہے گا اور دوسرا آدمی ایسا ہے کہ اس پار کی زندگی میں ہم نے

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿٦١﴾

اُسے بہت تھوڑی مدت کو برتنے کے لئے کچھ سامان دیا ہے اور اُسے قیامت کے دن گرفتار کر کے اللہ کے یہاں حاضر کیا جائے گا کیا دونوں کا انجام ایک سا ہو سکتا ہے (٦١)

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَاۗءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ

اور وہ دن ایسا ہوگا کہ اللہ کے حضور ان سب کی پیشی ہوگی تب ان سے پوچھے گا کہ جن کو تم میرے شریک بنا کر ان پر بھروسہ کئے ہوئے

تَزْعُمُوْنَ ﴿٦٢﴾ قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا

تھے وہ کہاں ہیں؟ (٦٢) جن لوگوں پر ہمارے عذاب کا فیصلہ لاگو کیا جائے گا وہ چیخ کر بیچ بیچ بول پڑیں گے کہ اے ہمارے

هٰٓؤُلَاۗءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ

رب یہ تو وہی لوگ ہیں جن کو ہم نے بہکایا تھا جیسے ہم بے راہ تھے ہم نے ان کو بھی راستے سے بھٹکا دیا تھا اب ہم آپ کے

اِلَيْكَ ۡ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿٦٣﴾ وَقِيْلَ ادْعُوْا

دربار میں ان سے بری ہونے کا اعلان کرتے ہیں کہ یہ لوگ ہماری عبادت نہیں کرتے تھے (٦٣) اور اعلان کر دیا جائے گا کہ اپنے شریکوں

شُرَكَاۗءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ

کو دعا کر کے بلاؤ یہ لوگ انہیں پکاریں گے مگر کہیں سے بھی ان کو جواب نہ ملے گا اور عذاب کو اپنی آنکھوں سے دیکھ کر انہیں

لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ

بہت افسوس ہوگا کہ کاش وہ ہدایت کی راہ پر ہوتے (٦٤) اور ان کو بھولنا نہ چاہیے کہ قیامت کے دن اللہ ان سے پوچھے گا

مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٦٥﴾ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَاۗءُ

کہ بتاؤ رسولوں کی دعوت کا تم نے کیا جواب دیا تھا (٦٥) اس دن ان پر ایسا اندھیارا چھا جائے گا کہ کچھ سوجھ نہ پڑے گی

يَوْمَىِٕذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَاۗءَلُوْنَ ﴿٦٦﴾ فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَ

کہ اب کیا جواب دیں اور یہ موقع بھی ان کو نہ ملے گا کہ کسی سے پوچھ کر ٹھیک بات کہہ سکیں (٦٦) آج تو بس جو کوئی بھی گناہوں سے توبہ کرکے

اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ﴿٦٧﴾

ایمان اور نیک عمل ساتھ لایا ہوگا اُسی کو اُمید ہوگی کہ اس کا شمار کامیاب لوگوں میں ہو جائے گا (٦٧)

ف٦٣ قیامت کا دن ان لوگوں پر بڑی مصیبت کا دن ہوگا جو دنیا میں اللہ کے شریک بنا کر کسی کو حاجت روا کسی کو مشکل کشا کسی کو فریاد سننے والا یا غوث کہہ کر پکارا کرتے تھے۔ آج واقعی مصیبت کا وقت ہے اور مددگاروں کی سخت ضرورت درپیش ہے اس لئے ان سے کہا جائے گا کہ آج بہت مصیبت کا دن ہے اور اپنے اپنے شریکوں کو دعا میں یاد کرو شاید کوئی ایک آجائے تم کو اس مصیبت سے چھٹکارا دلا دے، مارے دہشت کے ان کی عقلیں جواب دے چکی ہوں گی بیچارے دعا کریں گے مگر ادھر کوئی شریک موجود ہی نہ ہوگا جو ان کی مدد کو دوڑے نیک لوگ ہوں گے وہ تو جنت میں جا چکے ہوں گے باقی سب کو اپنی اپنی پڑی ہوگی۔ وہاں پہنچ کر معلوم ہو جائے گا کہ ایمان اور عمل صالح کے سوا اور کسی طرح کے بچاؤ کی کوئی شکل یہاں نظر نہیں آتی اور اسی کی اطلاع اللہ کے پیغمبروں نے ان کو دنیا میں دے دی تھی مگر یہ لوگ ضد میں شرک چھوڑنے کو تیار نہ ہوئے اور اصل خالص توحید کی طرف رخ کرنے کو برا مانتے تھے اب پتہ چلا کہ سچی بات کون سی تھی۔

60. तुमको जो कुछ भी चीज़ें दी गई हैं इस पार की ज़िन्दगी की रौनक़ में बरतने और कुछ दिन के इस्तेमाल के लिये दी गई हैं और जो कुछ अल्लाह के पास है वह इस से कहीं ज़्यादा बेहतर और बहुत बाक़ी रहने वाला है क्या तुम लोग अब भी अक़्ल से काम न लोगे।

60. And whatever you have been given is an enjoyment of the life of (this) world, (bound to perish with the life of this world), and its adornment; and that which is with ALLAH, (merits of your deeds), is better and will remain forever. Will you not then reflect?

| 6 | 10 | 9 |

61. भला बताओ कि एक आदमी तो ऐसा है कि जिसे हम ने बेहतर से बेहतर चीज़ें देने का वादा कर रखा है और यह सब कुछ उसे मिल कर रहेगा और दूसरा आदमी ऐसा है कि इस पार की ज़िन्दगी में हमने उसे बहुत थोड़ी मुद्दत को बरतने के लिए कुछ सामान दिया है और उसे क़ियामत के दिन गिरफ़्तार कर के अल्लाह के यहाँ हाज़िर किया जाएगा, क्या इन दोनों का अंजाम बराबर हो सकता है ?

61. Is he, then whom WE have promised an excellent promise (Paradise), which he will find true, be like him, whom WE have allowed the enjoyment of this world awhile, then on the Day of Resurrection he shall be of those who are brought up (and arraigned, to be punished)?

62. और वह दिन ऐसा होगा कि अल्लाह के हुज़ूर उन सब की पेशी होगी तब उनसे पूछेगा कि जिनको तुम मेरे साझीदार बना कर उन पर भरोसा किये हुए थे वह कहाँ हैं ?

62. And (remember) the Day, when HE will call them and say: "Where are MY (so-called) partners (in divinity) whom you used to assert?"

63. जिन लोगों पर हमारे अज़ाब का फ़ैसला लागू किया जायेगा वह चीख़ कर सच सच बोल पड़ेंगे कि ऐ हमारे रब यह तो वही लोग हैं जिन को हम ने बहकाया था जैसे हम बे राह थे हम ने इनको भी रास्ते से भटका दिया था अब हम आपके दरबार में उनसे बरी होने का एलान करते हैं कि वह लोग हमारी इबादत नहीं करते थे।

63. Those about whom the Word will have come true (to be punished) will say: "Our LORD! These are they whom we led astray. We led them astray, as we were astray ourselves (without any compulsion from any side, but self submission to temptation). We declare ourselves quit of them before YOU. It was not us that they worshipped."

64. और एलान कर दिया जायेगा कि अपने शरीकों को दुआ कर के बुला लो यह लोग इन्हें पुकारेंगे मगर कहीं से भी उनको जवाब न मिलेगा और अज़ाब को अपनी आँखों से देख कर उन्हें बहुत अफ़सोस होगा कि काश यह हिदायत पर होते।

64. And it will be said (to them): "Call upon your (so-called) partners (of ALLAH)," and they will call upon them, but they shall not be answered, and they shall see the torment. (They will then wish) Would that they had received the guidance!

65. और इनको भूलना न चाहिए कि क़ियामत के दिन अल्लाह उन से ज़रूर पूछेगा कि बताओ रसूलों की दावत का तुम ने क्या जवाब दिया था।

65. And on the Day when HE (ALLAH) will call unto them and ask: "What answer did you give to the Messengers?"

66. उस दिन उन पर ऐसा अंधियारा छा जायेगा कि कुछ सूझ न पड़ेगी कि अब क्या जवाब दें और यह मौक़ा भी उनको न मिलेगा कि किसी से पूछ कर ठीक बात कह सकें।

66. They shall not be able to return any answer at all on that Day and they will not be (even) able to ask one another.

67. आज तो बस जो कोई भी गुनाहों से तौबा कर के ईमान और नेक अमल साथ लाया होगा उसी को उम्मीद होगी कि उस का शुमार कामयाब लोगों में हो जायेगा।

67. But as for him who repented, and believed, and did righteous deeds (may aspire) perchance, he will be among those who are successful.

وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ ۗ مَا كَانَ لَهُمُ
آپ کا رب جسے چاہے جب چاہے پیدا کرے وہی مختار ہے، ان میں سے کسی کو اللہ نے اختیار نہیں
الْخِيَرَةُ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۸﴾
دیا۔ اللہ ہر عیب سے پاک ہے اور بلند و اعلیٰ ہے اس شرک سے جس میں یہ لوگ مبتلا ہیں ﴿۶۸﴾
وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۶۹﴾
ان کے سینوں کے اندر چھپی بات تیرے رب کو معلوم ہے اور کھلے طور پر جو کچھ یہ کر رہے ہیں اللہ کو یہ بھی معلوم ہے ﴿۶۹﴾
وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۗ لَهُ الْحَمْدُ فِي الْاُوْلٰى وَ
وہی اللہ ہے اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اول آخر تعریف صرف اسی اکیلے کی ہے حکم بھی اسی
الْاٰخِرَةِ ۡ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۷۰﴾ قُلْ
کا چلتا ہے اور تم سب اسی کی طرف پلٹا کر واپس کئے جاؤ گے ﴿۷۰﴾ ان سے کہو
اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ
کہ بھلا تم نے کبھی غور کیا کہ اگر اللہ تعالیٰ تم پر قیامت تک ہمیشہ رات ہی رات رہنے دے تو اللہ کے سوا وہ کون طاقتور
الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ۭ اَفَلَا
حاکم ہے جو تم پر روشنی ڈالنے کے لئے صرف ایک یا دن کو جاری کر سکے۔ کیا اس دلیل کو بھی کان کھول کر نہیں
تَسْمَعُوْنَ ﴿۷۱﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ
سنو گے؟ ﴿۷۱﴾ آپ ان سے یہ بھی کہہ دو کہ اگر اللہ تعالیٰ تم پر قیامت تک دن رکھے تو
النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ
اللہ کے سوا وہ کون معبود ہے جو تمہاری تھکان دور کرنے اور آرام پہنچانے کے لئے صرف ایک
يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ۭ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۷۲﴾
رات لا سکے۔ ایسی کھلی دلیل سے بھی انہیں دکھائی نہیں دیتا کہ حق کیا ہے ﴿۷۲﴾
وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا
یہ سب اسی کی رحمت کا کرشمہ ہے کہ تمہارے لئے رات اور دن کو سلسلہ وار جاری فرمایا تاکہ رات میں آرام پا سکو اور دن
فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾
میں اللہ کے فضل سے روزی کی تلاش میں چل پھر سکو اور اس کی ایسی جاری نعمت پر اس کے شکر گزار بنے رہو ﴿۷۳﴾
وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ
اور جس دن اللہ ان کو طلب فرما کر پوچھے گا کہ میرے وہ شریک کہاں ہیں جن کے بارے میں تم بڑے

ف ۶۸ اصل مالک ہو کر اختیار اپنی مخلوق کو دے یہ نقص ہے اس لئے فرمایا کہ پاک اور بلند ہے ان کے شرک سے۔ جب پیدا کرنے یا پیدا ہونے کا اختیار کسی کو نہیں دیا تو پھر دوسری کسی بات کا اختیار کسی کو کیسے مل سکتا ہے۔

ف ۶۹ ان کے جی میں چھپی اصل بات یہ تھی کہ جس طرح دنیا کے بادشاہ کے پاس پہنچنے کو درباری سفارشی چاہیئے اور افسر تک پہنچنے کو نچلی سطح کا کارکن سہارا بنتا ہے ویسے ہی اللہ کے یہاں ان کے کام یہ لوگ کر دیں گے جو اللہ کے یہاں مختار ہیں وہاں پہنچے تو معلوم ہوا کہ اصل مختار صرف اللہ ہے باقی سب کے سب بندے ہی نکلے۔ آج کے ہندوستانی مسلمان بھی مشرکوں کے ساتھ رہتے بستے ایسی باتوں کی نسبت اللہ کے نیک بندوں سے کر کے قبر پرست ہو گئے اور اپنا عقیدہ خراب کرتے ہیں اور ان کو بڑا گھمنڈ ہے کہ بخشش صرف انھیں کی ہوگی اور باقی سب وہابی ایسے جو دوزخ میں جائیں گے ایسی خیالی باتوں سے آخرت کی اصل حقیقت کا کچھ بھی تعلق نہیں وہاں جو کچھ ہوگا اور جس طرح ہوگا قرآن میں صاف صاف بیان کر دیا گیا ہے۔

ف ۷۰ یعنی یہاں تھے نہیں بھیجے گئے ہو۔ رہو گے نہیں بلکہ یہاں سے واپس لوٹ کر اسی کے حضور سب کو حاضر ہونا لازمی ہے۔

68. आप का रब जिसे चाहे जब चाहे पैदा कर दे वही मुखतार है इन में से किसी को अल्लाह ने इख्तियार नहीं दिया अल्लाह हर ऐब से पाक है और बुलन्द व आला है उस शिर्क से जिस में यह लोग मुबतला हैं।	68. And your LORD creates whatsoever HE wills and chooses; no choice have they, (the created beings), in any matter (in regard to HIS Laws). Glorified be ALLAH, and Exalted above all that they associate as partners (with HIM).
